الحمد لله اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسوله الشفیق اما بعد فاعوذ بالله من الشیطٰن الرجیم بسم الله الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم و علی الك و اصحابك یا حبیب الله صلی اللہ علیہ وسلم

شفیقیه

شرح

الاربعین النوویه

اس کتاب میں ہے

☆...مترجم کا تعارف ☆...مصنف کا تعارف ☆...عبارت مع اعراب

☆... سلیس اردو ترجمہ ☆...راویوں کے حالات ☆... حلِ لغات

☆... تشریح

مصنف: شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

مترجم: محمد شفیق عطاری المدنی فتحپوری

مصنف	شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ الرحمۃ)
مترجم	مولانا محمد شفیق العطاری المدنی فتحپوری
تصحیح	مولانا شانِ الٰہی العطاری المدنی دہلوی
کمپوزنگ	مولانا محمد شفیق العطاری المدنی فتحپوری
نظرِ ثانی	
بارِ اوّل	
ناشر	مکتبہ فیضانِ رضا (آگرہ یوپی الہند)
صفحات	
قیمت	

ملنے کے پتے: (۱)۔

(۲)

فہرست

مترجم ایک نظر میں

نام	:	محمد شفیق العطاری المدنی فتحپوری
ولادت	:	۱۰جون ۱۹۸۶
وطن	:	قصبہ للولی ضلع ہسوا فتحپور صوبہ یوپی الہند
تکمیلِ فضیلت	:	۲۰۱۴ جامعۃ المدینہ فیضانِ عطار نیپال گنج نیپال
مشغلہ	:	استاذ جامعۃ المدینہ فیضانِ صدیقِ اکبر آگرہ

تعارفِ مترجم

نام محمد شفیق خان، والد کا نام محمد شریف خان ہے، سلسلۂ قادریہ رضویہ عطاریہ میں شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ سے ۲۰۰۴ء میں بیعت ہونے کی وجہ سے اپنے نام کے ساتھ عطاری لکھتے ہیں، آپ کی ولادت قصبہ لَلَوْلِیْ ضلع فتح پور ہنسوا صوبہ یوپی ہند میں ہوئی، آپ کی تاریخِ پیدائش ۱۰جون ۱۹۸۶ء ہے۔

مولانا نے ابتداءً ہندی انگلش کی تعلیم حاصل کر کے سن ۲۰۰۰ء میں AC کا کام سیکھنے اور کرنے کے لئے بمبئی چلے گئے تھے اور وہاں پر ۴ سال قیام کیا پھر ۲۰۰۴ء میں اپنے وطن لوٹے، اور وطن میں ہی دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول ملا، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے کے بعد مختلف کورسز کئے اور ۲۰۰۶ء میں اپنے ہی علاقہ کے دار العلوم بنام جامعہ عربیہ گلشنِ معصوم قصبہ للولی میں قاری اقبال احمد عطاری سے قرآنِ پاک ناظرہ اور حضرت مولانا عتیق الرحمٰن مصباحی سے درسِ نظامی کے درجۂ اولی اور کچھ درجۂ ثانیہ کی کتابیں پڑھی، اس کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے چریاکوٹ ضلع مؤ تشریف لے گئے اور وہاں درجۂ ثانیہ مکمل کرنے کے بعد اہلسنت کے عظیم علمی ادارے الجامعۃ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ میں

مطلوبہ درجۂ ثالثہ کا ٹسٹ دیا اور بفضلہ تعالی کامیاب ہونے کے بعد درجۂ ثالثہ وہیں پڑھی، پھر درجۂ رابعہ دار العلوم غوثیہ (جو ضلع اعظم گڑھ کے گاؤں سَریّا میں واقع ہے)میں مکمل کی پھر اس کے بعد دعوتِ اسلامی کے جامعۃ المدینہ فیضانِ عطار نیپال گنج، نیپال میں داخلہ لیا اور درجۂ خامسہ سے دورۂ حدیث تک کی تعلیم وہیں مکمل فرمائی، ۲۰۱۴ء میں فراغت کے بعد تدریس کے لئے دعوتِ اسلامی کے جامعۃ المدینہ فیضانِ صدیقِ اکبر آگرہ تشریف لے گئے اور ایک سال وہاں تدریس فرمائی، پھر مزید تدریس کے لئے دعوتِ اسلامی کے مدنی مرکز کے حکم پر بنگلہ دیس کے دار الحکومت ڈھاکہ کے جامعۃ المدینہ تشریف لے گئے، اور وہیں پر دعوتِ اسلامی کے جامعات کے درجۂ ثانیہ میں چلنے والی علمِ صرف کی کتاب بنام مراح الارواح کی اردو شرح بنام **شفیق المصباح** اور درجۂ رابعہ میں چلنے والی علمِ نحو کی کتاب بنام شرح جامی کی اردو شرح **الشفیق النعمانی** تصنیف فرمائی۔

اس کے بعد پھر جامعۃ المدینہ فیضانِ صدیقِ اکبر آگرہ تشریف لا کر درجۂ ثانیہ میں چلنے والی حدیث کی کتاب بنام الاربعین النوویہ کی اردو شرح **شفیقیه**، درجۂ اولی اور ثانیہ میں چلنے والی عربی ادب کی کتاب بنام نصاب الادب کی اردو شرح **شفیق الادب**، درجۂ اولی میں چلنے والی علمِ نحو کی کتاب بنام خلاصۃ النحو کی اردو شرح **شفیق النحو**، ابتدائی طلبہ کے لئے عربی میں مضبوطی کے لئے عربی عبارت کا ترجمہ کرنے کا طریقہ اور عربی بولنے اور لکھنے کا طریقہ تحریر فرمائی، مزید عوام الناس کے لئے غفلت اڑا کر فکرِ آخرت پیدا کرنے والے واقعات کا مجموعہ بنام **مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ**، نصیحت اموز واقیات پر مشتمل کتاب بنام **کَیْفَ اَصْبَحْتَ**، اور مقررین و واعظین کے لئے دلچسپ اور مدلل خطابات پر مشتمل کتاب **خطباتِ شفیقیه**، درجۂ رابعہ میں داخل علمِ منطق کی کتاب بنام شرح تہذیب کی اردو شرح **شفیق**

التر غیب، حکمتوں پر مشتمل کتاب **اسلامی احکامات کی حکمتیں** پانچ حصے، دینی و دنیوی امور کی حکمتوں پر مشتمل کتاب **ایسا کیوں؟**، تحریر فرمائی۔

اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ موصوف کو بے بہا برکات و ثمرات سے نوازے اور اس کارہائے نمایہ کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا کر کے موصوف کے لئے توشۂ آخرت بنائے آمین بجاہ النبی الامین ﷺ۔

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کا تعارُف

نام ونسب:

کنیت: اَبُوزَکَرِیَّا۔ لَقَب: مُحی الدّین۔ نام: یحییٰ بن شَرَف بن مُرِی بن حسن بن حسین بن حِزَام بن محمد بن جُمعہ الحِزامی نَوَوِی حَوْرانی شافعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی۔

وِلادت باسعادت وپرورش:

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کی ولادت باسعادت مُحَرَّمُ الحَرَام کے درمیانی عشرے میں ۶۳۱ ہجری میں دِمَشْق کے ایک علاقے حَوْرَان سے متصل ایک بستی نَوٰی میں ہوئی۔ اسی وجہ سے آپ نَوَوِی کہلائے آپ کے آباءواَجداد حِزَام سے ہجرت کر کے یہاں آباد ہوگئے تھے۔

تعلیم وتربیت:

شیخ یاسین یوسف مَرَّاکُشِیُ عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میں نے پہلی مرتبہ یَحْیٰی بِنْ شَرَف نَوَوِی کو اس وقت دیکھا جب وہ تقریباً دس برس کے تھے۔ بچے انہیں اپنے ساتھ کھیلنے کے لئے بُلا رہے تھے لیکن وہ کھیلنے کو تیار نہ تھے۔ جب بچوں نے زبردستی کی تو وہ روتے ہوئے قرآن پڑھنے لگے۔ میں نے یہ حالت دیکھی تو ان کے استاد سے ملاقات کی اور کہا: اس بچے پر خصوصی توجہ دیجئے! امید ہے کہ یہ اپنے زمانے کا سب سے بڑا عالم وزاہد بنے گا اور لوگ اس سے فیضیاب ہونگے۔ یہ سن کر استاد نے کہا: کیا تم نجومی ہو؟(جو آیندہ کی خبر دے رہے ہو) میں نے کہا: میں نجومی نہیں ہوں بلکہ جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھ سے کہلوایا میں نے وہی کہا ہے۔ اس کے بعد استاد ان کے والد صاحب سے ملے اور انہیں (امام) نووی کے متعلق بتایا تو انہوں نے اپنے فرزند کی تعلیم وتربیت پر خاص توجہ دی۔ اوراس بات کی شدید حرص کی کہ میرا بیٹا بالغ ہونے سے پہلے پہلے قرآن کریم ناظرہ ختم کرلے اور پھر واقعی امام نووی نے بالغ ہونے سے پہلے ہی ناظرہ قرآن پاک ختم کرلیا۔

راہِ علم میں مشقتیں:

آپ 659ہجری میں دِمشق آئے اور یہاں شافعی مذہب کی کتاب (تَنْبِیْہ) ساڑھے چار ماہ میں حفظ کرلی اور شافعی مذہب کے بقیہ مسائل کی کتب اسی سال کے بقیہ حصہ میں پڑھیں۔ آپ دن رات میں مختلف علوم وفنون کے بارہ(۱۲) اسباق مختلف اساتذہ سے اچھی طرح سمجھ کر پڑھتے۔ زمانہ طالب علمی میں اس قدر مشقت برداشت کی کہ دو سال تک آرام کے لئے پہلو زمین پر نہ لگایا۔

زُہد و تقویٰ:

آپ صرف ایک مرتبہ عشاء کے بعد تھوڑا سا کھانا کھاتے اور سحری کے وقت صرف پانی پیتے۔ برف کا ٹھنڈا پانی نہ پیتے حالانکہ وہاں کے لوگوں میں اس کا عام رواج تھا۔ آپ نے بالکل سادہ زندگی گزاری، بہت سادہ موٹا لباس پہنتے۔ دمشق کے پھل کبھی نہ کھاتے، جب وجہ پوچھی گئی تو فرمایا کہ یہاں کے اکثر باغات اوقاف اور ان اَملاک سے متعلق ہیں جن میں ہر کسی کو تصرف کی اجازت نہیں ہوتی اور یہ پھل شبہ سے خالی نہیں ہوتے پھر میرا دل کیسے گوارہ کر سکتا ہے کہ میں انہیں کھاؤں۔

عَلَّامَہ رَشِیْدُالدِّیْن حَنَفِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: جب میں نے امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کو دیکھا کہ دُنیوی آسائشوں سے بالکل دور رہتے اور انتہائی سخت مُجَاہَدَات کرتے ہیں تو میں نے ان سے کہا: مجھے خوف ہے کہ کہیں آپ ایسی بیماری میں مبتلا نہ ہو جائیں جو آپ کو دینی خدمات سے روک دے۔ آپ نے فرمایا: فلاں شخص نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اتنی عبادت کی کہ اس کی ہڈیاں خشک ہو گئیں۔ یہ سن کر میں سمجھ گیا کہ انہیں ہماری دنیا سے کوئی غرض نہیں۔ اِنہیں اِن کے حال پر چھوڑ دینا چاہیے۔ جب آپ کے پاس کوئی اَمْرَد (خوبصورت لڑکا) پڑھنے کے لئے آتا تو آپ منع کر دیتے۔ (تہذیب الاسماء ا۔۱۴)

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تین ایسی عظیم خوبیاں عطا فرمائی تھیں کہ اگر اُن میں سے کوئی ایک خوبی بھی کسی میں پائی جائے تو وہ اس لائق ہو کہ دور دراز سے سفر کر کے اس کی زیارت کی جائے۔

(۱) علم و عمل (۲) زُہد و تقویٰ (۳) اَمْرٌ بِالْمَعْرُوف ونَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر (یعنی نیکی کی دعوت دینا اور برائیوں سے منع کرنا)۔

آپ حصولِ علم میں مشغولیت کے ساتھ ساتھ نوافل، مسلسل روزے، زُہد ووَرَع، عبادت وریاضت میں اپنے استاد کی پیروی کرتے، استاد کے وصال کے بعد عبادت وریاضت میں آپ کا اِشْتِغَال مزید بڑھ گیا تھا۔

خوفِ خدا:

اَبُوعَبْدِاللّٰه بِنْ اَبُوالْفَتْح حَنْبَلِی عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے جامعِ دمشق میں امام نَوَوِی عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْقَوِی کو ایک ستون کے پیچھے اندھیرے میں انتہائی خشوع سے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا آپ پر غَم و حُزن کی کیفت طاری تھی اور بار بار یہ آیتِ کریمہ پڑھ رہے تھے۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ (پ۲۳، الصّٰفّٰت:۲۴) ترجمۂ کنز الایمان: اور انہیں ٹھہراؤ، اُن سے پوچھنا ہے۔

ان کی درد بھری آواز میں قرآن کریم کی تلاوت سن کر مجھے ایسی روحانیت نصیب ہوئی کہ جسے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہی بہتر جانتا ہے۔

عاجزی واِنکساری:

آپ کی طبیعت میں عاجزی واِنکساری تھی۔ حُبِّ جاہ سے خوب بچتے تھے۔ آپ نے اپنے شاگردوں سے کہہ رکھا تھا کہ سب ایک ساتھ مل کر میرے پاس نہ آیا کرو کہیں طلباء کی کثرت کی وجہ سے میں حُبِّ جاہ میں مبتلا نہ ہو جاؤں کیونکہ نفس تو لوگوں کے ہجوم سے خوش ہوتا ہے۔

لوگ بادشاہوں سے ملنا اپنے لئے بہت بڑا انعام سمجھتے ہیں۔ لیکن آپ اُمراء وحُکّام سے ہمیشہ دور رہتے۔ ایک مرتبہ آپ صحنِ مسجد میں درس دے رہے تھے اتنے میں اطلاع ملی کہ بادشاہ مسجد میں نماز کے لئے آرہا ہے آپ فوراً درس موقوف کر کے وہاں سے چلے گئے اور پھر پورا دن اس مسجد میں نہ آئے تاکہ بادشاہ سے ملاقات نہ کرنی پڑے۔

تختِ سکندری پر وہ تھوکتے نہیں ہیں بستر لگاہوا ہے جن کا تری گلی میں

علم طِب کیوں چھوڑا؟

اِمام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایک مرتبہ مجھے علمِ طِبّ کا شوق ہوا چنانچہ، میں نے اَلْقَانُوْن فِی الطِّب کتاب خریدی اور ارادہ کر لیا کہ اس علم میں خوب کوشش کرونگا۔ بس اسی دن سے میرے دل پر تاریکی چھا گئی اور کئی دن تک میری یہ حالت رہی کہ کسی بھی چیز میں دل جمعی نصیب نہ ہوتی۔ میں اس صورتِ حال سے بہت پریشان ہوا اور سوچنے لگا کہ میری یہ حالت کس وجہ سے ہوئی ہے؟ پھر مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اِلہام ہوا کہ اس کا سبب مُرَوَّجَہ علم طِب میں تیری بے جا مشغولیت ہے پس میں نے فوراً وہ کتاب فروخت کر دی اور اپنے گھر سے ہر وہ چیز نکال دی جس کا تعلق طب سے تھا۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا کرم ہوا کہ میرا دل روشن ہو گیا اور میری پہلی والی کیفیت لوٹ آئی۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اِبلیس لعین کا حملہ:

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایک مرتبہ مجھے بخار تھا اور میں اپنے والدین و دیگر احباب کے ساتھ سویا ہوا تھا۔ رات کے پچھلے پہر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے شفا عطا فرمائی تو میں اپنے آپ کو پُر سکون محسوس کرنے لگا۔ پھر میں ذکرِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ میں مصروف ہو گیا، کبھی کبھی میری آواز کچھ بلند ہو جاتی تھی۔ اتنے میں میں نے ایک خوبصورت بزرگ کو حوض پر وضو کرتے دیکھا وضو سے فراغت کے بعد وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا: میرے بچے! تو ذکرِ الٰہی موقوف کر دے کیونکہ اس طرح تیرے والدین اور دیگر گھر والوں کو تکلیف ہو گی۔ میں نے کہا: اے شیخ! تو کون ہے؟ کہا: اس بات کو چھوڑ کہ میں کون ہوں؟ بس میں تیرا خیر خواہ ہوں۔ یہ سن کر میرے دل میں یہ بات آئی کہ یہ ضرور ابلیس لعین ہے۔ میں نے اَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھی اور پھر بلند آواز سے ذکر کرنے لگا۔ اب ابلیس لعین مجھ سے دور ہوا اور دروازے کی

طرف چلا گیا۔ اتنے میں میرے والدِ محترم اور دوسرے لوگ جاگ گئے۔ میں دروازے کی طرف گیا تو اسے بند پایا، ہر طرف دیکھا لیکن مجھے وہاں کوئی نظر نہ آیا۔ میرے والد صاحب نے پوچھا: اے یحییٰ، میرے بچے! کیا ہوا؟ میں نے صورتِ حال بتائی تو سب کو تعجب ہوا۔ اور پھر ہم سب مل کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرنے لگے
۔

وقت کی قدر:

وقت کے قدر دان کبھی بھی اپنا وقت ضائع نہیں کرتے۔ امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کبھی بھی اپنا وقت ضائع نہ کرتے تھے نہ دن میں نہ رات میں حتی کہ راستے میں آتے جاتے ہوئے بھی کسی کتاب کا مطالعہ یا تکرار جاری رکھتے۔ اس طرح آپ نے کئی سال تحصیلِ علم میں گزارے۔ آپ نے اوقات کی تقسیم بندی کی ہوئی تھی۔ تمام وقت خیر کے کاموں میں ہی صرف ہوتا تھا۔ تصنیف و تالیف، تدریس، نوافل، تلاوتِ قرآن ،اُمورِ آخرت میں غور وفکر، اور اَمْرٌ بِالْمَعروف و نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر (یعنی نیکی کی دعوت دینے اور برائیوں سے منع کرنے) کے لئے آپ کے اوقات مقرر تھے۔

وُسعتِ مطالعہ:

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کے کثرتِ مطالعہ کا اندازہ اس واقعہ سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ علامہ کمال رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ﴿اَلْبَدْرُ السَّافِر وَتُحْفَۃُ الْمُسَافِر﴾ میں فرماتے ہیں: ایک مرتبہ امام غزالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوالِی کی مشہور کتاب اَلْوَسِیْط میں کسی مسئلے پر امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے میرا اختلاف ہوا تو آپ نے مجھ سے فرمایا: کیا تم مجھ سے اس کتاب کے مسئلے میں جھگڑتے ہو جس کا میں نے چار سو مرتبہ مطالَعہ کیا ہے !

نامی کوئی بغیر مشقت نہیں ہوا
سو بار کٹا جب عقیق تب نگیں ہوا

آپ نے علمِ فقہ ابو ابراہیم اسحاق بن احمد بن عثمان مَغْرِبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللهِ الْقَوِی سے حاصل کیا آپ ان کا بہت زیادہ ادب واحترام کرتے۔ انہیں وضو وطہارت کے لئے پانی بھر کر دیا کرتے۔ آپ ان سے جو کتب پڑھتے زمانۂ طالب علمی میں ہی ان کی شرح لکھتے اور مشکل مقامات حل کرتے۔ جب استاد نے آپ کی علمی کوششیں اور دنیا سے بے رغبتی دیکھی تو آپ پر خصوصی شفقت فرمائی اور آپ کو اپنے حلقے کا مُعِیْدُالدَّرْس بنالیا۔ یعنی آپ استاد سے پڑھا ہوا سبق حلقے میں دُہرایا کرتے۔

امام نووی کی چند مشہور کُتُب:

① ریاض الصالحین② کتاب الاذکار③ شرح البخاری④ المنهاج شرح صحیح مسلم ⑤نکت التنبیه⑥الایضاح فی مناسك الحج⑦التبیان فی آداب حملة القرآن⑧ تحفة الطالب النبیه⑨تنقیح شرح الوسیط⑩نکت علی الوسیط⑪ التحقیق⑫مهمات الاحکام⑬ العمدة فی تسهیل التنبیه⑭التحریر فی لغات التنبیه⑮المنتخب⑯دقائق الروضة⑰طبقات الشافعیه⑱ مختصر الترمذی⑲قسمة القناعة⑳ مناقب الشافعی㉑ التقریب فی علم الحدیث㉒املاء حدیث انما الاعمال بالنیات㉓مختصر مبهمات الخطیب㉔ شرح سنن ابی داؤد㉕ رؤوس المسائل㉖الاصول والضوابط㉗الاربعین㉘مختصر التنبیه㉙المسائل المنثوره ㉚نکت المهذب㉛المنهاج مختصر المحرر㉜مختصر التبیان㉝جزء فی الاستسقاء㉞ بستان العارفین (لم یتم) ㉟تهذیب الاسماء واللغات㊱الخلاصة فی الحدیث ㊲الارشاد㊳المجموع شرح المهذب㊴جزء فی القیام لاهل الفضل ۔

بیماری پر صبر:

جب آپ اپنے والد صاحب کے ساتھ حج کے لئے حَرَمَیْن طَیِّبَیْن روانہ ہوئے تو آپ کو بخار آگیا جو عَرَفَہ تک جاری رہا لیکن اس شدید تکلیف کے باوجود آپ نے کبھی بھی بے صبری کا مظاہرہ نہ کیا۔ زیارتِ حَرَمَیْن

طَیِّبِیْن کے بعد جب آپ دِمَشْق آئے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ پر علم کی برسات فرمادی آپ کو دو مرتبہ حج کی سعادت نصیب ہوئی۔

تعظیمِ اولیا:

امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کا ذکر نہایت ادب واحترام اور تعظیم کے ساتھ کرتے اور ان کے فضائل ومناقب بیان فرماتے۔

متعلقین کے لئے خوشخبری:

ایک مرتبہ امام نووی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے رُفَقاء نے آپ سے عرض کی: بروزِ قیامت ہمیں بھول نہ جانا۔ آپ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے وہاں کوئی مقام ومرتبہ عطا فرمایا تو میں اس وقت تک جنت میں نا جاؤں گا جب تک اپنے جاننے والوں کو جنت میں داخل نہ کروالوں۔

باادب بانصیب:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے شیخ حضرتِ سَیِّدُنا کمال اِرْبِلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے ایک بار اپنے ساتھ کھانے کیلئے بلایا تو آپ نے عرض کی: یَا سَیِّدِی! میری معذرت قبول فرمایئے کیونکہ میرے ساتھ ایک عذر ہے۔ شیخ نے معذرت قبول فرمالی۔ بعد میں کسی نے پوچھا کہ آپ کے ساتھ کیا عُذر تھا۔ فرمایا: مجھے خوف تھا کہ کھانے کے دوران شیخ کسی لقمے کو کھانے کا ارادہ فرمائیں اور لاعلمی میں، میں اسے کھا جاؤں۔ (اور یوں مجھ سے بے ادبی صادر ہو جائے) (لواقح الانوار القدسیۃ فی بیان العھود المحمدیۃ ص۲۱)

ایک مرتبہ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ سے کسی مالکی شخص نے بحث کی اور سختی سے پیش آیا مگر آپ نے کوئی جوابی کاروائی نہ کی۔ جب کسی نے وجہ پوچھی تو فرمایا: اس کے امام میرے امام کے شیخ ہیں اس لئے اس کے ساتھ ادب سے پیش آنا اس کے امام کے ساتھ ادب سے پیش آنے کی مانند ہے۔ (المنن الکبریٰ ۲۷۶)

اِمام نووی کی کرامات:

آپ کے والدِ محترم حضرتِ سَیِّدُنا شَرَف بن مُرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میرے بیٹے کی عمر تقریباً سات سال تھی رمضانُ المبارَک کی ستائیسویں شب وہ میرے ساتھ سویا ہوا تھا کہ اچانک اٹھ بیٹھا اور مجھے جگا کر کہا: اے میرے والد محترم! یہ نور کیسا ہے جس نے پورے گھر کو روشن کر دیا ہے؟ آواز سن کر سب گھر والے جاگ گئے لیکن ہم میں سے کسی کو بھی کوئی روشنی نظر نہ آئی۔ میں سمجھ گیا آج شبِ قدر ہے۔ (اور میرے بیٹے پر اس کی نشانی ظاہر ہو گئی ہے)۔

انوکھے درندے:

ملکِ شام کے گورنر نے جامع اُمَوِی کے خزانے میں رکھی ہوئی کتابیں بِلادِ عجم میں منتقل کرنے کا ارادہ کیا تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اسے سختی سے منع فرمایا۔ گورنر کو غصہ آ گیا اور اس نے آپ کو پکڑنا چاہا۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اس کے فرش پر درندوں کی بنی ہوئی تصویروں کی طرف اشارہ کیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قدرت سے ان تصویروں نے اصلی درندوں کا روپ دھار لیا اور وہ انوکھے درندے گورنر پر حملے کے لئے تیار ہو گئے یہ دیکھ کر گورنر اور اس کے ساتھی وہاں سے بھاگ گئے پھر اس گورنر نے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے معافی مانگی اور قدم بوسی کی۔ (المنن الکبری، ص۱۶۱)

مرض جاتا رہا:

شَیْخ وَلِیُ الدِّیْن اَبُوالْحَسَن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ میں نِقْرِس (یعنی پاؤں کے جوڑوں میں درد) کے مرض میں مبتلا ہوا تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ میری عیادت کے لئے تشریف لائے اور صبر کی تلقین کرنے لگے۔ جیسے جیسے وہ صبر کے متعلق بیان فرما رہے تھے میرا مرض دور ہو رہا تھا یہاں تک کہ درد بالکل ختم ہو گیا۔ میں سمجھ گیا کہ یہ امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کی برکت سے ہوا ہے۔

راتوں رات رَوَاحِیَہ سے مکہ مکرمہ:

مُدَرَسہ رَوَاحِیَہ کے بَوّاب (چوکیدار) کا بیان ہے کہ ایک رات میں نے امام نَوَوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کو مدرسے سے باہر جاتے ہوئے دیکھا تو میں بھی ان کے پیچھے چل دیا۔ جب آپ دروازے کے قریب پہنچے تو دروازہ بغیر چابی کے خود بخود کھل گیا اور آپ باہر تشریف لے گئے۔ میں بھی آپ کے پیچھے چلتا رہا۔ کچھ ہی دیر میں ہم مکۂ مکرمہ پہنچ گئے۔ آپ نے طواف و سعی کی، پھر دوبارہ طواف کیا اور واپس چل دیئے میں بھی آپ کے پیچھے چلتا رہا اور کچھ ہی دیر میں ہم رَوَاحِیَہ پہنچ گئے۔

دل کی بات جان لی:

شَیْخ اَبُوالْقَاسِم مِزّی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ مِزّہ میں بہت سارے جھنڈے لہرائے جارہے ہیں اور خوشی کا سماں ہے۔ میرے پوچھنے پر بتایا گیا کہ آج رات یَحْیٰ بِن شَرَف نَوَوِی کو قطب بنایا جائیگا۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ یَحْیٰ نَوَوِی کون ہیں اور نہ ہی میں نے کبھی یہ نام سنا تھا۔ چنانچہ، میں ان کی تلاش میں دِمَشْق پہنچا وہاں جاکر معلوم ہوا کہ یَحْیٰ بِن شَرَف نَوَوِی یہاں کے استاذُ الحدیث ہیں۔ جب میں ان کے پاس پہنچا تو مجھ سے فرمایا: میرا راز اپنے پاس ہی رکھنا کسی کو نہ بتانا۔

وِصالِ پُرملال:

آپ نے اپنی زندگی کا اکثر حصہ دِمَشْق میں گزارا جہاں آپ تعلیم وتصنیف، نفلی عبادت، تدریس اور اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر (یعنی نیکی کی دعوت دینے اور برائیوں سے منع کرنے) میں مشغول رہے۔ زندگی کے آخری ایام میں اپنے آبائی گاؤں نویٰ جانے سے پہلے دمشق میں مدفون اپنے تمام شیوخ واساتذہ کے مزارات پر حاضری دی اور اپنے متعلقین سے ملاقات کی۔ نویٰ جاکر آپ بیمار ہوئے اور بدھ کی رات 24 رَجَبُ الْمُرَجَّب 672 ہجری میں یہ عظیم مُحدّث اس دنیائے فانی میں اپنی زندگی کے تقریباً 44 سال 6 ماہ گزار کر دائمی و اُخْرَوِی منزل کی جانب کوچ کر گئے اور یوں گلشنِ اسلام میں ایک اور گُلِ زیبا کی کمی ہوگئی لیکن اس کی خوشبو سے آج بھی عالَمِ اسلام مُعَطّر ومُعَنْبر ہے۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ اسلام کا بہت بڑا سرمایہ تھے۔ آپ کی وفات کا

مسلمانوں کو بہت غم ہوا، اپنے پرائے سب ہی پر اُداسی چھاگئی۔ آپ کا مزار پُر انوار آپ کے آبائی گاؤں نَوٰی میں ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو۔ اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بعدِ وصال خواب میں زیارت

نفس کی مخالفت پر انعامِ خداوندی:

جب آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے وصال کا وقت قریب آیا تو سیب کھانے کی شدید خواہش ہوئی۔ جب سیب لائے گئے تو آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے نہ کھائے۔ بعدِ وصال اہلِ خانہ میں سے کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا: مَافَعَلَ اللہُ بِكَ؟ یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپکے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ کہا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے تمام اعمال قبول فرمالئے اور میری مہمان نوازی کی گئی اور مجھے سب سے پہلے جو چیز کھانے کو دی گئی وہ سیب تھے۔

وَلی کی بے ادبی کا انجام:

ایک شخص اِمام نووی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کی قبر پر آیا اور ہاتھ سے اشارے کر کے کہنے لگا: تم وہی ہو جو امام اَوْزَاعی سے اختلاف کرتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ میں اس مسئلہ میں یہ کہتا ہوں ابھی وہ شخص اپنی جگہ سے کھڑا بھی نہ ہوا تھا کہ اسکے پاؤں پر بچھو نے ڈنک مار دیا۔ (اور یوں اسے ایک ولی کی گستاخی کی سزا ملی

بِلّی نے زبان کھینچ لی:

ایک شخص آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے خلاف بہت زیادہ باتیں کیا کرتا تھا جب اس کا انتقال ہوا تو جس جگہ اسے غسل دیا جا رہا تھا وہاں ایک بِلّی آئی اور اس کی زبان کھینچ لی۔ اس طرح یہ واقعہ لوگوں کے لئے عبرت بن گیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السَّلَام کی گستاخی وبے ادبی سے محفوظ رکھے۔ ان کے فُیُوض وبرکات سے مُسْتَفِیض فرمائے۔ ان کے صدقے ہمیں دینِ متین کی خوب خوب خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (ملخصا از منہاج السوی فی ترجمۃ الامام النووی ملحق تہذیب الاسماء واللغات)

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مُقَدَّمَۃُ الْمُؤَلِّف

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ ﴿ الحشر:7﴾ ترجمہ کنز الایمان:اور جو کچھ تمہیں رسول عطافرمائیں وہ لو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ترجمہ کنز الایمان: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ قَيُّوْمِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِيْنَ، مُدَبِّرِ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ، بَاعِثِ الرُّسُلِ ﴿ صَلَوَاتُهٗ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ ﴾ إِلَى الْمُكَلَّفِيْنَ لِهِدَايَتِهِمْ وَبَيَانِ شَرَائِعِ الدِّيْنِ، بِالدَّلَائِلِ الْقَطْعِيَّةِ، وَوَاضِحَاتِ الْبَرَاهِيْنَ، أَحْمَدُهٗ عَلٰى جَمِيْعِ نِعَمِهٖ، وَأَسْأَلُهُ الْمَزِيْدَ مِنْ فَضْلِهٖ وَكَرَمِهٖ، وَأَشْهَدُ أَنَّ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ، الْكَرِيْمِ الْغَفَّارِ، وَأَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَحَبِيْبُهٗ وَخَلِيْلُهٗ أَفْضَلُ الْمَخْلُوْقِيْنَ، الْمُكَرَّمُ بِالْقُرْآنِ الْعَزِيْزِ الْمُعْجِزَةِ الْمُسْتَمِرَّةِ عَلٰى تَعَاقُبِ السِّنِيْنَ، وَبِالسُّنَنِ الْمُسْتَنِيْرَةِ لِلْمُسْتَرْشِدِيْنَ ، وَسَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ الْمَخْصُوْصُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَسَمَاحَةِ الدِّيْنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ وَعَلٰى سَائِرِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَآلِ كُلٍّ وَسَائِرِ الصَّالِحِيْنَ.

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جو تمام عالم کا رب ہے ، آسمانوں اور زمینوں کا سنبھالنے والا ہے، تمام مخلوق کی تدبیر کرنے والا ہے، قطعی دلائل اور واضح براہین کے ساتھ بندوں کی ہدایت اور دین و شریعت کی وضاحت کے لئے بندوں کی جانب رسولوں کو بھیجنے والا ہے، میں اللہ کی تمام نعمتوں پر اس کی تعریف کرتا ہوں، اور میں اللہ سے اس کا مزید فضل و کرم مانگتا ہوں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس واحد قہار، کریم و غفار کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اللہ کے بندے اور اس کے رسول اور حبیب اور دوست ہیں، (محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) مخلوق میں سب سے افضل ہیں، (محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کو اس قرآن کے ذریعہ عزت دی گئی جو غالب، صدیاں گزرنے کے باوجود ایک باقی رہنے والا معجزہ ہے، اور (محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو عزت دی گئی) ان سنن کے ذریعہ جو رشد و ہدایت کے متلاشیوں کے لئے نور ہیں، اور ہمارے سردار محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم وہ ہیں جن کو جامع کلمات اور آسان دین کے ساتھ

خاص کیا گیا(عطا کیا گیا)، اللہ کی رحمت اور اس کی سلامتی ہو محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر اور تمام انبیاء و مرسلین پر اور ہر ایک کے آل پر اور تمام نیک بندوں پر۔

أَمَّا بَعْدُ: حمد و صلاۃ کے بعد

فَقَدْ رُوِّيْنَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَعَبْدِ اللهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ وَأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ مِنْ طُرُقٍ كَثِيْرَاتٍ بِرِوَايَاتٍ مُتَنَوِّعَاتٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ﴿مَنْ حَفِظَ عَلٰى أُمَّتِيْ أَرْبَعِيْنَ حَدِيْثاً مِنْ أَمْرِ دِيْنِهَا بَعَثَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ زُمْرَةِ الْفُقَهَاءِ وَالْعُلَمَاءِ﴾("شعب الإيمان"، السابع عشر من شعب الإيمان، فصل في فضل العلم وشرفه، ر:1725، 2/270، بتغير ما)۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ: ﴿بَعَثَهُ اللهُ فَقِيْهاً عَالِماً﴾("ميزان الاعتدال"، حرف العين، من اسمه عمر، ر:6584، 3/198)۔

وَفِيْ رِوَايَةِ أَبِي الدَّرْدَاءِ: ﴿وَكُنْتُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعاً وَّشَهِيْداً﴾("شعب الإيمان"، السابع عشر من شعب الإيمان، فصل في فضل العلم وشرفه، ر:1726، 2/270)۔

وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: ﴿قِيْلَ لَهٗ: اُدْخُلْ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ شِئْتَ﴾("حلية الأولياء"، زر بن حبيش، ر:5280، 4/210)۔

وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عُمَرَ: ﴿كُتِبَ فِيْ زُمْرَةِ الْعُلَمَاءِ وَحُشِرَ فِيْ زُمْرَةِ الشُّهَدَاءِ﴾("العلل المتناهية"، كتاب العلم، أبواب ما يتعلق بالحديث، باب ثواب من حفظ أربعين حديثاً، ر:177، 1/124)۔

ترجمہ: پس علی بن ابی طالب اور عبد اللہ ابن مسعود اور معاذ بن جبل اور ابو درداء اور ابن عمر اور ابن عباس اور انس بن مالک اور ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم نے ہمیں کثیر طرق و روایاتِ متنوعہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا(جس نے میری امت کے لئے میری امت کے دین کے معاملہ کی چالیس حدیثیں یاد کر لی اللہ عزوجل اسے قیامت کے دن فقہاء اور علماء کے زمرے میں اٹھائے گا)۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ اللہ عزوجل اسے اس حال میں اٹھائے گا کہ وہ فقیہ و عالم ہو گا۔

اور ابو درداء کی روایت میں ہے کہ (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا) میں اس کے لئے قیامت کے دن شفاعت کرنے والا اور گواہ ہوں گا۔
اور ابنِ مسعود کی روایت میں ہے کہ (اس شخص سے کہا جائے گا تو جنت کے جس دروازہ سے چاہے داخل ہو جا)۔
اور ابنِ عمر کی روایت میں ہے کہ (اس کو علماء کے زمرے میں لکھا جائے گا اور اس کو شہداء کے زمرے میں اٹھایا جائے گا)۔

وضاحت: حضرتِ سیّدُنا شیخ عبد الحق مُحَدِّث دہلوی علیہ رحمۃ القوی اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں: "علماء کرام فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام کے اس اِرشاد سے مُراد و مقصود لوگوں تک چالیس اَحادیث کا پہنچانا ہے۔ چاہے وہ اسے یاد نہ بھی ہوں اور اِن کا معنیٰ بھی اِسے معلوم نہ ہو۔" (اشعۃ اللمعات،ج۱،ص۱۸۶)
مُفَسِّر شہیر حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: "اِس حدیث کے بہت پہلو ہیں؛ چالیس حدیثیں یاد کر کے مسلمان کو سنانا، چھاپ کر اِن میں تقسیم کرنا، ترجمہ یا شرح کر کے لوگوں کو سمجھانا، رَاوِیوں سے سن کر کتابی شکل میں جمع کرنا سب ہی اِس میں داخل ہیں یعنی جو کسی طرح دینی مسائل کی چالیس حدیثیں میری اُمّت تک پہنچا دے تو قیامت میں اس کا حَشْر علمائے دین کے زمرے میں ہو گا اور میں اُس کی خُصُوصی شفاعت اور اس کے ایمان اور تقوے کی خصوصی گواہی دوں گا ورنہ عُمُومی شفاعت اور گواہی تو ہر مسلمان کو نصیب ہو گی۔ اِسی حدیث کی بنا پر قریباً تمام مُحَدِّثین نے جہاں حدیثوں کے دفتر لکھے وہاں عَلٰیحدہ چہَل حدیث جسے اَرْبَعِیْنِیَّہ کہتے ہیں جمع کیں۔" (مراٰۃ المناجیح،ج۱،ص۲۲۱)

وَاتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلٰى أَنَّهُ حَدِيْثٌ ضَعِيْفٌ كَثُرَتْ طُرُقُهُ. وَقَدْ صَنَّفَ الْعُلَمَاءُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فِي هٰذَا الْبَابِ مَا لَا يُحْصٰى مِنَ الْمُصَنَّفَاتِ فَأَوَّلُ مَنْ عَلِمْتُهُ صَنَّفَ فِيْهِ هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ أَسْلَمَ الطُّوْسِيُّ الْعَالِمُ الرَّبَّانِيُّ، ثُمَّ الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، وَأَبُوْ بَكْرٍ الْآجُرِّيُّ، وَأَبُوْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ الْأَصْفَهَانِيُّ،

وَالدَّارُقُطْنِیُّ، وَالْحَاكِمُ ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، وَأَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیُّ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الْمَالِيْنِیُّ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ الصَّابُوْنِیُّ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِیُّ، وَأَبُوْ بَكْرٍ الْبَيْهَقِیُّ، وَخَلَائِقُ لَا يُحْصُوْنَ مِنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَأَخِّرِيْنَ، وَقَدْ اِسْتَخَرْتُ اللهَ تَعَالٰى فِی جَمْعِ أَرْبَعِيْنَ حَدِيْثاً اِقْتِدَاءً بِهٰؤُلَاءِ الْأَئِمَّةِ الْأَعْلَامِ وَحُفَّاظِ الْإِسْلَامِ.

ترجمہ: اور اس حدیث کے کثیر طرق ہونے کے باوجود حفاظِ احادیث اس بات پر متفق ہیں کہ یہ حدیث ضعیف ہے،(لیکن اس حدیث کے ضعیف ہونے کے باوجود)علماء نے اس باب میں اتنی کتابیں تصنیف کی ہیں جن کو شمار نہیں کیا جاسکتا، پس میری معلومات کے مطابق وہ پہلے وہ شخص جو اس باب میں کتاب تصنیف فرمائی وہ عبد اللہ بن مبارک ہیں، پھر محمد بن اسلم طوسی عالمِ ربّانی ہیں، پھر حسن بن سفیان نسائی ہیں، اور ابو بکر آجری، اور ابو محمد بن ابراہیم اصفہانی، اور دار قطنی، اور حاکم، اور ابو نعیم، اور ابو عبد الرحمٰن سلمی، اور ابو سعید مالینی، اور ابو عثمان صابونی، اور عبد اللہ بن محمد انصاری، اور ابو بکر بیہقی ہیں، اور متقدمین و متاخرین میں سے ایک خلقِ کثیر ہے جنہوں نے (اس باب میں) کتابیں تصنیف فرمائی ہیں جن کو شمار نہیں کیا جاسکتا، اور میں نے ان ائمہ ءاعلام اور حفاظِ اسلام کی اقتداء کرتے ہوئے چالیس احادیث کو جمع کرنے میں اللہ عزوجل سے استخارہ کیا۔

وَقَدْ اِتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى جَوَازِ الْعَمَلِ بِالْحَدِيْثِ الضَّعِيْفِ فِی فَضَائِلِ الْأَعْمَالِ، وَمَعَ هٰذَا فَلَيْسَ اِعْتِمَادِیْ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ، بَلْ عَلٰى قَوْلِهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِی الْأَحَادِيْثِ الصَّحِيْحَةِ: ﴿لِيُبَلِّغْ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ﴾ ("صحيح البخاري"، كتاب العلم، باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب، ر:104، 1/56.).

وَقَوْلِهٖ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ﴿نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِیْ فَوَعَاهَا فَأَدَّاهَا كَمَا سَمِعَهَا﴾ ("كشف الخفاء"، حرف النون، ر:2812، 2/286.).

ثُمَّ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ جَمَعَ الْأَرْبَعِيْنَ فِی أُصُوْلِ الدِّيْنِ، وَبَعْضُهُمْ فِی الْفُرُوْعِ، وَبَعْضُهُمْ فِی الْجِهَادِ، وَبَعْضُهُمْ فِی الزُّهْدِ، وَبَعْضُهُمْ فِی الْآدَابِ، وَبَعْضُهُمْ فِی الْخُطَبِ، وَكُلُّهَا مَقَاصِدُ صَالِحَةٌ رَضِیَ اللهُ عَنْ قَاصِدِيْهَا.

ترجمہ: اور علماء فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کرنے کے جواز پر متفق ہیں، اور اس بات کے

باوجود میرا اعتماد اس حدیث پر نہیں ہے بلکہ رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان پر ہے جو احادیثِ صحیحہ میں مذکور ہے (تم میں کا حاضر غائب تک ضرور پہنچادے)۔ اور رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان پر (اللہ عزوجل اس شخص کو تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی پس اس کو یاد رکھا اور جس طرح سنا تھا اسے ویسے ہی (آگے) پہنچادیا۔ پھر بعض علماء نے اصولِ دین میں چالیس احادیث جمع فرمائیں، اور بعض نے فروعِ دین میں، اور بعض نے جہاد کے موضوع میں، اور بعض نے زہد کے موضوع میں، اور بعض نے آدابِ دین کے موضوع میں، اور بعض نے خطبہ کو جمع کیا، اور یہ تمام کے تمام نیک مقاصد ہیں اللہ عزوجل ان کی کاوشوں سے راضی ہوجائے آمین۔

وَقَدْ رَأَيْتُ جَمْعَ أَرْبَعِيْنَ أَهَمَّ مِنْ هٰذَا كُلِّهٖ، وَهِيَ أَرْبَعُوْنَ حَدِيْثاً مُشْتَمِلَةً عَلٰى جَمِيْعِ ذٰلِكَ، وَكُلُّ حَدِيْثٍ مِنْهَا قَاعِدَةٌ عَظِيْمَةٌ مِنْ قَوَاعِدِ الدِّيْنِ قَدْ وَصَفَهُ الْعُلَمَاءُ بِأَنَّ مَدَارَ الْإِسْلَامِ عَلَيْهِ، أَوْ هُوَ نِصْفُ الْإِسْلَامِ أَوْ ثُلُثُهُ أَوْ نَحْوُ ذٰلِكَ. ثُمَّ أَلْتَزِمُ فِي هٰذِهِ الْأَرْبَعِيْنَ أَنْ تَكُوْنَ صَحِيْحَةً، وَمعظمهَا فِي صَحِيْحَيِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ، وَأَذْكُرُهَا مَحْذُوْفَةَ الْأَسَانِيْدِ، لِيَسْهَلَ حِفْظُهَا، وَيَعُمَّ الِانْتِفَاعُ بِهَا ﴿إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى﴾ ثُمَّ أُتْبِعُهَا بِبَابٍ فِي ضَبْطِ خَفِيِّ أَلْفَاظِهَا.

ترجمہ: اور میں نے ان تمام سے اہم ایسی چالیس احادیث جمع کرنے کا خیال کیا جو ان تمام موضوعات پر مشتمل ہوں، اور ان میں سے ہر حدیث قوائدِ دین میں سے ایک عظیم قاعدہ ہو جن کی علماء نے تعریف و توصیف کی ہو کہ بیشک اس حدیث پر اسلام کا مدار ہے، یا وہ نصف اسلام ہے یا ایک تہائی اسلام ہے یا اس جیسی اور کوئی بات فرمائی ہو، پھر میں ان چالیس احادیث میں ان کے صحیح ہونے کا التزام کروں گا، اور اکثر احادیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی ہیں، اور میں ان احادیث کو بغیر اسانید کے ذکر کروں گا (اسانید حذف کروں گا) تاکہ ان کو یاد کرنے اور ان سے نفع اٹھانے میں آسانی ہو (ان شاء اللہ عزوجل)، پھر میں ایک باب میں ان کے الفاظ کے پوشیدہ معانی بیان کروں گا۔

وَيَنْبَغِيْ لِكُلِّ رَاغِبٍ فِي الْآخِرَةِ أَنْ يَّعْرِفَ هٰذِهِ الْأَحَادِيْثَ، لِمَا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْمُهِمَّاتِ، وَاحْتَوَتْ عَلَيْهِ

مِنَ التَّنْبِيْهِ عَلٰى جَمِيْعِ الطَّاعَاتِ وَذٰلِكَ ظَاهِرٌ لِمَنْ تَدَبَّرَهٗ، وَعَلَى اللّٰهِ اِعْتِمَادِيْ، وَإِلَيْهِ تَفْوِيْضِيْ وَاسْتِنَادِيْ وَلَهُ الْحَمْدُ وَالنِّعْمَةُ، وَبِهِ التَّوْفِيْقُ وَالْعِصْمَةُ.
ترجمہ: اور آخرت کی رغبت رکھنے والے کے لئے ان احادیث کی معرفت رکھنا بہت مناسب ہے، کیونکہ یہ احادیث اہم امور پر مشتمل ہیں، اور تمام طاعات پر متنبہ کرنے والی ہیں، اور یہ بات اس شخص کے لئے ظاہر ہے جو اس کے بارے میں غور کرے، اور میرا اعتماد (بھروسہ) اللہ عزوجل پر ہے، اور اسی کو اپنے کام سونپتا ہوں، اور اسی پر بھروسہ کرتا ہوں، اور اسی کے لئے تعریف ونعمت ہے اور توفیق وعصمت اسی کی جانب سے ہے۔

اَلْحَدِيْثُ الْاَوَّلُ

عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَبِي حَفْصٍ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُولُ إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا، أَوِ امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلٰى مَا هَاجَرَإِلَيْهِ۔ "صحیح البخاری"، کتاب الإیمان، باب ما جاء أن الأعمال بالنیة والحسبۃ...إلخ، ر:54، 1/34. "صحیح مسلم"، کتاب الإمارة، باب قوله صلی اللہ تعالی علیه وآله وسلم إنما الأعمال بالنیة، ر:1907، ص1056.

ترجمہ: امیر المؤمنین حضرتِ عمر فاروقِ اعظم سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اعمال نیّت ہی پر ہیں، ہر شخص کیلئے وہی ہے جو اُس نے نیّت کی، جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہو تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول ہی کی طرف ہے اور جس کی ہجرت حدنیا کی طرف ہو تا کہ اسے حاسل کرے یا کسی عورت کے لئے ہو جس سے وہ نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی کی طرف ہے جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔

راوی کے حالات: آپ کا نام شریف عمر ابن خطاب ابن نفیل ہے، کنیت ابو حفص، لقب فاروق اعظم، خطاب امیر المؤمنین۔ آپ قرشی عدوی ہیں، کعب ابن لوی میں حضور سے مل جاتے ہیں، آپ کے فضائل بے حد و بشمار ہیں۔ جلیل القدر صحابی، قدیم الاسلام مؤمن ہیں، آپ کے ایمان سے مسلمانوں کا چالیس کا عدد پورا ہوا، آپ کے ایمان لانے پر فرشتوں میں مبارکباد کی دھوم مچی اور یہ آیت اُتری: " یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰهُ وَ مَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ " ابو بکر صدیق کے بعد ۱۳ھ میں آپ کی بیعت کی گئی، آپ کے زمانہ میں اسلام بہت پھیلا، بہت ممالک فتح ہوئے، قرآن کریم کی بہت سی آیتیں آپ کی رائے کے مطابق اتریں، دس سال چھ مہینے خلافت کی تریسٹھ سال عمر شریف ہوئی، ۲۶ ذوالحجہ ۲۳ھ بدھ کے دن مسجد نبوی محراب النبی میں مصلّیٰ مصطفی پر نماز فجر پڑھاتے ہوئے شہید کیئے گئے، مغیرہ ابن شعبہ کے یہودی غلام ابو لؤلؤ نے خنجر کا وار کیا، آپ کی شہادت پر در و دیوار سے اسلام کے رونے کی آواز آتی تھی کہ آج اسلام و مسلمین یتیم ہوگئے، حضرت صہیب نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی، گنبد خضری میں پہلوئے مصطفٰے میں دفن ہوئے، آپ کی روایتیں پانچ سو سینتیس ہیں۔ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔ (مراۃ۔ج۔۱۔ص۴۰)

وضاحت: مصنفینِ حدیث عُموماً اپنی کتاب کی ابتداء میں اس حدیث کو لا کر اس بات کی طرف اشارہ کرتے

ہیں کہ تحصیلِ علم سے قبل نیت کی دُرستگی ضروری ہے۔ (ماخوذ از اشعۃاللمعات،ج۱،ص۳۵)

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اعمال کا ثواب نیت پر ہی ہے،بغیر نیت کسی عمل پر ثواب کا استحقاق (یعنی حق) نہیں۔ اعمال عمل کی جمع ہے اور اس کا اطلاق اعضاء،زبان اور دل تینوں کے افعال پر ہوتا ہے اور یہاں اعمال سے مراد اعمالِ صالحہ (یعنی نیک اعمال) اور مباح افعال ہیں۔ اور نیت لغوی طور پر دل کے پختہ ارادے کو کہتے ہیں اور شرعاً عبادت کے ارادے کو نیت کہا جاتا ہے۔ یاد رکھئے کہ عبادت کی دو قسمیں ہیں:

(۱) مقصودہ: جیسے نماز،روزہ کہ ان سے مقصود حصولِ ثواب ہے انہیں اگر بغیر نیت ادا کیا جائے تو یہ صحیح نہ ہوں گے اس لئے کہ ان سے مقصود ثواب تھا اور جب ثواب مفقود ہو گیا تو اس کی وجہ سے اصل شے ہی ادا نہ ہو گی۔

(۲) غیر مقصودہ: وہ جو دوسری عبادتوں کے لئے ذریعہ ہوں جیسے نماز کے لئے چلنا،وضو،غسل وغیرہ۔ ان عباداتِ غیر مقصودہ کو اگر کوئی نیتِ عبادت کے ساتھ کریگا تو اسے ثواب ملے گا اور اگر بلا نیّت کریگا تو ثواب نہیں ملے گا مگر ان کا ذریعہ یا وسیلہ بننا اب بھی درست ہو گا اور ان سے نماز صحیح ہو جائے گی۔ (ماخوذ از نزھۃالقاری شرح صحیح البخاری،ج۱،ص۲۲۱)

ایک عمل میں جتنی نیّتیں ہوں گی اتنی نیکیوں کا ثواب ملے گا،مثلاً محتاج قرابت دار کی مدد کرنے میں اگر نیت فقط لوجہ اللہ (یعنی اللہ عزوجل کے لئے) دینے کی ہو گی تو ایک نیت کا ثواب پائے گا اور اگر صلہِ رحمی کی نیّت بھی کرے گا تو دوہرا ثواب پائے گا۔ (اشعۃ اللمعات،ج۱،ص۳۶)

اسی طرح مسجد میں نماز کے لئے جانا بھی ایک عمل ہے اس میں بہت سی نیّتیں کی جاسکتی ہیں، امامِ اہلسنّت الشاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے فتاویٰ رضویہ جلد 5 صفحہ 673 میں اس کے لئے چالیس نیّتیں بیان کیں اور فرمایا: بے شک جو علمِ نیّت جانتا ہے ایک ایک فعل کو اپنے لئے کئی کئی نیکیاں کر سکتا ہے۔ بلکہ مباح کاموں میں بھی اچھی نیت کرنے سے ثواب ملے گا،مثلاً خوشبو لگانے میں اتباعِ سنت، تعظیمِ مسجد ،فرحتِ دماغ اور اپنے اسلامی بھائیوں سے ناپسندیدہ بُو دور کرنے کی نیّتیں ہوں تو ہر نیّت کا الگ ثواب ہو گا۔

(اشعۃ اللمعات، ج۱، ص۳)

مدینہ: اچھی اچھی نیّتوں سے متعلق رَہنمائی کیلئے، امیرِ اہلسنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کا سنّتوں بھرا بیان "نیّت کا پھل" اور نیتوں سے متعلق آپ کے مُرتّب کردہ کارڈ یا پمفلٹ مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے ھدیّۃً حاصِل فرمائیں۔

فکر مدینہ: کیا آپ نے آج کچھ نہ کچھ جائز کاموں سے پہلے اچھی اچھی نیّتیں کیں؟ نیز کم از کم دو کو اس کی ترغیب دلائی۔

دعا: یاربِّ مصطفٰے عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم! ہمیں ہر جائز کام میں کچھ نہ کچھ اچھی نیتیں کرنے اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دلانے کی توفیق عطا فرما۔ یااللہ! عَزَّوَجَلّ ہمیں مَدَنی انعامات کا عامل بنایا اللہ! عَزَّوَجَلّ ہماری بے حِساب مغفِرت فرما۔ یا اللہ! عَزَّوَجَلَّ ہمیں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں اِستِقامت عطا فرما۔ یااللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں سچّا عاشِقِ رسول بنا۔ یااللہ! عَزَّوَجَلَّ اُمَّتِ محبوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بخشش فرما۔ اٰمین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

أَمِيرٌ:۔ الْمُؤمِنِينَ:۔ أَبِي:۔ سَمِعْتُ:۔ يَقُولُ:۔ إِنَّمَا:۔ الأَعْمَالُ:۔ النِّيَّاتُ:۔ امْرِءٌ:۔ نَوَى:۔ مَنْ:۔ كَانَتْ:۔ هِجْرَةٌ:۔ دُنْيَا:۔ يُصِيبُ:۔ اِمْرَأَةٌ:۔ يَنْكِحُ

رَوَاهُ اِمَامَا الْمُحَدِّثِيْنَ اَبُوْعَبْدُ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُغِيْرَةَ بْنِ بَرْدِزْبَه اَلْبُخَارِيُّ، وَاَبُوْ الْحُسَيْنِ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ مُسْلِمِ الْقُشَيْرِيُّ النِّيْسَابُوْرِيُّ ،فِيْ صَحِيْحَيْهِمَا اللَّذَيْنِ هُمَا اَصَحُّ الْكُتُبِ الْمُصَنَّفَةِ۔

ترجمہ: اس کو محدسین کے دو اماموں (۱) حضرتِ ابو عبد اللہ اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ بن بردزبہ البخاری (۲) اور ابو حسین مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری نیساپوری نے اپنی اپنی ان صحیح میں روایت کی ہے جو لکھی گئی اصح کتب میں سے ہیں۔

رَوٰی:۔اِمَامَا:۔ الْمُحَدِّثِیْنَ:۔صَحِیْحَیْنِ:۔ اللَّذَیْنِ:۔ ھُمَا:۔ اَصَحُّ:۔الْکُتُبُ:۔ الْمُصَنَّفَۃُ:۔

دَلَّ الْحَدِیْثُ عَلٰی اَنَّ النِّیَّۃَ مِعْیَارٌ لِتَصْحِیْحِ الْاَعْمَالِ، فَحَیْثُ صَلَحَتِ النِّیَّۃُ صَلَحَ الْعَمَلُ، وَحَیْثُ فَسَدَتْ فَسَدَ الْعَمَلُ، وَ اِذَا وُجِدَ الْعَمَلُ وَ قَارَنَتْہُ النِّیَّۃُ فَلَہٗ ثَلَاثَۃُ اَحْوَالٍ۔ اَلْاَوَّلُ: اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِکَ خَوْفاً مِّنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَھٰذِہٖ عِبَادَۃُ الْعَبِیْدِ۔ اَلثَّانِیْ: اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِکَ لِطَلَبِ الْجَنَّۃِ وَ الثَّوَابِ وَھٰذِہٖ عِبَادَۃُ التُّجَّارِ۔ اَلثَّالِثُ: اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِکَ حَیَاءً مِّنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ تَأْدِیَۃً لِحَقِّ الْعُبُوْدِیَّۃِ وَ تَأْدِیَۃً لِلشُّکْرِ، وَیَرٰی نَفْسَہٗ مَعَ ذٰلِکَ مُقَصِّراً، وَ یَکُوْنُ مَعَ ذٰلِکَ قَلْبُہٗ خَائِفاً لِاَنَّہٗ لَایَدْرِیْ ھَلْ قُبِلَ عَمَلُہٗ مَعَ ذٰلِکَ أَمْ لَا، وَھٰذِہٖ عِبَادَۃُ الْاَحْرَارِ۔

ترجمہ: یہ حدیثِ پاک اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نیّت اعمال کی درستگی کے لئے معیار (کسوٹی) ہے، پس جہاں نیّت درست ہوگی تو عمل بھی درست ہوگا، اور جہاں نیّت خراب ہوگی تو عمل بھی خراب ہوگا، اور جب عمل پایا جائے اور اس عمل کے ساتھ نیّت ملی ہوئی ہو تو اس کی تین حالتیں ہیں۔ (۱) پہلی حالت: اس عمل کو اللہ تعالی کے خوف سے کرنا، اور یہ غلاموں کی عبادت ہے۔ (۲) دوسری حالت: اس عمل کو طلبِ جنّت اور طلبِ ثواب کے لئے کرنا اور یہ تاجروں کی عبادت ہے۔ (۳) تیسری حالت: اس عمل کو اللہ تعالی سے حیا کی وجہ سے، اور غلامی کے حق کو ادا کرنے کے لئے اور شکر ادا کرنے کے لئے کرنا، اور (عمل کرنے والا) اپنے آپ کو اس عمل کے باوجود کمی کرنے والا جانے، اور اس عمل کے باوجود اس کا دل خوف زدہ ہو اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ کیا اس کا عمل اس کیفیت کے ساتھ قبول کیا گیا ہے یا قبول نہیں کیا گیا ہے، اور یہ آزاد بندوں کی عبادت ہے۔

حل لغات: دَلَّ: ماضی، ن، راستہ دکھانا، رہنمائی کرنا۔ النِّیَّۃُ: قصد، ارادہ، ج، نِیَّاتٌ۔ مِعْیَارٌ: کسوٹی، ج، مَعَایِیْرُ۔ تَصْحِیْحٌ: مصدر، کتاب کی غلطی درست کرنا۔ الْاَعْمَالُ: عمل کی جمع، کام۔ حَیْثُ: ظرفِ مکان، جہاں ماضی کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔ صَلَحَتْ: ماضی، ک، ف، ن، درست ہونا، فساد کا زائل ہونا۔ فَسَدَتْ: ماضی، ن، ض، خراب ہونا، بگڑ جانا۔ اِذَا: زمانۂ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنیٔ شرط کو متضمن ہوتا ہے ماضی کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے، بمعنی جب۔ وُجِدَ: ماضی مجہول، ض، پانا۔ قَارَنَتْ: ماضی، مفاعلۃ، ساتھی ہونا، ملنا۔ اَحْوَالٌ: حَالٌ کی جمع بمعنی کیفیت۔ اَنْ یَّفْعَلَ: مضارع ناصبہ، ف، کرنا۔ خَوْفاً: مصدر، س، ڈرنا، یہاں پر مفعولِ لہ واقع ہو رہا ہے۔ عِبَادَۃٌ: مصدر، ن، پرستش کرنا۔ الْعَبِیْدُ: عَبْدٌ کی جمع، بمعنی

غلام۔ طَلَبٌ : مصدر، ن، طلب کرنا، ڈھونڈھنا۔ الْجَنَّةُ: جمع جِنَانٌ، جَنَّاتٌ، بمعنی باغ، بہشت۔ الثَّوَابُ: اعمال کا بدلہ۔ التُّجَّارُ: تَاجِرٌ کی جمع، سوداگر۔ حَيَاءً : شرم۔ تَأدِيَةً: مصدر، ض، ادا کرنا، پہونچانا۔ حَقٌّ: سچائی، حصہ، جمع حُقُوقٌ۔ الْعُبُوْدِيَّةُ: فرمابرداری، غلامی۔ الشُّكْرُ: مصدر، ن، شکریہ ادا کرنا، شکر کرنا۔ يَرٰى : مضارع، ف، بصارت یا بصیرت سے دیکھنا، اصل میں يَرْاَىُ تھا، قَالَ والا قاعدہ لگا ہے۔ نَفْسَهُ: ۔۔ مُقْصِرًا: اسمِ فاعل، افعال: چھوٹا بننا، اپنے آپ کو کمتر جاننا، یہاں پر حال واقع ہے۔ يَكُوْنُ: مضارع، ن، افعالِ ناقصہ، پایا جانا، ہونا۔ قَلْبٌ: دل، عقل، جمع قُلُوْبٌ۔ خَائِفاً: اسمِ فاعل، س، خوف کرنے والا، یہاں پر حال واقع ہوا ہے۔ لِاَنَّهُ : لام حرفِ جر، اَنَّ حروفِ مشبہ بالفعل، ہُ ضمیرِ غائب اس کا اسم، بمعنی اس لئے کہ۔ لَايَدْرِيْ: مضارع منفی، ض، پہونچانا، ادا کرنا۔ هَلْ: حرفِ استفہام، بمعنی کیا۔ قُبِلَ :ماضی مجہول، س، لینا، قبول کرنا۔ أمْ : حرفِ عطف، ہمزۂ استفہام کے بعد تسویہ اور برابری کے مفہوم کے لئے آتا ہے۔ الْاَحْرَارُ: حُرٌّ کی جمع، آزاد، شریف۔

تشریح:

وَ اِلَيْهَا اَشَارَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَمَّا قَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا حِيْنَ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! ﷺ أتَتَكَلَّفُ هٰذَا وَ قَدْ غَفَرَ اللهُ تَعَالٰى لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَ مَا تَأَخَّرَ ؟ قَالَ ﴿أ فَلَا اَكُوْنُ عَبْداً شَكُوْراً﴾ اِنْ قِيْلَ : هَلِ الْاَفْضَلُ الْعِبَادَةِ مَعَ الْخَوْفِ أوْ مَعَ الرَّجَاءِ ؟ قِيْلَ: قَالَ الْغَزَالِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ :اَلْعِبَادَةُ مَعَ الرَّجَاءِ أفْضَلُ، لِاَنَّ الرَّجَاءَ يُوْرِثُ الْمَحَبَّةَ وَ الْخَوْفَ يُوْرِثُ الْقُنُوْطَ۔

ترجمہ: اور اسی جانب رسول اللہ ﷺ نے اشارہ فرمایا ہے، جب حضرتِ عائشہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا جس وقت رسول اللہ ﷺ رات میں قیام فرمایا کرتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے دونوں قدم مبارک سوج جاتے تھے۔ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ اس کی تکلیف اٹھاتے ہیں حالانکہ اللہ تعالی نے آپ ﷺ کے صدقہ اگلے پچھلوں کی بخشش فرمائی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تو کیا میں (اپنے رب کا) شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ اگر کہا جائے کہ کیا خوف کے ساتھ عبادت افضل ہے یا رجاء (امّید) کے ساتھ عبادت افضل ہے؟ کہا گیا ہے کہ امام غزالی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ رجاء کے ساتھ عبادت کرنا افضل ہے، اس لئے کہ رجاء محبت کی باعث بنتی ہے اور خوف مایوسی کا باعث ہوتی ہے۔

اَشَارَ: ماضی، افعال: اجوفِ واوی، اشارہ کرنا۔ لَمَّا: ماضی کے ساتھ مختص ہے اور دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں فعلِ ثانی کا وجود فعلِ اوّل پر موقوف ہوتا ہے، بمعنی جب۔ قَالَتْ: ماضی، ن: اجوفِ واوی، کہنا، بولنا۔ حِیْنَ: وقت، زمانہ کا ایک حصہ کم ہو یا زیادہ طویل ہو یا مختصر۔ قَامَ: ماضی، ن: اجوفِ واوی، کھڑا ہونا۔ اللَّیْلُ: رات، جمع اللَّیَالِی۔ حَتّٰی: انتہا پر دلالت کرتا ہے، یہاں تک کہ۔ تَوَرَّمَتْ: ماضی، تفعّلٌ: مثالِ واوی، سوجنا۔ قَدَمَا: قَدَمٌ کی تثنیہ، اضافت کی وجہ سے نونِ تثنیہ گر گئی ہے، جمع اَقْدَامٌ۔ تَتَکَلَّفُ: مضارع، تفعّلٌ دشوار کام برداشت کرنا، تکلّف کرنا۔ قَدْ غَفَرَ: ماضی قریب، ض: معاف کر دینا، چھپانا۔ مَا: فعل کے ساتھ آکر فعل کو مصدر کی تاویل میں کر دیتا ہے، بمعنی جو۔ تَقَدَّمَ: ماضی، تفعّلٌ آگے بڑھنا، بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ ذَنْبٌ: گناہ، جمع ذُنُوْبٌ۔ تَأَخَّرَ: ماضی، تفعّلٌ مہموز الفاء، پیچھے رہنا۔ فَلَا اَکُوْنُ: مضارع منفی، ن: اجوفِ واوی، ہونا۔ شَکُوْراً: بہت شکر گزار، جمع شُکُرٌ۔ اَلْاَفْضَلُ: اسم تفضیل، ن، س ک: صاحبِ فضیلت ہونا۔ الرَّجَاءُ: مصدر، ن: ناقصِ واوی، پر امید ہونا، امید کرنا، خوف کرنا۔ یُوْرِثُ: مضارع، افعال: مثالِ واوی، وارث بنانا، باعث اور سبب ہونا۔ اَلْمَحَبَّةُ:۔۔ اَلْقُنُوْطُ: مصدر، ض، ن: مایوس ہونا۔

وَ هٰذِهِ الْاَقْسَامُ الثَّلَاثَةُ فِی حَقِّ الْمُخْلِصِیْنَ، وَ اعْلَمْ اَنَّ الْاِخْلَاصَ قَدْ یُعْرِضُ لَهُ آفَةُ الْعُجْبِ، فَمَنْ اَعْجَبَ بِعَمَلِهِ حُبِطَ عَمَلُهُ، وَ کَذٰلِكَ مَنِ اسْتَکْبَرَ حُبِطَ عَمَلُهُ۔ اَلْحَالُ الثَّانِیْ: اَنْ یَّفْعَلَ ذٰلِكَ لِطَلَبِ الدُّنْیَا وَ الْآخِرَةِ جَمِیْعِهِمَا، فَذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰی اَنَّ عَمَلَهُ مَرْدُوْدٌ وَ اسْتَدَلَّ بِقَوْلِهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْخَبَرِ الرَّبَّانِیِّ: یَقُوْلُ اللهُ تَعَالٰی: ﴿أَنَا اَغْنَی الشُّرَکَاءِ فَمَنْ عَمِلَ عَمَلاً صَالِحاً اَشْرَكَ فِیْهِ غَیْرِیْ فَأَنَا بَرِیْءٌ مِّنْهُ﴾۔

ترجمہ: اور یہ تینوں قسمیں مخلصین کے حق میں ہیں، اور جان لو کہ بے شک کبھی کبھی اخلاص کو عجب (فخر و غرور) کی آفت عارض (لاحق) ہوتی ہے، پس جس نے اپنے عمل پر عجب کیا تو اس کا عمل اکارت کر دیا گیا، اور ایسے ہی وہ شخص جس نے تکبر کیا تو اس کا عمل بھی اکارت کر دیا گیا۔ دوسری حالت: اس عمل کو دنیا اور آخرت دونوں کو طلب کرنے کی وجہ سے کرنا، پس بعض اہلِ علم اس طرف گئے ہیں کہ اس کا عمل مردود ہے، اور ان بعض اہلِ علم نے اس کا استدلال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے کیا ہے جو اللہ تعالی کی خبر میں مذکور ہے: اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے: (میں شرکاء سے بے نیاز ہوں، پس جس نے نیک عمل کیا اور اس عمل میں میرے علاوہ کسی کو شریک کر لیا تو میں اس سے بری ہوں)۔

هٰذِهِ: اسمِ اشارہ برائے واحد مؤنث غائب، یہ۔ اَلْاَقْسَامُ: تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ، واحد قِسْمٌ۔ اَلْمُخْلِصِیْنَ: اسمِ فاعل بحالتِ جر، افعال: بے نام و نمود کے کرنا۔ اِعْلَمْ: فعلِ امر، س: جاننا۔ اَنَّ: حرفِ مشبہ بالفعل، بے شک۔ اَلْاِخْلَاصُ: مصدر، افعال: بے نام و نمود کے کرنا۔ قَدْ یُعْرِضُ: مضارع، افعال: ممکن ہونا، عارض ہونا۔ آفَةٌ: مصیبت، ہر وہ عارضہ جو کسی چیز کو فاسد کر دے، مہموز الفاء، اجوفِ واوی، جمع

آفاتٌ۔ اَلْعُجُبُ: فخر، غرور، ایک باطنی بیماری کا نام۔ حُبِطَ: ماضی مجہول، س: بیکار ہونا، خراب ہونا، برباد ہونا۔ کَذٰلِكَ: کاف حرفِ جر برائے تشبیہ، ذٰلِکَ اسمِ اشارہ، ایسے ہی، اسی طرح۔ اِسْتَکْبَرَ: ماضی، استفعالٌ: متکبّر ہونا، بڑا سمجھنا۔ اَلْآخِرَۃُ: دار البقاء۔ جَمِیْعٌ: لوگوں کی جماعت، جمع شدہ لشکر، تاکید کے طور پر بولا جاتا ہے۔ ذَھَبَ: ماضی، ف: جانا، گزرنا۔ بَعْضُ: کسی چیز کا ایک حصہ۔ أَھْلٌ: کنبہ، رشتہ دار، والا، جمع اَھْلُوْنَ، اَھَالٍ۔ مَرْدُوْدٌ: اسمِ مفعول، ن: پھیرنا، واپس کرنا، لوٹانا۔ اِسْتَدَلَّ: ماضی، استفعال: رہنمائی طلب کرنا۔ قَوْلٌ: مصدر، ن: اجوفِ واوی، کہنا، بولنا، بطورِ اسم بمعنی بات، جمع اَقْوَالٌ۔ اَلْخَبَرُ: خبر، جمع اَخْبَارٌ۔ اَخَابِیْرُ۔ اَلرَّبَّانِیُّ: رَبٌّ بمعنی مالک سردار، اللہ کی طرف نسبت کے لئے ربّانی استعمال کرتے ہیں۔ اَغْنِیْ: مضارع ۔ اَلشُّرَکَاءُ: ۔ عَمَلَ: ۔ صَالِحاً: ۔ اَشْرَكَ: ۔ غَیْرُ: ۔ بَرِیْءٌ: ۔

وَ اِلٰی ھٰذَا ذَھَبَ الْحَارِثُ الْمُحَاسَبِیُّ فِی کِتَابِ الرِّعَایَۃِ فَقَالَ: اَلْاِخْلَاصُ اَنْ تُرِیْدَہٗ بِطَاعَتِہٖ وَ لَا تُرِیْدُ سِوَاہُ۔ اَلرِّیَاءُ نَوْعَانِ: أَحَدُھُمَا: لَا یُرِیْدُ بِطَاعَتِہٖ اِلَّا النَّاسَ، وَ الثَّانِیْ اَنْ یُّرِیْدَ النَّاسَ وَ رَبَّ النَّاسِ، وَ کِلَاھُمَا مُحْبِطٌ لِلْعَمَلِ، وَ نَقَلَ ھٰذَا الْقَوْلَ الْحَافِظُ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَۃِ عَنْ بَعْضِ السَّلْفِ، وَ اِسْتَدَلَّ بَعْضُھُمْ عَلٰی ذٰلِكَ أَیْضاً بِقَوْلِہٖ تَعَالٰی: ﴿اَلْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ﴾ الحشر: ۲۳۔ فَکَمَا اَنَّہٗ تَکَبَّرَ عَنِ الزَّوْجَۃِ وَ الْوَلَدِ وَ الشَّرِیْكِ، تَکَبَّرَ اَنْ یَّقْبَلَ عَمَلاً أُشْرِكَ فِیْہِ غَیْرُہٗ، فَھُوَ تَعَالٰی اَکْبَرُ وَ کَبِیْرٌ وَ مُتَکَبِّرٌ۔
ترجمہ: اور اسی قول کی جانب حضرتِ حارث محاسبی بھی گئے ہیں جو کتاب الرعایہ میں مذکور ہے، پس انہوں نے فرمایا: اخلاص (یہ ہے کہ) تیرا اللہ کی فرماں برداری سے صرف اللہ کا ارادہ کرنا، اور تو اللہ کے سوا کسی کا ارادہ نہ کرے۔ ریا کی دو قسمیں ہیں: ان میں سے ایک: (یہ ہے کہ) بندہ اللہ کی اطاعت سے ارادہ نہ کرے مگر لوگوں کا۔ اور دوسری قسم: (یہ ہے کہ اس اطاعت سے) لوگوں اور لوگوں کے رب کا ارادہ کرنا۔ اور یہ دونوں عمل کو اقارت (برباد) کرنے والی ہیں۔ اور اس قول کو حافظ ابو نعیم نے اپنی مصنفہ الحلیہ میں بعض سلف سے نقل فرمایا ہے، اور وہ بعض سلف نے بھی اس قول پر اللہ تعالی کے (اس ارشاد سے) استدلال کیا ہے: (اَلْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ) الحشر: ۲۳۔ (عظمت والا تکبر والا اللہ کو پاکی ہے ان کے شرک سے)۔ پس ایسے ہی اللہ تعالی بیوی، لڑکا، اور شرک سے پاک و بے نیاظ (بلند و بڑا) ہے، اور اللہ تعالی اس عمل کو قبول کرنے سے بھی پاک ہے جس میں اللہ کے غیر کو شریک کیا گیا ہو، پس اللہ بلند و بالا ہے بہت بڑا ہے کبیر اور متکبر (تکبر کرنے والا) ہے۔

كِتَابٌ :۔ اَنْ تُرِيْدَ :۔ طَاعَةٌ: مصدر، افعال: اجوفِ واوی، فرماں بردار ہونا۔ سِوَا :۔ اَلرِّيَاءُ :۔

نَوْعَانِ :۔ النَّاسُ :۔ رَبٌّ :۔ كِلَاهُمَا :۔ مُحْبِطٌ :۔ نَقَلَ :۔ الْحَافِظُ :۔ الْحِلْيَةُ :۔ السَّلْفُ :۔ اِسْتَدَلَّ :۔

أَيْضاً :۔ اَلْجَبَّارُ :۔ الْمُتَكَبِّرُ :۔ سُبْحٰنَ :۔ عَمَّا :۔ يُشْرِكُوْنَ :۔ كَمَا :۔ تَكَبَّرَ :۔ الزَّوْجَةُ :۔ الْوَلَدُ :۔

الشَّرِيْكُ :۔ اَنْ يَّقْبَلَ :۔ اَكْبَرُ :۔ كَبِيْرٌ :۔

وَ قَالَ السَّمَرْقَنْدِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : مَا فُعِلَهُ لِلّٰهِ تَعَالٰى قُبِلَ وَ مَا فُعِلَهُ مِنْ أَجْلِ النَّاسِ رُدَّ ۔ وَ مِثَالُ ذٰلِكَ مَنْ صَلَّى الظُّهْرَ مَثَلاً وَ قَصَدَ أَدَاءَ مَّا فَرَضَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ لٰكِنَّهُ طَوَّلَ اَرْكَانَهَا وَ قِرَاءَتَهَا وَ حَسَّنَ هَيْئَتَهَا مِنْ أَجْلِ النَّاسِ ، فَأَصْلُ الصَّلٰوةِ مَقْبُوْلٌ، وَ أَمَّا طُوْلُهُ وَ حُسْنُهُ مِنْ أَجْلِ النَّاسِ فَغَيْرُ مَقْبُوْلٍ لِأَنَّهُ قَصَدَ بِهِ النَّاسَ۔
ترجمہ: حضرتِ سمرقندی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عمل اللہ تعالی کے لئے کیا گیا تو وہ قبول کیا گیا، اور جو عمل لوگوں کے لئے کیا گیا تو وہ ردّ کیا گیا۔ اور اس کی مثال (یہ ہے کہ) جس نے ظہر کی نماز پڑھی اور اس سے اس فرض کو ادا کرنے کا قصد کیا جو اللہ تعالی نے اس پر فرض فرمایا ہے، لیکن اس شخص نے لوگوں کے لئے نماز کے ارکان اور قرائت کو لمبا کیا اور نماز کی ہیئت کو اچھا (حسین) کیا، تو اصلِ نماز مقبول ہے اور رہا لوگوں کے لئے نماز کو لمبا، اور اس کو اچھا کرنا تو (یہ) مقبول نہیں ہے، اس لئے کہ اس شخص نے اس سے لوگوں کا قصد کیا ہے۔

أَجْلٌ :۔ رُدَّ :۔ مِثَالٌ :۔ صَلّٰى :۔ مَثَلاً :۔ قَصَدَ :۔ أَدَاءٌ :۔ فَرَضَ :۔ لٰكِنَّ :۔ طَوَّلَ :۔ اَرْكَانٌ :۔

قِرَاءَةٌ :۔ حَسَّنَ :۔ هَيْئَةٌ :۔ أَصْلٌ :۔ الصَّلٰوةُ :۔ مَقْبُوْلٌ :۔ أَمَّا :۔ طُوْلٌ :۔ حُسْنٌ :۔

وَ سُئِلَ الشَّيْخُ عَزُّ الدِّيْنِ ابْنُ عَبْدِ السَّلَامِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ : عَمَّنْ صَلّٰى فَطَوَّلَ صَلَاتَهُ مِنْ أَجْلِ النَّاسِ ؟ فَقَالَ : أَرْجُوْ أَنْ لَّا يُحْبِطَ عَمَلُهُ، هٰذَا كُلُّهُ إِذَا حَصَلَ التَّشْرِيْكُ فِي صِفَةِ الْعَمَلِ، فَإِنْ حَصَلَ فِي اَصْلِ الْعَمَلِ بِاَنَّ صَلَّى الْفَرِيْضَةَ مِنْ أَجْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ النَّاسِ ، فَلَا تُقْبَلُ صَلَاتُهُ لِأَجْلِ التَّشْرِيْكِ فِي اَصْلِ الْعَمَلِ ، وَ كَمَا اَنَّ الرِّيَاءَ فِي الْعَمَلِ يَكُوْنُ فِي تَرْكِ الْعَمَلِ۔

ترجمہ: اور شیخ عزالدین ابنِ عبد السلام رحمۃ اللہ علیہ سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس نے نماز پڑھی تو اس نے اپنی نماز کو لوگوں کے لئے طویل کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: میں اس کے عمل کے اقارت (برباد) نہ ہونے کی امید کرتا ہوں۔ یہ تمام کا تمام معاملہ اس وقت ہے جب شرکت عمل کی صفت میں حاصل ہو۔ اور اگر شرکت اصلِ عمل میں حاصل ہو اس طور پر کہ اس نے فریضہ اللہ تعالی اور لوگوں کے لئے ادا کیا تو اس کی نماز اصلِ عمل میں شرکت کی وجہ سے قبول نہیں کی جائے گی۔ اور ریا جس طرح عمل (کے کرنے) میں ہوتا ہے ایسے ہی عمل کو ترک کرنے میں ہوتا ہے۔

:۔ الشَّیْخُ :۔ رَحْمَۃٌ :۔ أَرْجُوْ:۔ أَنْ لَّا یُحْبِطَ :۔ حَصَلَ:۔ التَّشْرِیْکُ:۔ صِفَۃٌ:۔ الْفَرِیْضَۃُ:۔ لَا تُقْبَلُ:۔ تَرْکٌ:۔

قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ﴿فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِحْسَانِ، قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ﴾ وَ هٰذَا مَقَامُ الْمُشَاهَدَةِ لِاَنَّ مَنْ قَدَرَ اَنْ يُّشَاهِدَ الْمَلِكَ اِسْتَحٰى اَنْ يَّلْتَفِتَ اِلٰى غَيْرِهٖ فِي الصَّلَاةِ وَ اَنْ يَّشْغُلَ قَلْبُهُ بِغَيْرِهٖ وَ مَقَامُ الْاِحْسَانِ مَقَامُ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ قَدْ تَقَدَّمَ فِي الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ اَلْاِشَارَةُ اِلٰى ذٰلِكَ۔ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿فَاِنَّهُ يَرَاكَ﴾ غَافِلاً اِنْ غَفَلْتَ فِي الصَّلَاةِ وَ حَدَّثْتَ النَّفْسَ فِيْهَا۔ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ﴿فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ، قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ﴾ هٰذَا الْجَوَابُ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ ﷺ كَانَ لَا يَعْلَمُ مَتٰى السَّاعَةُ ؟ بَلْ عِلْمُ السَّاعَةِ مِمَّا اِسْتَأْثَرَ اللهُ تَعَالٰى بِهٖ ، قَالَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿اِنَّ اللهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ﴾ لقمان: ٣٤۔ وَ قَالَ تَعَالٰى: ﴿ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً﴾ الاعراف: ١٨٧۔ وَ قَالَ تَعَالٰى: ﴿وَ مَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْباً﴾ الاحزاب: ٦٣۔

ترجمہ: حضرتِ جبریل علیہ السلام کا قول: ﴿فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِحْسَانِ، قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ﴾ یہ مشاہدہ (معاینہ کرنے) کا مقام ہے اس لئے کہ جو بادشاہ کا مشاہدہ کرنے پر قدرت رکھتا ہو تو وہ نماز میں اس کے غیر کی جانب التفات کرنے سے اور بادشاہ کے غیر کے ساتھ اس کے دل کے مشغول رہنے سے حیا محسوس کرتا ہے، اور احسان کا مقام صدّیقین کا مقام ہے جو کہ پہلی حدیث میں گزر چکا جس مین اس کی جانب اشارہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (فَاِنَّهُ يَرَاكَ) غافل ہو کر اگر تو نماز میں گافل رہا اور نماز میں خود سے بات کی۔ جبریل علیہ السلام کا قول: ﴿فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ، قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ﴾ یہ جواب اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نہیں جانتے تھے کہ قیامت کب آئے گی؟ بلکہ قیامت کا علم ان چیزوں میں سے ہے جن کو اللہ تعالی نے اپنے لئے مخصوص کر لیا ہے، اللہ تعالی نے فرمایا: (بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم)، اور (ایک دوسری جگہ) اللہ تعالی نے فرمایا: (بھاری پڑ رہی ہے آسمانوں اور زمین میں تم پر نہ آئے گی مگر اچانک)، (مزید) اللہ تعالی نے فرمایا: (اور تم کیا جانو شاید قیامت پاس ہی ہو)۔

-:-

وَ مَنْ اِدَّعٰی اَنَّ عُمَرَ الدُّنْیَا سَبْعُوْنَ اَلْفِ سَنَةً وَ اَنَّهُ بَقِیَ مِنْهَا ثَلَاثَةٌ وَ سِتُّوْنَ اَلْفِ سَنَةً فَهُوَ قَوْلٌ بَاطِلٌ، حَكَاهُ الطَّوْخِیُّ فِی اَسْبَابِ التَّنْزِیْلِ عَنْ بَعْضِ الْمُنْجِمِیْنَ وَ اَهْلِ الْحِسَابِ ، وَ مَنْ اِدَّعٰی اَنَّ عُمَرَ الدُّنْیَا سَبْعَةُ آلَافِ سَنَةً فَهٰذَا یَسُوْفُ عَلَی الْغَیْبِ وَ لَا یَحِلُّ اِعْتِقَادُهُ۔ قَوْلُهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ: ﴿فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ اَمَارَاتِهَا ، قَالَ: اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا﴾ اَلْاَمَارُ وَ الْاَمَارَةُ بِاِثْبَاتِ التَّاءِ وَ حَذْفِهَا لُغَتَانِ،وَ رُوِیَ رَبَّهَا وَ رَبَّتَهَا، قَالَ الْاَكْثَرُوْنَ هٰذَا اِخْبَارٌ عَنْ كَثْرَةِ السَّرَارِیْ وَ اَوْلَادِهِنَّ ، فَاِنَّ وَلَدَهَا مِنْ سَیِّدِهَا بِمَنْزِلَةِ سَیِّدِهَا لِاَنَّ مَالَ الْاِنْسَانِ صَائِرٌ اِلٰی وَلَدِهِ، وَقِیْلَ مَعْنَاهُ اَلْاِمَاءُ یَلِدْنَ الْمُلُوْكَ فَتَكُوْنُ اُمُّهُ مِنْ جُمْلَةِ رَعِیَّتِهِ۔

ترجمہ: اور جس نے یہ دعوی کیا کہ دنیا کی عمر ستر ہزار سال ہے اور اس مین سے صرف ترسٹھ ہزار سال باقی رہ گئے ہیں پس یہ باطل قول ہے،اس کو طوخی نے اسباب التنزیل میں بعض اہل حساب اور بعض نجومیوں سے نقل کیاہے، اور جس نے یہ دعوی کیا کہ دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے پس یہ (قائل) غیب پر صبر کرتا ہے اور اس کا اعتقاد رکھنا حلال نہیں ہے۔ جبرئیل علیہ السلام کا قول: ﴿فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ اَمَارَاتِهَا ، قَالَ: اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا﴾ اَلْاَمَارُ وَ الْاَمَارَةُ تاء کے اثبات کے ساتھ اور تاء کے حذف کے ساتھ دونوں لغتیں ہیں، اور رَبُّهَا وَرَبَّتَهَا دونوں روایت کیا گیاہے، اور اکثر لوگوں نے کہاہے کہ یہ باندیوں اور ان کی اولاد کی کثرت کے بارے مین خبر دیناہے، پس یقیناً ان کا لڑکا ان کے آقا (کے نطفہ) سے ہوگا جو ان کے آقا کی منزل میں ہوگا اس لئے کہ انسان کا مال اس کے لڑکے کی جانب مائل (لوٹتا) ہے، اور کہا گیاہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ باندیاں بادشاہوں کو جنے گیں پس ان کی ماں ان کی جملہ رعایہ میں سے ہوگی۔

-:-

وَ یَحْتَمِلُ اَنْ یَّكُوْنَ الْمَعْنٰی: اَنَّ الشَّخْصَ یَسْتَوْلِدُ الْجَارِیَةَ وَلَداً وَ یَبِیْعُهَا فَیَكْبُرُ الْوَلَدُ وَ یَشْتَرِیْ اُمَّهُ ، وَ هٰذَا مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ۔ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿وَ اَنْ تَرَی الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ یَتَطَاوَلُوْنَ فِی الْبُنْیَانِ﴾ اِذْ

الْعَالَۃُ ھُمُ الْفُقَرَاءُ ، وَ الْعَائِلُ الْفَقِیْرُ، وَ الْعَیْلَۃُ الْفَقْرُ، وَعَالَ الرَّجُلُ یَعِیْلُ عَیْلَۃً اَیْ: اِفْتَقَرَ، وَ الرِّعَاءُ بِکَسْرِ الرَّاءِ وَ بِالْمَدِّ وَ یُقَالُ فِیْہِ: رُعَاۃٌ، بِضَمِّ الرَّاءِ وَزِیَادَۃِ تَاءٍ بَلَا مَدٍّ مَعْنَاہُ اَنَّ اَھْلَ الْبَادِیَّۃِ وَ اَشْبَاھِھِمْ مِنْ اَھْلِ الْحَاجَۃِ وَ الْفَاقَۃِ یَتَرَقُّوْنَ فِی الْبُنْیَانِ وَ الدُّنْیَا تُبْسَطُ لَھُمْ حَتّٰی یَتَبَاھُوْا فِی الْبُنْیَانِ۔

ترجمہ: اور یہ معنی ہونے کا بھی احتمال رکھتا ہے کہ شخص باندی سے لڑکا اور پھر اس باندی کو بیچے گا پس لڑکا بڑا ہو جائے گا اور وہ اپنی ماں کو خریدے گا، اور یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان: ﴿وَ اَنْ تَرَی الْحُفَاۃَ الْعُرَاۃَ الْعَالَۃَ رِعَاءَ الشَّاءِ یَتَطَاوَلُوْنَ فِی الْبُنْیَانِ﴾ اس لئے کہا اَلعَالَۃ وہ فقراء ہیں، اور اَلعَاءِلُ الفَقِیر کے معنی میں ہے، اور العَیلَۃ الفَقرُ کے معنی میں ہے اور عَالَ الرَّجُلُ یَعِیلُ عَیلَۃ یعنی آدمی فقیر ہو گیا(باب ضَرَبَ یَضرِبُ سے ہے) اور الرِّعَاءُ راء کے کسرہ کے ساتھ اور مد کے ساتھ اور اس میں کہا جاتا ہے رُعَاۃٌ راء کے ضمہ کے ساتھ اور مد کے بغیر تاء کی زیادتی کے ساتھ، اس کا معنی یہ ہے کہ صحراء اور جنگل کے رہنے والے اور ان کے مشابہ حاجت اور فاقہ والے عمارت اور دنیا میں چڑھیں گے اور ان کے لئے پھیلا دیا جائے گا یہاں تک کہ عمارت میں فخر کریں گے۔

-:-

قَوْلُہُ: ﴿فَلَبِثَ مَلِیًّا﴾ ھُوَ بِفَتْحِ الثَّاءِ عَلٰی اَنَّہُ لِلْغَائِبِ، وَ قِیْلَ: فَلَبِثْتُ بِزِیَادَۃِ تَاءِ الْمُتَکَلِّمِ ، وَ کِلَاھُمَا صَحِیْحٌ۔ وَ مَلِیًّا بِتَشْدِیْدِ الْیَاءِ مَعْنَاہُ وَقْتًا طَوِیْلًا، وَفِی رِوَایَۃِ اَبِی دَاؤُدَ وَ التِّرْمِذِیِّ ، اَنَّہُ قَالَ: بَعْدَ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ۔ وَفِی شَرْحِ التَّنْبِیْہِ لِلْبَغْوِی اَنَّہُ قَالَ: بَعْدَ ثَلَاثٍ فَاَکْثَرَ، وَ ظَاھِرُ ھٰذَا اَنَّہُ بَعْدَ ثَلَاثِ لَیَالٍ۔ وَ فِی ظَاھِرِ ھٰذَا مُخَالَفَۃٌ لِقَوْلِ اَبِی ھُرَیْرَۃَ فِی حَدِیْثِہٖ، ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ: ﴿رُدُّوْا عَلَیَّ الرَّجُلَ﴾ فَاَخَذُوْا یُرَدُّوْنَہُ فَلَمْ یَرَوْا شَیْئًا فَقَالَ ﷺ: ﴿ھٰذَا جِبْرِیْلُ﴾۔ فَیُمْکِنُ الْجَمْعُ بَیْنَھُمَا بِاَنَّ عُمَرَ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ لَمْ یَحْضُرْ ﴿عِنْدَ﴾ قَوْلِ النَّبِیِّ ﷺ لَھُمْ فِی الْحَالِ، بَلْ کَانَ قَدْ قَامَ مِنَ الْمَجْلِسِ فَاَخْبَرَ النَّبِیُّ ﷺ الْحَاضِرِیْنَ فِی الْحَالِ، وَ اَخْبَرُوْا عُمَرَ بَعْدَ ثَلَاثٍ اِذْ لَمْ یَکُنْ حَاضِرًا عِنْدَ اِخْبَارِ الْبَاقِیْنَ۔

ترجمہ: ان کا قول: (فَلَبِثَ مَلِیًّا) ثاء کے فتحہ کے ساتھ اس طور پر کہ یہ غائب کے لئے ہے، اور فَلَبِثْتُ بھی کہا گیا

ہے تائے متکلم کی زیادتی کے ساتھ، اور یہ دونوں درست ہیں، اور مَلِیّاً یاء کی تشدید کے ساتھ اس کا معنی طویل وقت ہے، اور ابو داؤد اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا کہ تین دن بعد، امامِ بغوی کی شرح التنبیہ میں ہے کہ انہوں نے کہا تین دن سے زیادہ کے بعد، اور ظاہر یہ ہے کہ تین راتوں کے بعد، اور ظاہر میں یہ قول حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ان کے قول کی مخالفت کرتا ہے، پھر وہ شخص واپس چلا گیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (اس آدمی کو میرے پاس لاؤ) تو لوگوں نے اس کو پکڑنا چاہا لیکن انہوں نے کچھ (کسی کو) نہ دیکھا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (یہ جبریل ہیں) پس اس کے مابیب جمع کرنا ممکن ہے بایں طور کہ ترنت نبی ﷺ کا صحابہ سے فرمانے کے وقت حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ وہاں پر حاضر نہ تھے بلکہ مجلس سے کھڑے ہو گئے تھے پھر نبی ﷺ نے حاضرین کو ترنت خبر دی، اور صحابہ نے حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ کو تین دن بعد خبر دی اس لئے کہ حضرتِ عمر بقیہ خبر دینے کے وقت حاضر نہ تھے۔

:۔:

وَ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿هٰذَا جِبْرِيْلُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْاِيْمَانَ، وَ الْاِسْلَامَ وَ الْاِحْسَانَ، تُسَمّٰى كُلُّهَا دِيْناً، وَفِي الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْاِيْمَانَ بِالْقَدَرِ وَاجِبٌ، وَعَلٰى تَرْكِ الْخَوْضِ فِي الْاُمُوْرِ، وَعَلٰى وُجُوْبِ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ، دَخَلَ رَجُلٌ عَلَى ابْنِ حَنْبَلٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: عِظْنِيْ، فَقَالَ لَهُ: اِنْ كَانَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدْ تَكَفَّلَ بِالرِّزْقِ فَاهْتِمَامُكَ لِمَاذَا؟ وَاِنْ كَانَ الْخَلْفُ عَلَى اللّٰهِ حَقّاً فَالْبُخْلُ لِمَاذَا؟ وَاِنْ كَانَتِ الْجَنَّةُ حَقّاً فَالرَّاحَةُ لِمَاذَا؟ وَاِنْ كَانَتِ النَّارُ حَقّاً فَالْمَعْصِيَّةُ لِمَاذَا؟ وَاِنْ كَانَ سُؤَالُ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ حَقّاً فَالْاُنْسُ لِمَاذَا؟ وَ اِنْ كَانَتِ الدُّنْيَا فَانِيَةً فَالطُّمَأْنِيْنَةُ لِمَاذَا؟ وَ اِنْ كَانَ الْحِسَابُ حَقّاً فَالْجَمْعُ لِمَاذَا؟ وَ اِنْ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ بِقَضَاءٍ وَقَدَرٍ فَالْخَوْفُ لِمَاذَا؟

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (هٰذَا جِبْرِيْلُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ) اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ اسلام اور ایمان اور احسان ان سب کا نام دین رکھا جاتا ہے، اور حدیث میں اس بات پر دلیل ہے کہ ایمان بالقدر (تقدیر پر

ایمان لانا) واجب ہے، اور معاملات میں مشغول ہونے (نکتہ چینی کرنے) کو ترک کرنے پر، اور رضا بقضاء (تقدیر پر راضی رہنے) پر بھی یہ حدیث دلیل ہے، ایک آدمی حضرتِ امام ابنِ حنبل رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی آپ مجھے نصیحت کریں، تو آپ نے اس سے فرمایا: اگر اللہ تعالی رزق کا کفیل ہے تو تیرا اہتمام کرنا کیسا؟ اور اگر اللہ تعالی کا وعدہ پورا کرنا (بدلہ دینا) حق ہے تو بخل کیسا؟ اور اگر جنت حق ہے تو تو (دنیوی) راحت کیسے؟ اور اگر جہنم حق ہے تو نافرمانی کیسی؟ اور اگر منکر نکیر کے سؤال حق ہیں تو انسیت کیسی؟ اور اگر دنیا فانی ہے تو (دنیا میں) طمانیت کیسی؟ اور اگر حساب حق ہے تو (مال کا) جمع کرنا کیسا؟ اور اگر ہر چیز قضا اور قدر سے ہے تو خوف کیسا؟

.-

فَائِدَةٌ: ذَكَرَ صَاحِبُ مَقَامَاتِ الْعُلَمَآءِ اَنَّ الدُّنْيَا كُلَّهَا مَقْسُوْمَةٌ عَلٰى خَمْسَةٍ وَّ عِشْرِيْنَ قِسْماً: خَمْسَةٌ بِالْقَضَاءِ وَ الْقَدَرِ، وَ خَمْسَةٌ بِالْاِجْتِهَادِ، وَ خَمْسَةٌ بِالْعَادَةِ، وَ خَمْسَةٌ بِالْجَوْهَرِ، وَ خَمْسَةٌ بِالْوِرَاثَةِ، فَاَمَّا الْخَمْسَةُ الَّتِى بِالْقَضَاءِ وَ الْقَدَرِ : فَالرِّزْقُ، وَ الْوَلَدُ، وَ الْاَهْلُ، وَ السُّلْطَانُ ، وَ الْعُمُرُ- وَ الْخَمْسَةُ الَّتِى بِالْاِجْتِهَادِ: فَالْجَنَّةُ، وَ النَّارُ ، وَ الْعِفَّةُ، وَ الْفُرُوْسِيَّةُ، وَ الْكِتَابَةُ، وَ الْخَمْسَةُ الَّتِى بِالْعَادَةِ: فَالْاَكْلُ، وَ النَّوْمُ، وَ الْمَشِيُ، وَ النِّكَاحُ، وَ التَّغَوُّطُ،-

ترجمہ: فائدہ: صاحبِ مقاماتِ علماء نے ذکر کیا ہے کہ تمام دنیا پندرہ قسموں پر تقسیم کی ہوئی ہے، پانچ قضاء و قدر کے ساتھ، اور پانچ اجتہاد کے ساتھ، اور پانچ عادت کے ساتھ، اور پانچ جوہر کے ساتھ، اور پانچ وراثت کے ساتھ۔ پس رہے وہ پانچ جو قضاء و قدر کے ساتھ ہیں تو وہ (۱) رزق، (۲) لڑکا (بال بچے)، (۳) گھر والے، (۴) بادشاہ، اور (۵) عمر ہیں، اور وہ پانچ جو اجتہاد کے ساتھ ہیں تو وہ (۱) جنت، (۲) دوزخ، (۳) پاک دامنی، (۴) شہسواری، (۵) لکھائی ہیں۔ اور وہ پانچ جو عادت کے ساتھ ہیں تو وہ (۱) کھانا، (۲) سونا، (۳) چلنا، (۴) نکاح کرنا، (۵) پائخانہ کرنا ہیں۔

ـ:ـ

وَ الْخَمْسَةُ الَّتِی بِالْجَوْهَرِ: فَالزُّهْدُ، وَ الذَّكَاءُ، وَ الْبَذْلُ، وَ الْجَمَالُ، وَ الْهَيْبَةُ۔ و۔ الْخَمْسَةُ الَّتِی بِالْوِرَاثَةِ: فَالْخَيْرُ، وَ التَّوَاصِلُ، وَالسَّخَاءُ، وَ الصِّدْقُ، وَ الْاَمَانَةُ۔ وَ هٰذَا كُلُّهُ لَا يُنَافِیْ قَوْلَهُ ﷺ ﴿كُلُّ شَيْیءٍ بِقَضَاءٍ وَ قَدَرٍ﴾ وَ اِنَّمَا مَعْنَاهُ: اَنَّ بَعْضَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ يَكُوْنُ مُرَتَّباً عَلٰی سَبَبٍ، وَ بَعْضُهَا يَكُوْنُ بِغَيْرِ سَبَبٍ، وَ الْجَمِيْعُ بِقَضَاءٍ وَ قَدَرٍ۔

ترجمہ: اور وہ پانچ جو جوہر کے ساتھ ہیں تو وہ (۱) زہد، (۲) عقل مندی، (۳) خرچ کرنا یعنی سخاوت، (۴) جمال یعنی خوبصورتی، (۵) اور ہیبت ہیں۔ اور وہ پانچ جو وراثت کے ساتھ ہیں تو وہ (۱) خیر یعنی بھلائی، (۲) تعلّق رکھنا، (۳) فیاضی کرنا، (۴) سچ بولنا، (۵) اور امانت ادا کرنا ہیں۔ اور تمام کی تمام چیزیں نبی ﷺ کے فرمان (كُلُّ شَيْیءٍ بِقَضَاءٍ وَ قَدَرٍ) کے منافی نہیں ہیں، اور محض اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ بیشکان اشیاء میں سے بعض کسی نہ کسی سبب پر مرتب ہوتی ہیں اور بعض بلا سبب مرتب ہوتی ہیں، اور تمام کی تمام چیزیں قضاء وقدر سے ہیں۔

ـ:ـ

اَلْحَدِيْثُ الثَّالِثُ

عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ يَقُوْلُ بُنِیَ الْإِسْلَامُ عَلَی خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَ مُسْلِمٌ۔ "صحیح البخاری"، کتاب الایمان، باب دعائکم ایمانکم، ر:8، 1/14۔ ("صحیح مسلم"، کتاب الایمان، باب بیان أرکان الاسلام...إلخ، ر:16، ص27.)

ترجمہ: حضرت ابن عمر سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اسلام پانچ چیزوں پر قائم کیا گیا اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکوۃ دینا اور حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔

آپ کا نام عبداللہ بن عمر ہے، ظہور نبوت سے ایک سال پہلے پیدا ہوئے ۳ے؁ھ میں شہادتِ ابن زبیر سے تین ماہ بعد وفات پائی، ذی طویٰ کے مقبرہ مہاجرین میں دفن ہوئے، چوراسی سال عمر شریف پائی، بڑے متقی اور اعمل بالسنۃ تھے۔ رضی اللہ عنہ۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص ۴۵)

:۔

قَوْلُهُ ﷺ: ﴿بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ﴾ أَيْ: فَمَنْ أَتٰى بِهٰذِهِ الْخَمْسِ فَقَدْ تَمَّ إِسْلَامُهُ، كَمَا أَنَّ الْبَيْتَ يَتِمُّ بِأَرْكَانِهِ كَذٰلِكَ الْإِسْلَامُ يَتِمُّ بِأَرْكَانِهِ وَهِيَ خَمْسٌ، وَهٰذَا بِنَاءٌ مَعْنَوِيٌّ شَبَّهَ بِالْحِسِّيِّ، وَوَجْهُ التَّشْبِيْهِ أَنَّ الْبِنَاءَ الْحِسِّيَّ إِذَا انْهَدَمَ بَعْضُ أَرْكَانِهِ لَمْ يَتِمَّ، فَكَذٰلِكَ الْبِنَاءُ الْمَعْنَوِيُّ، وَلِهٰذَا قَالَ ﷺ: ﴿الصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ﴾ وَكَذٰلِكَ يُقَاسُ الْبَقِيَّةُ، وَمِمَّا قِيْلَ فِي الْبِنَاءِ الْمَعْنَوِيِّ:

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کا فرمان: یعنی جو شخص ان پانچ چیزوں کو بجالایا پس تحقیق کہ اس نے اپنے اسلام کو مکمل کر لیا، جیسے کہ گھر اپنے ارکان کے ساتھ مکمل ہو جاتا ہے ایسے ہی اسلام اپنے ارکان کے ساتھ مکمل ہو جاتا ہے، اور اسلام کے ارکان پانچ ہیں، اور یہ بنائے معنوی بنائے حسّی کے مشابہ ہے اور دونوں کے درمیان وجہ تشبیہ یہ ہے کہ بنائے حسّی جب اس کے بعض ارکان منہدم (گر) ہو جایں تو وہ مکمل نہیں ہوتا پس ایسے ہ بنائے معنوی بھی ہے، اور اسی وجہ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (نماز دین کا ستون ہے پس جس نے اس کو چھوڑ دیا تو اس نے دین کو ڈھا (گرا) دیا) اور ایسے ہی بقیہ کو قیاس کیا جائے گا۔ اور اسی میں سے یہ بھی ہے جو بنائے معنوی میں کہا گیا ہے (شعر)۔

:۔

بَنَا الْأُمُوْرَ بِأَهْلِ الدِّيْنِ مَا صَلَحُوْا وَإِنْ تَوَلُّوْا فَبِالْأَشْرَارِ تُنْقَادُ

لَا يُصْلِحُ النَّاسَ فَوْضٰى لَا سَرَاةَ لَهُمْ وَلَا سَرَاةَ إِذَا جُهَّالُهُمْ سَادُوْا

وَ الْبَیْتُ لَا یُبْتَنٰی اِلَّا لَهُ عَمَدٌ   وَلَا عِمَادَ اِذَا لَمْ تُرَسَّ اَوْتَادُ

وَ قَدْ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُنَافِقِیْنَ فَقَالَ تَعَالٰی: ﴿أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْیَانَهُ عَلٰی تَقْوٰی مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٍ﴾ التوبة: ۱۰۹۔ شُبِّهَ بِنَاءُ الْمُؤْمِنِ بِالَّذِیْ وَضَعَ بُنْیَانَهُ عَلٰی وَسْطِ طَوْدٍ اَیْ: جَبَلٍ رَاسِخٍ، وَ شُبِّهَ بِنَاءُ الْکَافِرِ بِمَنْ وَضَعَ بُنْیَانَهُ عَلٰی طَرَفِ جُرُفٍ بَحْرٍ هَارٍ، لَا ثُبَاتَ لَهُ فَاَکَلَهُ الْبَحْرُ فَانْهَارُ الْجُرُفِ فَانْهَارُ بُنْیَانِهٖ فَوَقَعَ بِهٖ فِی الْبَحْرِ، فَغَرَقَ، فَدَخَلَ جَهَنَّمَ۔

ترجمہ: (اللہ نے)معاملات کی بنیادرکھی ہے دین والوں کے ذریعہ جب تک وہ نیک رہیں۔

اور اگر انہوں نے منہ پھیرا تو برے لوگوں کے ذریعہ (انہیں) جھکایا جائے گا۔

(اس وقت تک)لوگ لادینی کو درست نہیں کرتے (جب تک) ان کے لئے سردار نہ ہو۔

اور (اس وقت تک) سردار نہیں ہوتا (جب تک)ان جاہل کے لوگ سرداری کریں۔

اور گھر نہیں بنایا جاتا مگر اس کے لئے ستون ہوتے ہیں۔

اور ستون (اس وقت تک) نہیں ہوتے جب تک کیلوں سے مضبوط نہ کیا جائے۔

اور اللہ تعالی نے مؤمنین اور منافقین کی مثال بیان فرمائی ہے، پس اللہ تعالی نے فرمایا:(تو کیا جس نے اپنی بنیاد رکھی اللہ سے ڈر اور اس کی رضا پر)۔مؤمن کی عمارت کو اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جس نے اپنی عمارت (کی بنیاد) بڑے پہاڑ کے وسط (بیچ) میں رکھی گئی ہو، یعنی مضبوط پہاڑ، اور منافقین کی عمارت کو اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جس نے اپنی عمارت (کی بنیاد) گرنے والے سمندر کے کگار کے کنارے پر رکھی گئی ہو، پس اس کے لئے کوئی پائیداری نہیں ہوتی، پس سمندر اس کو کھا گیا، پس (جو نہی) کگار بہی تو اس کی عمارت بھی بہہ جائے گی لہذا وہ عمارت کے ساتھ سمندر میں جا پڑے گا، پس وہ غرق ہو گا اور جہنم مین داخل ہو گا۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:

قَوْلُهٗ ﷺ ﴿بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ﴾ اَیْ: بِخَمْسٍ عَلٰی اَنْ تَکُوْنَ عَلٰی: بِمَعْنٰی الْبَاءِ وَ اِلَّا فَالْمَبْنِیُّ غَیْرُ

اَلْمَبْنِیّ عَلَیْہِ فَلَوْ اَخَذْنَا بِظَاھِرِہٖ لَکَانَتِ الْخَمْسَۃُ خَارِجَۃً عَنِ الْاِسْلَامِ وَ ھُوَ فَاسِدٌ، وَیَحْتَمِلُ اَنْ تَکُوْنَ بِمَعْنٰی مِنْ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی: ﴿اِلَّا عَلٰی اَزْوَاجِھِمْ﴾ المؤمنون:۶- اَیْ مِنْ اَزْوَاجِھِمْ- اَلْخَمْسَۃُ الْمَذْکُوْرَۃُ فِی الْحَدِیْثِ اُصُوْلُ الْبِنَاءِ وَ اَمَّا التَّتِمَّاتُ الْمُکَمِّلَاتُ کَبَقِیَّۃِ الْوَاجِبَاتِ وَ سَائِرِ الْمُسْتَحَبَّاتِ فَھِیَ زِیْنَۃٌ لِلْبِنَاءِ-
ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کا فرمان: یعنی پانچ کے ساتھ اس طور پر کہ عَلٰی باء کے معنی میں ہے ورنہ تو مبنی اس پر غیر مبنی ہو گا، پس اگر ہم اس کے ظاہر کو لیں تو ضرور پانچ اسلام سے خارج ہو گا اور یہ فاسد ہے، اور عَلٰی مِنْ کے معنی میں ہونے کا بھی احتمال رکھتا ہے جیسے اللہ تعالی کا فرمان: (مگر اپنی بیبیوں پر) یعنی مِنْ اَزْوَاجِہِمْ- حدیث میں ذکر کی ہوئی پانچ چیزیں عمارت کی جڑ ہیں اور رہے تتماتِ مکملات () تو وہ بقیہ واجبات ہیں اور تمام مستحبات عمارت کی زینت ہیں-

-:-

وَ قَدْ وَرَدَ فِی الْحَدِیْثِ اَنَّہٗ ﷺ قَالَ: ﴿اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَّ سَبْعُوْنَ شُعْبَۃً اَعْلَاھَا قَوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ، قَالَ: وَ اَدْنَاھَا اِمَاطَۃُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ﴾- قَوْلُہٗ ﷺ: ﴿وَحَجِّ البَیْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ﴾ ھٰکَذَا جَآءَ فِی ھٰذِہِ الرِّوَایَۃِ بِتَقْدِیْمِ الْحَجِّ عَلَی الصَّوْمِ، وَ ھٰذَا مِنْ بَابِ التَّرْتِیْبِ فِی الذِّکْرِ دُوْنَ الْحُکْمِ، لِاَنَّ صَوْمَ رَمَضَانَ وَجَبَ قَبْلَ الْحَجِّ وَ قَدْ جَآءَ فِی الرِّوَایَۃِ الْاُخْرٰی تَقْدِیْمُ الصَّوْمِ عَلَی الْحَجِّ-
ترجمہ: اور حدیثِ پاک میں وارد ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (ایمان کے ستّر سے زائد شعبہ ہیں ان می کا اعلیٰ لَااِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنا ہے، اور فرمایا: ان میں کا ادنی راستہ کی تکلیف دہ چیز کو دور کرنا ہے)- رسول اللہ ﷺ کا فرمان: ایسے ہی اس روایت میں روزہ پر حج کی تقدیم آئی ہے، اور یہ تقدیم ذکر میں ترتیب کے باب سے ہے نہ حکم میں، اس لئے کہ ماہِ رمضان کے روزے حج سے پہلے فرض ہوئے ہیں اور ایک دوسری روایت میں حج پر روزے کی تقدیم آئی ہے-

-:-

الْحَدِيْثُ الرَّابِعُ

عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: ﴿إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِيْنَ يَوْماً نُطْفَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يُرْسَلُ إِلَيْهِ المَلَكُ فَيَنْفُخُ فِيْهِ الرُّوْحَ، وَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ: بِكَتْبِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيْدٌ. فَوَاللهِ الَّذِي لاَ إِلَهَ غَيْرُهُ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلاَّ ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهل النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلاَّ ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهل الجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا﴾ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ۔ "صحیح البخاری"، کتاب بدء الخلق، باب ذکر الملائکۃ، ر:3208، 2/38.

ترجمہ: حضرت ابن مسعود سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہمیں سچے مصدوق نبی ﷺ نے خبر دی کہ تم میں سے ہر ایک کا مادۂ پیدائش ماں کے پیٹ میں جمع کیا جاتا ہے تو چالیس دن نطفہ رہتا ہے پھر اسی قدر خون کی پھٹک پھر اسی قدر لو تھڑا پھر ایک فرشتہ اس کی طرف بھیجا جاتا ہے پس وہ اس میں روح پھونکتا ہے، اور اسے چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے اس کے رزق، اس کی موت، اس کے عمل، اور نیک ہونے یا برے ہونے کو لکھنے کا، تو اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ تم میں بعض جنتیوں کے کام کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ اچانک نوشتہ تقدیر اس کے سامنے آتا ہے اور دوزخیوں کے کام کر لیتا ہے تو جہنم میں داخل ہو جاتا ہے اور تم میں بعض دوزخیوں کے کام کرتے ہیں یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان

صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ نوشتہ اس کے سامنے آتا ہے اور جنتیوں کے کام کرتا ہے تو وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

آپ کی کنیت ابو عبد الرحمن اور ابن امّ عبد ہے، قبیلہ بنی حزیل سے ہیں، قدیم الاسلام اور جلیل القدر صحابی ہیں۔ عمر فاروق سے پہلے اسلام لائے، صاحبِ ہجرتین ہیں کہ اول حبشہ کی طرف اور پھر مدینہ پاک کی جانب ہجرت کی، بدر اور تمام غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین بردار اور صاحب اسرار تھے، سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مسواک اور پانی لوٹا آپ کے ساتھ رہتا تھا۔ عہد فاروقی میں کوفہ کے قاضی رہے، عہد عثمانی میں مدینہ پاک آگئے، ساٹھ سال سے زیادہ عمر پائی ۳۲ھ میں مدینہ پاک میں وفات ہوئی، جنت البقیع میں دفن ہوئے، خلفاء راشدین کے بعد بڑے فقیہ اور عالم صحابی آپ ہیں، امام ابو حنیفہ اکثر آپ ہی کی پیروی کرتے ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص۷۸)

.-

قَوْلُهُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: ﴿وَهو الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ﴾ اَيْ: شَهِدَ اللهُ لَهُ بِاَنَّهُ الصَّادِقُ، وَ الْمَصْدُوْقُ بِمَعْنَى الْمُصَدَّقِ فِيْهِ۔ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ أُمِّ﴾ يَحْتَمِلُ اَنْ يُّرَادَ اَنَّهُ يُجْمَعُ بَيْنَ مَاءِ الرَّجُلِ وَ الْمَرْأَةِ فَيُخْلَقُ مِنْهُمَا الْوَلَدُ كَمَا قَالَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ﴾ الآية، الطارق:۶۔ وَ يَحْتَمِلُ اَنَّ الْمُرَادَ اَنَّهُ يُجْمَعُ مِنَ الْبَدَنِ كُلِّهِ، وَ ذٰلِكَ اَنَّهُ قِيْلَ: اِنَّ النُّطْفَةَ فِي الطَّوْرِ الْاَوَّلِ تَسْرِيْ فِي جَسَدِ الْمَرْأَةِ اَرْبَعِيْنَ يَوماً، وَ هِيَ اَيَّامُ التَّوَحُّمِ۔

ترجمہ: عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول: (وَهو الصَّادِقُ الْمَصْدُوْق) یعنی اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کی گواہی دی ہے بایں طور آپ ﷺ صادق ہیں، اور مصدوق ہی بمعنی مصدَّق فیہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ اُمِّ) یہ مراد ہونے کا بھی احتمال رکھتا ہے کہ عورت اور مرد کے پانی کے درمیان جمع کیا جاتا ہے پس ان دونوں سے لڑکا پیدا کیا جاتا ہے جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا: (پیدا کیا گیا جست کرتے پانی سے)۔ اور اس بات کے مراد ہونے کا بھی احتمال رکھتا ہے کہ تمام بدن میں جمع کیا جاتا ہے، اور یہ اس طور پر کہ کہا گیا ہے: کہ نطفہ پہلی حالت میں چالیس دن تک عورت کے جسم میں سرایت کرتا ہے، اور یہ حاملہ ہونے کے ایّام ہیں۔

.-

ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِكَ تُجْمَعُ وَ يَذِرُ عَلَيْهَا مِنْ تُرْبَةِ الْمَوْلُوْدِ فَتَصِيْرُ عَلَقَةً ثُمَّ يَسْتَمِرُّ فِي الطَّوْرِ الثَّانِيْ فَيَأْخُذُ فِي الْكِبَرِ حَتّٰى تَصِيْرَ مُضْغَةً، وَ سُمِّيَتْ مُضْغَةٌ لِاَنَّهَا بِقَدْرِ اللُّقْمَةِ الَّتِى تُمْضَغُ، ثُمَّ فِي الطَّوْرِ الثَّالِثِ يُصَوِّرُ اللهُ تِلْكَ

الْمُضْغَةَ وَ يَشُقُّ فِيْهَا السَّمْعَ وَ الْبَصَرَ وَ الشَّمَّ وَ الْفَمَ، وَ يُصَوِّرُ فِي دَاخِلِ جَوْفِهَا الْحَوَايَا وَ الْأَمْعَاءَ، قَالَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ﴾ الآية: آل عمران:۶۔ ثُمَّ إِذَا تَمَّ الطَّوْرُ الثَّالِثُ وَ هُوَ أَرْبَعُوْنَ صَارَ لِلْمَوْلُوْدِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ نُفِخَتْ فِي الرُّوْحُ، قَالَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ﴾ يَعْنِي: أَبَاكُمْ آدَمَ ﴿ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ﴾ يَعْنِي ذُرِّيَّتَهُ، وَ النُّطْفَةُ: اَلْمَنِيُّ، ، وَ أَصْلُهَا الْمَاءُ الْقَلِيْلُ وَ جَمْعُهَا نِطَافٌ۔

ترجمہ: پھر اس کے بعد جمع کیا جاتا ہے اور اس پر چھوڑا جاتا ہے یعنی مولود کی مٹی تو وہ خون کی پھٹک ہو جاتا ہے پھر دوسری حالت میں گزرتا ہے تو بڑے حصہ میں اثر کرتا ہے یہاں تک کہ وہ لو تھڑا ہو جاتا ہے، اور اس کا نام مضغہ رکھا گیا اس لئے کہ یہ اس لقمہ کی مقدار میں ہوتا ہے جس کو چبایا جاتا ہے، پھر تیسری حالت میں اللہ تعالی اس مضغہ کی صورت بناتا ہے اور اس میں کان اور آنکھ اور ناک اور منہ نکالتا ہے، اور اس کے اندرونی حصہ کے بیچ میں سمٹی ہوئی آنتوں کی تصویر بناتا ہے، اللہ تعالی نے فرمایا:(وہی ہے کہ تمہاری تصویر بناتا ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہے)۔ پھر جب تیسری حالت پوری ہو جاتی ہے اور وہ چالیس دن ہیں تو یوں نو مولود کو چار مہینہ ہو جاتے ہیں، اب روح پھونکی جاتی ہے، اللہ تعالی نے فرمایا:(اے لوگو اگر تمہیں قیامت کے دن جینے میں کچھ شک ہو تو یہ غور کرو کہ ہم نے تمہیں پیدا کیا مٹی سے) یعنی تمہارے باپ آدم سے (پھر پانی کی بوند سے) یعنی آدم کی اولاد کو، اور نطفہ منی کو کہتے ہیں اور اس کی اصل تھوڑا پانی ہے اور اس کی جمع نِطَافٌ آتی ہے۔

-.-

﴿ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ﴾ وَ هُوَ الدَّمُ الْغَلِيْظُ الْمُتَجَمِّدُ، وَ تِلْكَ النُّطْفَةُ تَصِيْرُ دَماً غَلِيْظاً ﴿ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ﴾ وَ هِيَ لَحْمَةٌ ﴿مُّخَلَّقَةٍ وَ غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ﴾ الحج:۵۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مُخَلَّقَةٌ أَيْ: تَامَّةٌ، وَ غَيْرُ مُخَلَّقَةٍ أَيْ: غَيْرُ تَامَّةٍ بَلْ نَاقِصَةُ الْخَلْقِ، وَ قَالَ مُجَاهِدٌ: مُصَوَّرَةٌ وَ غَيْرُ مُصَوَّرَةٍ، يَعْنِي السِّقْطَ۔ وَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: ﴿إِنَّ النُّطْفَةَ إِذَا اسْتَقَرَّتْ فِي الرَّحِمِ أَخَذَهَا الْمَلَكُ بِكَفِّهِ فَقَالَ: أَيْ رَبِّ مُخَلَّقَةٌ أَوْ غَيْرُهُ مُخَلَّقَةٍ ؟ فَإِنْ قَالَ : غَيْرُ

مُخَلَّقَةٍ، قَذَفَهَا فِي الرَّحِمِ دَماً وَ لَمْ تَكُنْ نَسَمَةً، وَ اِنْ قَالَ: مُخَلَّقَةٌ، قَالَ الْمَلَكُ: أَيْ رَبِّ أَ ذَكَرٌ أَمْ أُنْثٰى ؟ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيْدٌ ؟ مَا الرِّزْقُ وَ مَا الْأَجَلُ وَ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ ؟ فَيُقَالُ لَهُ اِذْهَبْ اِلٰى أُمِّ الْكِتَابِ فَاِنَّكَ تَجِدُ فِيْهَا كُلَّ ذٰلِكَ - فَيَذْهَبُ فَيَجِدُهَا فِي أُمِّ الْكِتَابِ فَيَنْسَخُهَا فَلَا تَزَالُ مَعَهُ حَتّٰى يَأْتِيَ اِلٰى آخَرَ صِفَتِهٖ﴾۔

ترجمہ: (پھر خون کی پھٹک سے) اور وہ گاڑھا جمع ہوا خون ہیاور وہ نطفہ گاڑھا خون ہو جاتا ہے (پھر گوشت کی بوٹی سے) اور وہ گوشت ہے (نقشہ بنی اور بے بنی)۔ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مُخَلَّقَةٍ یعنی مکمل اور غَیْرُ مُخَلَّقَةٍ یعنی غیر مکمل بلکہ ناقص الخلق، اور مجاہد نے کہا کہ مُخَلَّقَةٍ کا معنی مُصَوَّرَةٌ تصویر دی ہوئی ہے اور غَیْرُ مُخَلَّقَةٍ کا معنی غَیْرُ مُصَوَّرَةٍ تصویر نہ دی ہوئی یعنی ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے گر جائے ہے۔ اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (نطفہ جب رحم میں قرار پا جاتا ہے تو فرشتہ اس کو اپنی ہتھیلی میں لیتا ہے پس کہتا ہے اے میرے رب عزوجل مکمل یا غیر مکمل ؟ پس اگر رب تعالی نے فرمایا غیر مکمل، تو فرشتہ اس کو رحم میں خون کی حالت میں پھینک دیتا ہے اور وہ ہوں جاندار نہیں ہوتی، اور اگر رب تعالی نے فرمایا مکمل، تو فرشتہ عرض کرتا ہے اے میرے رب عزوکل کیا مرد یا عورت ؟ کیا بد بخت یا نیک بخت ؟ (اس کا) رزق کتنا اور عمر کتنی اور کس زمین میں مرے گا ؟ پس فرشتہ کو کہا جاتا ہے تو اُم الکتاب کی طرف جا پس تو اس میں یہ تمام چیزیں پائے گا، پس فرشتہ جاتا ہے تو اُم الکتاب میں اس کو پاتا ہے لہذا اس کو نقل کرتا ہیاور یہ نقل اس کے پاس ہمیشہ رہتی ہییہاں تک کہ وہ آدمی اپنی آخری حالت کی طرف آ جاتا ہے)۔

:۔

وَ لِهٰذَا قِيْلَ: السَّعَادَةُ قَبْلَ الْوِلَادَةِ۔ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ﴾ أَيْ: الَّذِي سَبَقَ فِي الْعِلْمِ، أَوِ الَّذِي سَبَقَ فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ، أَوِ الَّذِي سَبَقَ فِي بَطْنِ الْأُمِّ۔ وَ قَدْ تَقَدَّمَ أَنَّ الْمَقَادِيْرَ أَرْبَعَةٌ۔ قَوْلُهُ ﷺ: ﴿حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلاَّ ذِرَاعٌ﴾ هُوَ تَمْثِيْلٌ وَ تَقْرِيْبٌ، وَ الْمُرَادُ قِطْعَةٌ مِّنَ الزَّمَانِ مِنْ آخِرِ عُمْرِهٖ وَ لَيْسَ الْمُرَادُ حَقِيْقَةُ الذِّرَاعِ، وَ تَحْدِيْدُهُ مِنَ الزَّمَانِ، فَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَ الْمُسْلِمُ اِذَا تَكَلَّمَ فِي آخِرِ عُمْرِهٖ بِكَلِمَةِ الْكُفْرِ دَخَلَ النَّارَ۔

ترجمہ: اسی وجہ سے کہا گیا کہ نیک بختی پیدائش سے پہلے ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابِ) یعنی جو علمِ الٰہی میں گزرا، یا جو لوحِ محفوظ میں گزرا، یا جو ماں کے پیٹ میں گزرا۔ اور گزر چکا ہے کہ تقدیر چار قسم کی ہوتی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (حَتَّى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ) یہ مثال بیان کرنا اور بات کو ذہن سے قریب کرنا ہے، اور مراد آدمی کے عمر کے آخری زمانے کا ٹکڑا ہے اور ذراع کی حقیقت مراد نہیں ہے، اور اس کی حد بندی زمانے سے ہے، پس کافر جب کہے اور پھر مر جائے تو جنت میں داخل ہو گا، اور جب مسلمان اپنی عمر کے آخر میں کلمۂ کفر کہے تو جہنم میں داخل ہو گا۔

وَفِي الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ عَلٰى عَدَمِ الْقَطْعِ بِدُخُوْلِ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ، وَإِنْ عَمِلَ سَائِرَ أَنْوَاعِ الْبِرِّ، أَوْ عَمِلَ سَائِرَ أَنْوَاعِ الْفِسْقِ، وَعَلٰى أَنَّ الشَّخْصَ لَا يَتَّكِلُ عَلٰى عَمَلِهِ وَلَا يُعْجِبُ بِهِ لِأَنَّهٗ لَا يَدْرِيْ مَا الْخَاتِمَةَ۔ وَيَنْبَغِيْ لِكُلِّ أَحَدٍ أَنْ يَّسْأَلَ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى حُسْنَ الْخَاتِمَةِ وَيَسْتَعِيْذَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ سُوْءِ الْخَاتِمَةِ وَشَرِّ الْعَاقِبَةِ۔ فَإِنْ قِيْلَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ إِنَّا لَا نُضِيْعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا﴾ الکهف: ٣٠۔ ظَاهِرُ الْاٰيَةِ أَنَّ الْعَمَلَ الصَّالِحَ مِنَ الْمُخْلِصِ يُقْبَلُ، وَإِذَا حَصَلَ الْقُبُوْلُ بِوَعْدِ الْكَرِيْمِ أَمِنَ مَعَ ذٰلِكَ مِنْ سُوْءِ الْخَاتِمَةِ

ترجمہ: اور حدیث میں جنت یا جہنم میں داخل ہونے کے عدمِ قطعی ہونے پر دلیل ہے، اگرچہ اس نے نیکی کی تمام قسموں پر عمل کیا یا فسق کی تمام قسموں پر عمل کیا، اور اس بات پر بھی دلیل ہے کہ آدمی اپنے عمل پر بھروسہ نہ کرے اور نہ اپنے عمل پر خوش ہو اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ خاتمہ کیسے ہو گا۔ اور ہر ایک کو اللہ تعالی سے اچھے خاتمہ کا سوال کرنا اور برے خاتمہ اور برے انجام سے اللہ تعالی کی پناہ چاہنا مناسب ہے۔ پس اگر کہا جائے کہ اللہ تعالی نے فرمایا: (بیشک جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ہم ان کے نیگ ضائع نہیں کرتے جن کے کام اچھے ہوں) پس آیتِ پاک کا ظاہر یہ ہے کہ مخلص کا عملِ صالح قبول کیا جاتا ہے اور جب کریم اللہ کے وعدے سے عمل کا قبول ہونا اس

شخص کو حاصل ہو گیا تو اب اس عودے کے ساتھ برے خاتمہ سے وہ امن پا گیا؟

۔:۔

فَالْجَوَابُ مِنْ وَجْهَيْنِ: أَحَدُهُمَا أَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ مُعَلَّقاً عَلٰى شَرْطِ الْقُبُوْلِ وَحُسْنِ الْخَاتِمَةِ، وَيَحْتَمِلُ أَنَّ مَنْ آمَنَ وَأَخْلَصَ الْعَمَلَ لَا يُخْتَمُ لَهُ دَائِماً اِلَّا بِخَيْرٍ، وَأَنَّ خَاتِمَةَ السُّوْءِ اِنَّمَا تَكُوْنُ فِي حَقِّ مَنْ أَسآءَ الْعَمَلَ أَوْ خَلَطَهُ بِالْعَمَلِ الصَّالِحِ الْمَشُوْبِ بِنَوْعٍ مِنَ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ وَيَدُلُّ عَلَيْهِ الْحَدِيْثُ الْآخَرُ ﴿اِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلَ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ﴾ أَيْ: فِيْمَا يَظْهَرُ لَهُمْ صَلَاحُ مَعَ فَسَادِ سَرِيْرَتِهِ وَخُبْثِهِ، وَاللهُ أَعْلَمُ۔ وَفِي الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ عَلٰى اِسْتِحْبَابِ الْحَلْفِ لِتَأْكِيْدِ الْأَمْرِ فِي النُّفُوْسِ وَقَدْ أَقْسَمَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ اِنَّهُ لَحَقٌّ﴾ الذاریات:۲۳۔ وَقَالَ اللهُ تَعَالٰى: ﴿قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ﴾ التغابن:۷۔ وَاللهُ تَعَالٰى أَعْلَمُ۔

ترجمہ: پس اس سوال کے جواب کی دو وجہیں ہیں: ان میں سے ایک یہ کہ اچھے خاتمہ اور عمل کے قبول ہونے کی شرط پر اس معلق ہونا، اور اس کا بھی احتمال رکھتا ہے کہ جو ایمان لایا اور عمل کو اخلاص کے ساتھ کیا تو ہمیشہ اس کا انجام نہیں ہوتا مگر نیک، اور برا خاتمہ محض اس کے حق میں ہوتا ہے جو برے عمل کرتا ہے یا جو نیک عمل کو ملے ہوئے عملِ صالح کے ساتھ خلط ملط کر دیتا ہے جو کہ ریا اور سمعہ کی قسم میں سے ہے، اور اس پر ایک دوسری حدیثِ پاک دلالت کرتی ہے (بیشک تم میں سے کوئی ضرور جنتیوں کا سا عمل کرتا ہے اس میں جو لوگوں کے لئے ظاہر ہوتا ہے) یعنی اس میں جو ان کے لئے ظاہر ہوتا ہیاس کے باطن کے فساد اور اس کی خباثت کے ساتھ درستگی، اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے۔ اور حدیث میں قسم کھانے کے مباح ہونے پر بھی دلیل ہے نفوس میں امر کی تاکید کی وجہ سے اور اللہ تعالی نے قسم یاد فرمائی ہے: (تو آسمان اور زمین کے رب کی قسم بیشک یہ قرآن حق ہے) اور اللہ تعالی نے فرمایا: (تم فرماؤ کیوں نہیں میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہارے کوتک تمہیں جتا دیئے جائیں گے) اور اللہ تعالی خوب جانتا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الْخَامِسُ

عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ أُمِّ عَبْدِ اللهِ عَائِشَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ أَحْدَثَ فِیْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ، وَفِیْ رِوَایَةٍ لِمُسْلِمٍ مَنْ عَمِلَ عَمَلاً لَیْسَ عَلَیْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ۔

" صحیح البخاری"، کتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا علی صلح جور...إلخ، ر:2697، 2/211.(" صحیح مسلم "، کتاب الأقضیۃ، باب نقض الأحکام الباطلۃ...إلخ، ر:1718، ص945.)

ترجمہ: حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جو ہمارے دین میں ایسا نیا کام ایجاد کرے وہ جو اس دین سے نہیں وہ مردود ہے۔

اُمُّ المؤمنین ہیں، ابو بکر صدیق کی صاحبزادی، آپ کی والدہ امّ رومان بنت عامر ابن عویمر ہیں، نبوّت کے دسویں سال شوال کے مہینہ میں ہجرت سے تین سال قبل حضور کی زوجیت میں آئیں، سات برس کی عمر میں ہجرت سے ۱۸ ماہ کے بعد شوال کے مہینہ میں نو سال کی عمر میں رخصت ہوئیں، نو سال تک حضور کے ساتھ رہیں، حضور کی وفات کے وقت آپ کی عمر شریف اٹھارہ سال کی تھی۔ حضور نے آپ کے سوا کسی کنواری بیوی سے نکاح نہیں فرمایا، آپ فقیہہ، فصیحہ، حدیث کی حافظہ، قرآن کی بہترین مفسّرہ تھیں۔ حضور نے آپ کے سینہ پر وفات پائی اور آپ کے حجرہ میں دفن ہوئے، جب آپ کو تہمت لگائی گئی تو آپ کی بریّت میں آیات اُتریں شعر یعنی ہے سورہ نور جن کی گواہ اُن کی پُر نور صورت پہ لاکھوں سلام

آپ سے ۱۲۱۰ احادیث مروی ہیں، آپ نے رمضان منگل کی شب ۱۷ ۵۸ ہجری میں ۶۳ سال کی عمر پا کر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ امارت میں وفات پائی۔ حضرت ابوہریرہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی، جنت البقیع میں دفن ہیں۔ فقیر نے قبر انور کی زیارت کی ہے۔(مراۃ جلد۔ا۔ص ۱۰۰)

قَوْلُهٗ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: ﴿مَنْ أَحْدَثَ فِیْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ﴾ اَیْ: مَرْدُوْدٌ۔ فِیْهِ دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّ الْعِبَادَاتِ مِنَ الْغُسْلِ، وَ الْوُضُوْءِ، وَ الصَّوْمِ، وَ الصَّلَاةِ اِذَا فُعِلَتْ عَلٰی خِلَافِ الشَّرْعِ تَكُوْنُ مَرْدُوْدَةً عَلٰی فَاعِلِهَا، وَ اَنَّ الْمَأْخُوْذَ بِالْعَقْدِ الْفَاسِدِ یَجِبُ رَدُّهٗ عَلٰی صَاحِبِهٖ وَلَا یَمْلِكُ۔ وَ قَالَ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: لِلَّذِیْ قَالَ لَهٗ: اِنَّ اِبْنِیْ كَانَ عَسِیْفاً عَلٰی هٰذَا فَزَنٰی بِامْرَأَتِهٖ، وَ اِنِّیْ أُخْبِرْتُ اَنَّ عَلَی ابْنِیَ الرَّجْمَ فَافْتَدَیْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَ وَلِیْدَةٍ، فَقَالَ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: ﴿اَلْوَلِیْدَةُ وَ الْغَنَمُ رُدٌّ عَلَیْكَ﴾۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کا فرمان: (مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِ نَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ) یعنی رد کیا ہوا۔ اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ عبادات یعنی غسل اور وضو اور روزہ اور نماز جب شریعت کے خلاف کئے جائیں تو وہ اس کے فاعل پر رد کیا ہوا ہوتا ہے، اور عقدِ فاسد سے لئے ہوئے مال کو اس کے صاحب پر لوٹانا واجب ہوتا ہے اور لینے والا مالک نہیں ہوتا، اور رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کے لئے فرمایا جس نے کہا: (کہ میرا لڑکا اس کے پاس مزدور تھا پس اس نے اس کی عورت کے ساتھ زنا کیا، اور مجھے خبر دی گئی کہ میرے بیٹے پر رجم ہے پس میں نے اپنے بیٹے کی جانب سے سو بکریاں اور ایک باندی فدیہ میں دیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: باندی اور بکریاں تجھ پر لوٹائی جائیں گی۔

:۔

وَ فِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ مَنْ اِبْتَدَعَ فِي الدِّيْنِ بِدْعَةً لَا تُوَافِقُ الشَّرْعَ فَاِثْمُهَا عَلَيْهِ، وَ عَمَلُهُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْهِ ، وَ اَنَّهُ يَسْتَحِقُّ الْوَعِيْدَ، وَ قَدْ قَالَ ﷺ: ﴿مَنْ اَحْدَثَ حَدَثاً اَوْ آوٰى مُحْدِثاً فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ﴾۔

ترجمہ: اور اس میں اس بات پر بھی دلیل ہے کہ جس نے دین میں کوئی نیا کام ایجاد کیا اور وہ شریعت کے موافق نہ ہو تو اس کا گناہ اس پر ہے، اور بیشک وہ وعید کا مستحق ہو گا، اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (جس نے کوئی نیا کام ایجاد کیا یا جس نے نئے کام ایجاد کرنے والے کو پناہ دی تو اس پر اللہ تعالی کی لعنت ہے)۔

:۔

اَلْحَدِيْثُ السَّادِسُ

عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللهِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ إِنَّ الحَلالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا أُمُوْرٌ مُشْتَبِهاتٌ لاَ

يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ وعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الحَرَامِ كَالرَّاعِي يَرْعَى حَوْلَ الحِمَى يُوشِكُ أَنْ يَقَعَ فِيْهِ. أَلاَ وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى. أَلاَ وَإِنَّ حِمَى اللهِ مَحَارِمُهُ، أَلاَ وإِنَّ فِي الجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الجَسَدُ كُلُّهُ وإِذَا فَسَدَت فَسَدَ الجَسَدُ كُلُّهُ أَلاَ وَهِيَ القَلْبُ ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ۔

" صحیح البخاری"، کتاب الإیمان، باب فضل من استبرأ لدینہ، ر:52، 1 / 33. " صحیح مسلم "، کتاب المساقاۃ، باب أخذ الحلال وترک الشبھات، ر:1599، ص862.

ترجمہ: ابوعبد اللہ نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، کہ بے شک حلال ظاہر ہے اور بے شک حرام ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان شبہ والی چیزیں ہیں جنہیں بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ پس جو شبہات والی چیزوں سے بچ گیا تو اس نے اپنے دین اور اپنی آبرو(عزت) کو بچالیا، اور جو ان شبہات والی چیزوں میں جاپڑا وہ حرام میں جاپڑا، جیسے چرواہا(اپنے ریوڑ کو)چراگاہ کے اردگرد چراتا ہے، قریب ہے (ریوڑ کا) اس میں واقع ہونا(داخل ہو کر چرنے لگ جانا)، خبردار! اور بے شک ہر بادشاہ کے لئے ایک چراگاہ (حد)ہوتی ہے، خبردار! اور بے شک اللہ کی چراگاہ(حد) اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں، خبردار! اور بے شک جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے، جب وہ درست ہو تو سارا جسم درست رہتا ہے، اور جب وہ فاسد ہو تو سارا جسم فاسد ہو جاتا ہے، خبردار! اور وہ دل ہے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

حضرتِ ابوعبد اللہ نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ وہ شخص ہیں کہ نبی ﷺ کے مدینہ تشریف لانے کے بعد انصار میں پیدا ہونے والے بچوں میں سب سے پہلے ہیں، آپ کوفہ کے والی تھے اور دمشق اور حمص کے قاضی بھی رہے ہیں۔

اَلْحَدِيْثُ السَّابِعُ

عَنْ أَبِيْ رُقَيَّةَ تَمِيْمِ بْنِ أَوْسٍ الدَّارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ۔ قُلْنَا: لِمَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ لِلّٰه، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُوْلِهِ، وَلأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَعَامَّتِهِمْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

" صحیح مسلم "، کتاب الإیمان، باب بیان أنّ الدین النصیحۃ، ر:55، ص47.

ترجمہ: حضرتِ ابورقیہ تمیم بن اوس الداری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: دین خیر خواہی (کا نام) ہے، عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ کس کی خیر خواہی؟ فرمایا اللہ کی اور اس کے کتاب کی اور اس کے رسول کی اور مسلمانوں کے امام کی اور عام مسلمانوں کی۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

آپ کا نام تمیم ابن اوس یا تمیم ابن خارجہ ہے، دار آپ کے کسی دادا کا نام ہے، جس کی کنیت ابورقیہ تھی، آپ مشہور صحابی ہیں، ھ میں ایمان لائے، رات کو ایک رکعت میں قرآن ختم کرتے تھے، آپ نے ہی اولاً مسجد نبوی شریف میں چراغاں کیا، مدینہ منورہ میں قیام رہا، حضرت عثمان کی شہادت کے بعد شام چلے گئے، وہیں وفات پائی۔ اور حضرت عمر بن عبدالعزیز ابن مروان ابن حکم تابعی ہیں، آپ کی کنیت ابوحفص ہے، آپ کی والدہ کا نام لیلےٰ بنت عاصم بن عمر ابن خطاب ہے، کنیت ام عاصم، سلیمان ابن عبدالملک کی خلافت کے بعد آپ خلیفہ ہوئے، ھ میں خلافت سنبھالی اور ھ میں ماہ رجب مقام دَیر سمعان میں قریب حمّص انتقال ہوا، چالیس سال عمر ہوئی، دو سال پانچ مہینے خلافت کی، فاطمہ بنت عبدالملک آپ کے نکاح میں تھیں، آپ جیسے عابد، زاہد، خوف خدا میں رونے والے امت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں کم گزرے، آپ عدل و انصاف میں عمر فاروق کا نمونہ تھے، یزید وغیرہ کی بدعتوں کا آپ نے قلع قمع کیا۔ مراۃ جلد۔ ۱۔ ص ۲۴۷۔

الْحَدِيْثُ الثَّامِنُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوْا أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيْمُوْا الصَّلاَةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّي دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلاَّ بِحَقِّ الإِسْلاَمِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى

اللهِ تَعَالٰی۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ۔

" صحیح البخاری "، کتاب الإیمان، باب فإن تابوا وأقاموا الصلاۃ، ر:25، 1/20. " صحیح مسلم "، کتاب الإیمان، باب الأمر بقتال الناس حتی یقولوا... إلخ، ر:22، ص33.

ترجمہ: حضرتِ ابنِ عمر رضی اللہ عنما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں، اور جب وہ یہ اعمال کرنے لگیں تو انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے اموال کو محفوظ کر لیا مگر اسلام کے حق سے، اور ان کا حساب اللہ تعالی پر ہے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ التَّاسِعُ

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ صَخْرٍ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ یَقُوْلُ مَا نَهَیْتُکُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا أَمَرْتُکُمْ بِهٖ فأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ؛ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ کَثْرَةُ مَسَائِلِهِمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلٰی أَنْبِیَاءِهِمْ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ۔ " صحیح البخاری "، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة، باب الاقتداء بسنن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، ر:7288، 4/502، بتغیر ما. " صحیح مسلم "، کتاب الفضائل، باب توقیرہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وترک إکثار سؤالہ... إلخ، ر:1337، ص1282.

ترجمہ: حضرتِ ابوہریرہ عبد الرحمن بن صخر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جس چیز سے میں نے تمہیں منع کیا ہے اس سے بچو، اور جس چیز کا میں تمہیں حکم دیا اس کو

بجالاؤ جتنی تم استطاعت رکھتے ہو، پس بے شک تم سے پہلے لوگوں کو ان سوال کی کثرت اور اپنے انبیاء کے بارے میں اختلاف کرنے نے ہلاک کر دیا۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

آپ کا نام کفر میں عبد الشمس اور اسلام میں عبد الرحمن ابن صخر دوسی ہے، خیبر کے سال اسلام لائے، چار سال سفر و حضر میں حضور کے ہمراہ سایہ کی طرح رہے، آپ کو بلی بڑی پیاری تھی، حتی کہ ایک بار اپنی آستین میں بلی لیے ہوئے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ابو ہریرہ یعنی بلیوں والے ہو، تب آپ اس کنیت سے مشہور ہوگئے، مدینہ منورہ میں ۵۹ھ میں وفات ہوئی، جنت البقیع میں دفن ہوئے ۷۸ سال عمر ہوئی، غضب کا حافظہ تھا، آپ سے چار ہزار تین سو چونسٹھ حدیثیں مروی ہیں۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص۴۶)

اَلْحَدِیْثُ الْعَاشِرُ

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ إِنَّ اللهَ تَعَالٰی طَیِّبٌ لاَ یَقْبَلُ إِلاَّ طَیِّباً وَإِنَّ اللهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِیْنَ فَقَالَ: ﴿یٰاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا﴾۔ المؤمنون : 51 ، وَقَالَ :﴿یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ﴾البقرۃ : 172، ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ یُطِیْلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ، یَمُدُّ یَدَیْهِ إِلَی السَّمَاءِ ، یَا رَبِّ یَا رَبِّ، وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَغُذِیَ بِالْحَرَامِ فَأَنّٰی یُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

" صحیح مسلم "، کتاب الزکاۃ، باب قبول الصدقۃ من الکسب الطیب تربیتھا، ر:1015، ص506.

ترجمہ: حضرتِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالی پاک ہے اور قبول نہیں کرتا مگر پاک کو، اور بے شک اللہ تعالی نے مسلمانوں کو اس چیز کا حکم دیا جس چیز کا حکم مرسلین علیہم السلام کو دیا۔ پس اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا اے پیغمبرو پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھے کام کرو۔ اور فرمایا

اے ایمان والو کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں۔ پھر نبی ﷺ نے ایسے شخص کا ذکر فرمایا جو طویل سفر کر کے اس حال میں آتا ہے کہ غبار میں اٹا ہوا ہے، اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے اے میرے رب! اے میرے رب! حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے اور اس کا پینا حرام ہے اور حرام سے پالا گیا ہے، پس اس کی (دعا) کیسے قبول ہو۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الْحَادِی عَشَرَ

عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ سِبْطِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَرَيْحَانَتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ دَعْ مَا يَرِيْبُكَ إِلَى مَا لاَ يَرِيْبُكَ رَوَاهُ التِّرْمَذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

"سنن الترمذی"، کتاب صفة القیامة والرقائق والورع، ر:2526، 4/232. "سنن النسائی"، کتاب الأشربة، باب الحث علی ترک الشبهات، 8/327.

ترجمہ: نواسہ اور خوشبوئے رسول حضرتِ ابو محمد حسن بن علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے (سن کر) یاد کر لیا: تو اس چیز کو چھوڑ دے جو تجھے شک میں ڈالتی ہے۔ اس حدیث کو امامِ ترمذی اور امامِ نسائی نے روایت کیا ہے اور امامِ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ولد بالمدینة سنة ثالث من الهجرة، تولی الخلافة بعد أبیه، واستمر فی الخلافة نحو ستة أشهر، ثم ترکها۔۔"معاویة" رضی اللہ تعالی عنه وفقاً بالمسلمین، مناقبه کثیرة، وفضائله جمة شهیرة وهو من الحکماء الکرماء الأسخیاء، روی له عن النبی صلی اللہ تعالی علیه وآله وسلم ثلاثة عشر حدیثاً، ومات مسموماً سنة خمسین.

اَلْحَدِیْثُ الثَّانِیْ عَشَرَ

عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لاَ يَعْنِيْهِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ، رَوَاهُ التِّرْمَذِیُّ وَغَيْرُهُ هٰكَذَا۔

"سنن الترمذی"، کتاب الزھد، باب ماجاء من تکلم بالکلمۃ لیضحک الناس، ر:2324، 4/142. "سنن ابن ماجہ"، کتاب الفتن، باب کف اللسان فی الفتنۃ، ر:3976، 4/344.

ترجمہ: حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا آدمی کے اسلام کی اچھائیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ بے فائدہ چیزوں کو چھوڑ دے۔ یہ حدیث حسن ہے، اس کو امامِ ترمذی نے روایت کیاہے اور ان کے علاوہ نے بھی ایسے ہی روایت کی ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الثَّالِثُ عَشَرَ

عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ خَادِمِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ۔

" صحیح البخاری"، کتاب الإیمان، باب من الإیمان أن یحب لأخیہ...إلخ، ر:13، 1/16. " صحیح مسلم"، کتاب الإیمان، باب الدلیل علی أن من خصال الإیمان...إلخ، ر:45، ص43.

ترجمہ: خادمِ رسول حضرتِ ابو حمزہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، اور یہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا اس وقت تک تم میں سے کوئی شخص (کامل) مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

آپ انس بن مالک ابن نضر انصاری خزرجی ہیں، حضور کے خادم خاص دس سال صحبت پاک میں رہے، سو برس سے زیادہ عمر پائی، عہد فاروقی میں بصرہ چلے گئے تھے، وہاں سے قریب ہی ۹۳ھ

میں آپ کا انتقال ہوا، بصرہ میں آخری صحابی کی وفات آپ کی ہوئی، آپ کی قبرانور زیارت گاہ خاص وعام ہے، اور آپ سے ۱۲۸۲ احادیث مروی ہیں۔(مراۃ۔ جلد۔۱۔ ص ۴۷)

اَلْحَدِیْثُ الرَّابِعُ عَشَرَ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِلاَّ بِإِحْدَی ثَلاَثٍ: الثَّیِّبُ الزَّانِیْ، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِیْنِهٖ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ۔

" صحیح البخاری "، کتاب الدیات، باب قولہ تعالی اَن النفس بالنفس...إلخ، ر:6878، 4 / 361. " صحیح مسلم "، کتاب القسامۃ...إلخ، باب ما یباح بہ دم المسلم، ر:1676، ص919.

ترجمہ: حضرتِ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا مسلمان کا خون (قتل) جائز نہیں مگر تین باتوں میں سے ایک کے سبب (۱) شادی شدہ زانی کا، (۲) جان کے بدلے جان (کسی جان کے قاتل کا)، (۳) اور اس کا جو دین کو چھوڑ کر (مسلمانوں کی) جماعت سے علٰیحدگی اختیار کر لے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الْخَامِسُ عَشَرَ

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالیَوْمِ الآخِرِ فَلْیَقُلْ خَیْرًا أَوْ لِیَصْمُتْ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالیَومِ الآخِرِ فَلْیُکْرِمْ جَارَهُ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ والیَومِ الآخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَهُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ۔

" صحیح البخاری "، کتاب الأدب، باب من کان یؤمن باللہ...إلخ، ر:6018، 4 / 105. " صحیح مسلم "، کتاب الإیمان، باب الحث علی إکرام الجار...إلخ، ر:47، ص43.

ترجمہ: حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے، اور جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اپنے ہمسائے کی عزت و تکریم کرے، اور جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اپنے مہمان کی عزت و تکریم کرے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ السَّادِسُ عَشَرَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: أَوْصِنِيْ، قَالَ لاَ تَغْضَبْ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ۔

"صحیح البخاری"، کتاب الأدب، باب الحذر من الغضب، ر:6116، 4/131.

ترجمہ: حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی آپ ﷺ مجھے نصیحت فرمائیں، تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا غصہ نہ کیا کر۔ اس حدیث کو امامِ بخاری نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ السَّابِعُ عَشَرَ

عَنْ أَبِي يَعْلَى شَدَّادِ بنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الإِحْسَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ . فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوْا القِتْلَةَ، وَإِذَا ذَبَحْتُمْ

فَأَحْسِنُوا الذِّبْحَةَ، وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ، وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ "صحیح مسلم"، کتاب الصید والذبائح...إلخ، باب الأمر بإحسان الذبح والقتل وتحدید الشفرة، ر:1955، ص1080.

ترجمہ: حضرتِ ابو یعلی شدّاد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت، اور یہ نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالی نے ہر چیز پر احسان کو فرض کر دیا ہے، پس جب تم کسی کو قتل کرو تو اچھے طریقہ سے قتل کرو، اور جب تم ذبح کرو تو اچھے طریقہ سے ذبح کرو، اور تم میں سے ایک کو اپنی چھری کو (بوقتِ ذبح) تیز کر لینا چاہیے، اور چاہیے کہ اپنے ذبیحہ کو راحت پہنچائے۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

حضرتِ ابو یعلی شدّاد بن اوس رضی اللہ عنہ علم وحکمت میں جامع تھے، بیت المقدس میں سکونت اختیار فرمائی، اور وہیں ۵۸ سال کی عمر میں ۵۷ھ کو وفات پائی، آس سے پچاس احادیث مروی ہیں۔

اَلْحَدِيْثُ الثَّامِنُ عَشَرَ

عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ جُنْدُبِ بنِ جُنَادَةَ وَأَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُعَاذِ بِنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقِ اللهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ ۔ رَوَاهُ التِّرْمَذِيُّ وَقَالَ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَفِي بَعْضِ النُّسَخِ: حَسَنٌ صَحِيْحٌ. "سنن الترمذی"، کتاب البرّ والصلة، باب ماجاء فی معاشرة الناس، ر:1994، 3/397.

ترجمہ: حضرتِ ابو ذر جندب بن جنادہ اور ابو عبد الرحمن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اور یہ دونوں حضرات رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا تو جہاں بھی ہو اللہ تعالی سے ڈرتے رہو اور برائی کے بعد نیکی کرو کہ نیکی برائی کو مٹا دیتی ہے، اور لوگوں کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آؤ۔ اس حدیث کو امامِ ترمذی نے روایت کیا ہے، اور بعض نسخوں میں ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

آپ کا نام جندب ابن جنادہ، کنیت ابو ذر ہے، قبیلہ بنی غفار سے ہے، آپ پانچویں مسلمان ہیں، مکہ معظمہ میں آکر مسلمان ہوئے اور حضور کے حکم سے اپنی قوم میں چلے گئے، پھر غزوہ خندق کے بعد مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے اور حضور کے ساتھ رہے، پھر ربذہ میں قیام کیا اور وہیں خلافت عثمانیہ ۳۲ھ میں وفات پائی، آپ بڑے، زاہد، عابد صحابی ہیں، مال جمع کرنے کے بڑے مخالف تھے، اسلام سے پہلے بھی اللہ کی عبادت کرتے تھے، اور آپ نے رسول اللہ ﷺ سے ۲۸۱ احادیث روایت کیا ہے۔(مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص ۶۰)

آپ معاذ بن جبل انصاری خزرجی، کنیت ابو عبد اللہ ہے، بیعت عقبہ کرنے والے ستّر انصار میں آپ بھی تھے، بدر اور تمام غزوات میں حضور کے ساتھ رہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یمن کا گورنر بنایا، عمر فاروق نے شام کا حاکم مقرر کیا، طاعون عمواس میں بعمر ۸۳ سال آپ کی وفات ہوئی، شام میں قبر شریف ہے، آپ کے فضائل بے حد و بے شمار ہیں، آپ نے رسول اللہ ﷺ سے ۳۰۰ احادیث روایت کیا ہے۔(مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص ۵۹)

اَلْحَدِيْثُ التَّاسِعُ عَشَرَ

عَنْ أَبِي عَبَّاسٍ عَبْدِ اللهِ بنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ ﷺ يوماً فَقَالَ يَا غُلاَمُ إِنِّيْ أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ: اِحْفَظِ اللهَ يَحْفَظْكَ، اِحْفَظِ اللهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ، إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللهَ، وَإِذَا اِسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللهِ، وَاِعْلَمْ أَنَّ الأُمَّةَ لَوْ اِجْتَمَعَتْ عَلٰى أَنْ يَنفَعُوْكَ بِشيءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ إِلاَّ بِشَيءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللهُ لَكَ، وإِنِ اِجْتَمَعُوْا عَلٰى أَنْ يَضُرُّوْكَ بِشيءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ إِلاَّ بِشَيءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللهُ عَلَيْكَ، رُفِعَتِ الأَقْلاَمُ، وَجَفَّتِ الصُّحُفُ۔ رَوَاهُ التِّرْمَذِيُّ وَقَالَ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ ۔ وَفِي رِوَايَةٍ ۔ غَيْرُ التِّرْمَذِيِّ: ﴿اِحْفَظِ اللهَ تَجِدْهُ أَمَامَكَ، تَعَرَّفْ إِلَى اللهِ فِي الرَّخَاءِ يَعرِفْكَ فِي الشِّدَّةِ، وَاِعْلَمْ أَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَكَ، وَمَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَاِعْلَمْ أَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ، وَأَنَّ الفَرَجَ مَعَ الكَرْبِ، وَأَنَّ مَعَ العُسْرِ يُسْراً۔ "سنن الترمذی"، کتاب صفة القيامة والرقائق والورع، ر:2524، 4/ 231. "المستدرک"، کتاب معرفة الصحابة، باب تعليم النبیّ ابن عباس، ر:2524، 4/ 231.

ترجمہ: حضرتِ ابو عباس عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن

رسول اللہ ﷺ کے پیچھے (خچر پر) بیٹھا ہوا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے لڑکے میں تجھے چند کلمات سکھاتا ہوں: تو اللہ تعالی (کے دین) کی حفاظت کر اللہ تعالی تیری حفاظت کرے گا، تو اللہ تعالی (کے دین) کی حفاظت کر تو اسے اپنے سامنے پائے گا، جب تو سوال کرے تو اللہ تعالی سے سوال کر، اور جب مدد چاہو تو اللہ تعالی سے مدد چاہو، اور تو جان لے کہ بے شک اگر تمام لوگ تجھے کسی چیز کا نفع پہنچانے پر جمع ہو جائیں تو وہ لوج تجھے نفع نہیں پہنچاسکتے مگر اتنا ہی جتنا اللہ تعالی نے تیرے لئے لکھ دیا ہے، اور اگر تمام لوگ تجھے کسی چیز کا نقصان پہنچانے پر جمع ہو جائیں تو وہ لوگ تجھے نقصان نہیں پہنچاسکتے مگر اتنا ہی جتنا اللہ تعالی نے تیرے اوپر لکھ دیا ہے، قلمیں اٹھالی گئی ہیں اور (لوحِ محفوظ کے) صفحات خشک ہو چکے ہیں۔ اس حدیث کو امامِ ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ترمذی کے علاوہ کی روایت میں ہے تو اللہ (کے دین) کی حفاظت کر تو اللہ تعالی کو اپنے سامنے پائے گا، تو خوش حالی میں اللہ تعالی کو یاد رکھ وہ تجھے تنگی میں یاد رکھے گا، اور جان لو کہ جو مصیبت تجھ سے خطا ہو گئی وہ تجھے پہنچنے والی ہی نہ تھی، اور جو مصیبت تجھے پہنچی ہے وہ تجھ سے خطا ہونے والی نہ تھی، اور جان لے کہ مدد صبر کے ساتھ ہے، اور بے شک تنگی کے ساتھ کشادگی ہے، اور بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

آپ کا نام عبداللہ ابن عباس ابن عبدالمطلب ہے، حضور کے چچازاد ہیں، آپ کی والدہ لبابہ بنت حارث یعنی امیر المؤمنین میمونہ کی ہمشیرہ ہیں، آپ ہجرت سے تین سال پہلے پیدا ہوئے، جب تیرہ سالہ تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی، آپ کا لقب حبرامت ہے یعنی امت اسلامیہ کے بڑے عالم، تفسیر قرآن کے امام ہیں، آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے، ۶۸ھ میں بمقام طائف بر س عمر شریف میں وصال ہوا، طائف میں مزار شریف ہے فقیر نے زیارت کی ہے، اور آپ سے ۱۶۶۰ احادیث مروی ہی۔ (مراۃ۔ جلد۔ ۱۔ ص ۵۳)

اَلْحَدِیْثُ الْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَةَ بنِ عَمْرٍو الأَنْصَارِیِّ البَدْرِیِّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم إِنَّ مِمَّا أَدرَكَ النَّاسُ مِن كَلَامِ النُّبُوَّةِ الأُوْلٰی إِذا لَم تَسْتَحِ فاصْنَعْ مَا شِئتَ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ۔ "صحیح البخاری"، کتاب الأدب، باب إذالم تستح فاصنع ماشئت، ر:6120، 4/131.

ترجمہ: حضرتِ ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا بے شک لوگوں نے جو کچھ پہلے انبیاء کرام کے کلام سے سمجھا (اس میں سے یہ بھی تھا کہ) جب (تجھ میں) حیا نہ رہی تو تو جو چاہے کرے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری نے روایت کیا ہے۔

تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضرتِ ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ بیعتِ عقبہ میں حاضر تھے، اور ان کے جنگِ بدر میں حاضر ہونے میں علماء نے اختلاف کیا ہے، ہاں آپ جنگِ اُحد میں حاضر تھے، آپ نے کوفہ میں سکونت اختیار فرمائی اور چالیس ہجری میں وفات پائی، آپ نے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے ۲۰۲ احادیث روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الْحَادِی وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِیْ عَمْرٍو، وَقِیْلَ، أَبِیْ عَمْرَةَ سُفْیَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُلْ لِیْ فِی الإِسْلَامِ قَوْلاً لاَ أَسْأَلُ عَنْهُ أَحَدًا غَیْرَكَ قَالَ قُلْ آمَنْتُ بِاللهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

"صحیح مسلم"، کتاب الإیمان، باب جامع أوصاف الإسلام، ر:38، ص40.

ترجمہ: حضرتِ ابو عمرو، اور کہا گیا ہے کہ ابو عمرہ سفیان بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم آپ مجھے اسلام کے (متعلق) ایک ایسی بات ارشاد فرمادیں کہ میں آپ کے علاوہ کسی اور سے اس کے بارے میں نہ پوچھوں، پس رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہہ کہ میں اللہ تعالی پر ایمان لایا پھر اس پر قائم رہو۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

حضرتِ ابو عمرو یا ابو عمرہ سفیان بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ طائف کے وفد کے ساتھ اسلام لائے، اور حضرتِ عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے ان کو طائف کے صدقات وصول کرنے پر مامور فرمایا تھا، ان سے صرف پانچ احادیث مروی ہیں۔

اَلْحَدِیْثُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللهِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَرَأَيتَ إِذا صَلَّيْتُ الْمَكْتُوبَاتِ، وَصُمْتُ رَمَضانَ، وَأَحْلَلْتُ الْحَلاَلَ، وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ، وَلَمْ أَزِدْ عَلىٰ ذٰلِكَ شَيئاً أَأَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ نَعَمْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

" صحیح مسلم "، کتاب الإیمان، باب الإیمان الذی ید خل بہ الجنۃ...إلخ، ر:15، ص26.

ترجمہ: حضرتِ ابو عبد اللہ جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے سوال کیا، پس اس نے عرض کیا آپ کی کیا رائے ہے کہ جب میں فرض نمازیں ادا کر لوں اور رمضان کے (فرض) روزہ رکھ لوں اور میں حلال کو حلال جانوں اور حرام کو حرام جانوں اور میں اس پر کسی چیز کی زیادتی نہ کروں تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ تو رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ہاں۔ اس کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

آپ کا نام جابر ابن عبد اللہ، کنیت ابو عبد اللہ ہے، انصاری ہیں، سلمی ہیں۔ مشہور صحابی، بہت بڑے محدث ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزووں میں شریک رہے، بدر میں بھی ساتھ تھے، آخر میں شام اور مصر میں قیام رہا نابینا ہو گئے تھے، ۹۴ سال عمر پا کر ۷۴ھ میں وفات ہوئی، جنت البقیع میں مزار پر انوار ہے، آپ مدینہ کے آخری صحابی ہیں، آپ سے ۵۴۰ حدیثیں مروی ہیں۔ (مراۃ۔ جلد۔ ۱۔ ص۶۸)

اَلْحَدِيْثُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْحَارِثِ بْنِ عَاصِمٍ الأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطُّهُوْرُ شَطْرُ الإِيْمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيْزَانَ، وَسُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ ۔ أَوْ تَمْلَأُ ۔ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُوْرٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْ فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا

أَوْ مُوبِقُهَا۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

"صحیح مسلم"، کتاب الطھارۃ، باب فضل الوضوء، ر: 223، ص140.

ترجمہ: حضرتِ ابومالک حارث بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا پاکیزگی نصف ایمان ہے، اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (کہنا) میزان کو بھر دیتا ہے، اور سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ (کہنا) اس چیز کو بھر دیتے ہیں جو آسمان وزمین کے درمیان ہے، اور نماز نور ہے، اور صدقہ برہان (دلیل) ہے، اور صبر روشنی ہے، اور قرآن تیرے لئے (تیرے حق میں) حجت ہے یا تجھ پر (تیرے خلاف) حجت ہے، ہر آدمی صبح کرتا ہے تو وہ اپنی جان کا بیچنے والا ہوتا ہے پس وہ یا تو (اچھے اعمال سے) اپنی جان کو آزاد کروالے گا یا (برے اعمال کرکے) اپنی جان کو ہلاک کرلیگا۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

آپ صحابی ہیں، حضرت ابوموسیٰ اشعری کے چچا ہیں، مصر میں آپ نے سکونت اختیار فرمائی، اور عہد فاروقی میں طاعون کے مرض کے سبب۱۸ ہجری میں وفات پائی۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص۲۲۴)

اَلْحَدِيْثُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِيْمَا يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهِ عَزَّوَجَلَّ أَنَّهُ قَالَ: يَا عِبَادِيْ إِنِّيْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰى نَفْسِيْ وَجَعَلْتُهُ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا فَلَا تَظَالَمُوْا، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلاَّ مَنْ هَدَيْتُهُ فَاسْتَهْدُوْنِيْ أَهْدِكُمْ، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ جَائِعٌ إِلاَّ مَنْ أَطْعَمْتُهُ فَاسْتَطْعِمُوْنِيْ أُطْعِمْكُمْ، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ عَارٍ إِلاَّ مَنْ كَسَوْتُهُ فَاسْتَكْسُوْنِيْ أَكْسُكُمْ، يَا عِبَادِيْ إِنَّكُمْ تُخْطِئُوْنَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَأَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا فَاسْتَغْفِرُوْنِيْ أَغْفِرْ لَكُمْ، يَا عِبَادِيْ إِنَّكُمْ لَنْ تَبْلُغُوْا ضَرِّيْ فَتَضُرُّوْنِيْ وَلَنْ تَبْلُغُوْا نَفْعِيْ

فَتَنْفَعُوْنِیْ، یَا عِبَادِیْ لَوْ أَنَّ أَوَّلَکُمْ وَآخِرَکُمْ وَإِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ کَانُوْا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْکُمْ مَا زَادَ ذَلِكَ فِیْ مُلْکِیْ شَیْئاً. یَا عِبَادِیْ لَوْ أَنَّ أَوَّلَکُمْ وَآخِرَکُمْ وَإِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ کَانُوْا عَلَى أَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْکُمْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْکِیْ شَیْئاً، یَا عِبَادِیْ لَوْ أَنَّ أَوَّلَکُمْ وَآخِرَکُمْ وَإِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ قَامُوْا فِیْ صَعِیْدٍ وَاحِدٍ فَسَأَلُوْنِیْ فَأَعْطَیْتُ کُلَّ وَاحِدٍ مَسْأَلَتَهُ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِمَّا عِنْدِیْ إِلاَّ کَمَا یَنْقُصُ الْمِخْیَطُ إِذَا أُدْخِلَ الْبَحْرَ، یَا عِبَادِیْ إِنَّمَا هِیَ أَعْمَالُکُمْ أُحْصِیْهَا لَکُمْ ثُمَّ أُوَفِّیْکُمْ إِیَّاهَا فَمَنْ وَجَدَ خَیْرًا فَلْیَحْمَدِ اللهَ وَمَنْ وَجَدَ غَیْرَ ذٰلِكَ فَلاَ یَلُوْمَنَّ إِلاَّ نَفْسَهُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

"صحیح مسلم"، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب تحریم الظلم، ر:2577، ص1393.

ترجمہ: حضرتِ ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، اور آپ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں اس میں جس میں رسول اللہ ﷺ اپنے رب سے روایت کرتے ہیں، کہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا اے میرے بندو! بے شک میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کر لیا ہوں اور اسے تمہارے درمیان بھی حرام بنا (قرار) دیا ہے، پس ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو، اے میرے بندو! تم سب گمراہ ہو مگر وہ جسے میں ہدایت دوں، پس تم مجھ سے ہدایت طلب کرو میں تم کو ہدایت دوں گا، اے میرے بندو! تم سب بھوکے ہو مگر وہ جسے میں کھلا دوں پس تم مجھ سے کھانا طلب کرو میں تمہیں کھانا کھلاؤں گا، اے میرے بندو! تم سب ننگے ہو مگر وہ جسے میں پہنا دوں پس تم مجھ سے کپڑا طلب کرو میں تمہیں کپڑا پہناؤں گا، اے میرے بندو! تم رات اور دن خطاء کرتے ہو اور میں تمہارے سارے گناہ بخشتا ہوں پس تم مجھ سے مغفرت طلب کرو میں تم کو بخش دوں گا، اے میرے بندو! بے شک تم مجھ کو ہر گز ضرر نہیں پہنچا سکتے اگر تم مجھ کو ضرر پہنچانا چاہو، اور تم مجھ کو ہر گز نفع نیں پہنچا سکتے اگر تم مجھ کو نفع پہنچانا چاہو، اے میرے

بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے، تمہارے انس اور جن تم میں سے پرہیز گار شخص کے دل جیسے ہو جائیں تو وہ میری مملکت میں کچھ بھی اضافہ نہیں کر سکتے، اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے، تمہارے انس اور جن تم میں سے فاسق و فاجر شخص کے دل جیسے ہو جائیں تو وہ میری مملکت میں کچھ بھی کمی نہیں کر سکتے، اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے، تمہارے انس اور جن ایک میدان میں جمع ہو جائیں اور مجھ سے سوال کریں اور میں ہر ایک کو اس کے سوال کے مطابق عطا کر دوں تو اس (میرے خزانہ) میں سے کچھ بھی کمی نہ ہو گی جو میرے پاس ہے، مگر جس طرح سوئی کو سمندر میں ڈبونے سے اس (سمندر) کے پانی میں کمی آتی ہے، اے میرے بندو! یہ صرف تمہارے اعمال ہی ہیں جنہیں میں تمہارے لئے شمار کر لیتا ہوں پھر تم کو ان پر پورا پورا بدلہ دوں گا، تو جو کوئی بھلائی پائے وہ اللہ کی حمد (شکر ادا) کرے اور جو کوئی اس کے برعکس پائے تو وہ ملامت نہ کرے مگر اپنے نفس کو۔ اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَيضَاً أَنَّ أُنَاساً مِنْ أَصحَابِ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالُوْا لِلنَّبِيِّ ﷺ يَا رَسُولَ اللهِ: ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالأُجُوْرِ، يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ، وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ، وَيَتَصَدَّقُوْنَ بِفُضُوْلِ أَمْوَالِهِمْ، قَالَ أَوَ لَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللهُ لَكُمْ مَا تَصَّدَّقُوْنَ؟ إِنَّ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةً. وَكُلِّ تَكْبِيْرَةٍ صَدَقَةً وَكُلِّ تَحْمِيْدَةٍ صَدَقَةً وَكُلِّ تَهْلِيْلَةٍ صَدَقَةً، وَأَمْرٌ بِالمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ صَدَقَةٌ وَفِيْ بُضْعِ أَحَدِكُمْ صَدَقَة قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَيَأْتِيْ أَحَدُنَا شَهوتَهُ وَيَكُوْنُ لَهُ فِيْهَا

أَجْرٌ؟ قَالَ أَرَأَيْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِيْ حَرَامٍ أَكَانَ عَلَيْهِ وِزْرٌ؟ فَكَذٰلِكَ إِذَا وَضَعَهَا فِي الْحَلَالِ كَانَ لَهُ أَجْرٌ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

ترجمہ: حضرتِ ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بعض اصحابِ رسول ﷺ و رضی اللہ عنہم نے نبی ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اہلِ ثروت (ہم سے) ثواب میں بڑھ گئے، وہ لوگ ہمارے جیسے نماز پڑھتے ہیں اور ہمارے جیسے روزہ رکھتے ہیں، اور وہ لوگ اپنے زائد اموال سے صدقہ کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا اللہ تعالی نے تمہارے لئے (اسی طرح) صدقہ کے مواقع فراہم نہیں کئے، بے شک (تمہارے لئے) ہر تسبیح (سبحان اللہ کہنا) صدقہ ہے، اور (تمہارے لئے) ہر تکبیر (اللہ اکبر کہنا) صدقہ ہے، اور (تمہارے لئے) ہر تحمید (الحمد للہ کہنا) صدقہ ہے، اور (تمہارے لئے) ہر تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا) صدقہ ہے، نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے، اور برائی سے منع کرنا صدقہ ہے، اور تم میں سے ایک شخص کے لئے اپنی بیوی سے جماع کرنا صدقہ ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم میں سے کوئی اپنی شہوت پوری کرتا ہے تو کیا اسے اس میں بھی اجر ملتا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کیا تم نہیں دیکھتے (تمہاری کیا رائے ہے) اگر وہ اپنی شہوت حرام طریقہ سے پوری کرے تو کیا اس پر (حرام کا) بوجھ ہو گا یا نہیں، پس ایسے ہی جب وہ اپنی شہوت حلال طریقہ سے پوری کرے تو اس کے لئے اجر ہے۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ: تَعْدِلُ بَيْنَ اثْنَيْنِ صَدَقَةٌ، وَتُعِيْنُ الرَّجُلَ

فِي دَابَّتِهِ فَتَحْمِلُ لَهُ عَلَيْهَا أَوْ تَرْفَعُ لَهُ عَلَيْهَا مَتَاعَهُ صَدَقَةٌ، وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ، وَبِكُلِّ خُطْوَةٍ تَمْشِيهَا إِلَى الصَّلَاةِ صَدَقَةٌ، وَتُمِيطُ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيقِ صَدَقَةٌ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ۔ "صحیح البخاری"، کتاب الجهاد، باب فضل من حمل متاع صاحبه فی السفر، ر:2891، 2/279. "صحیح مسلم"، کتاب الزکاۃ، باب بیان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، ر:1009، ص504.

ترجمہ: حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا آدمی کے ہر جوڑ کا اس پر صدقہ (واجب) ہے، ہر دن جس میں سورج نکلتا ہے، تو دو فریقین کے درمیان عدل کرے (یہ بھی) صدقہ ہے، اور تو کسی شخص کی اس کے جانور میں مدد کرے کہ تو اس کو اس جانور پر سوار کر دے یا اس کا سامان جانور پر رکھ دے (یہ بھی) صدقہ ہے، اور اچھی بات (کہنا) صدقہ ہے، اور ہر قدم جس کے ذریعہ تو نماز کے لئے جاتا ہے (یہ بھی) صدقہ ہے، تو راستہ سے کوئی تکلیف دہ چیز ہٹا دے (یہ بھی) صدقہ ہے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ "صحیح مسلم"، کتاب البر والصلة والآداب، باب تفسير البر والإثم، ر:2553، ص1383.

وَعَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، فَقَالَ جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ؛ قَالَ اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ؛ اَلْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ

النَّفْسُ وَاطْمَأَنَّ إِلَيْهِ الْقَلْبُ، وَالإِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ، وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ وَأَفْتَوْكَ ـ حَدِيْثٌ حَسَنٌ، رَوَيَاهُ فِي مُسْنَدَيِ الْإِمَامَيْنِ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَالدَّارِمِيُّ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ. "مسند أحمد"، مسند الشامیین، حدیث وابصة بن معبد الأسدی، ر:18023، 6/292، بتغیر ما. "مسند أحمد"، مسند الشامیین، حدیث وابصة بن معبد الأسدی، ر:18023، 6/292، بتغیر ما.

ترجمہ: حضرتِ نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، اور آپ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نیکی حسنِ اخلاق (کا نام ہے)، اور گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے، اور تم اس بات میں کراہت محسوس کرو کہ لوگ اس پر مطلع ہوں۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اور حضرتِ وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تو نیکی اور گناہ کے بارے میں سوال کرنے آیا ہے؟ تو میں نے عرض کی جی ہاں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنے دل سے فتوی پوچھ، نیکی وہ ہے جس سے تیرا نفس اور دل مطمئن ہو اور برائی وہ ہے جو تیرے نفس میں کھٹکے اور سینے میں تردد (شک) پیدا کرے، اگرچہ لوگ تجھے (اس کے جواز کا) فتوی دیتے ہوں، اگرچہ لوگ تجھے (اس کے جواز کا) فتوی دیتے ہوں۔ یہ حدیث حسن کے درجہ کی ہے۔ اس حدیث کو امام احمد بن حنبل اور امام دارمی نے اپنی اپنی مسند میں اسنادِ حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

آپ کا نسب یہ ہے نواس بن سمعان بن خالد بن عبد اللہ بن ابو بکر بن کلاب بن ربیعہ کلابی، آپ کے والد سمعان نبی ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو نبی ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی اور آپ کو اپنی نعلین شریفین عطا فرمائی، آپ کا نام وابصہ بن معبد بن مالک بن عبید اسدی ہے، آپ قبیلۂ بنو اسد بن خزیمہ سے ہیں، آپ کی کنیت ابو شداد ہے، آپ نے کوفہ میں سکونت اختیار کی پھر رقہ منتقل ہو گئے اور وہیں ساٹھ ہجری میں وفات پائی، آپ سے امام ابو داؤد اور امام ترمذی اور امام ابنِ ماجہ نے حدیث کی روایت کیا ہے۔

الْحَدِيْثُ الثَّامِنُ وَّالْعِشْرُوْنَ

عَنْ أَبِي نَجِيحٍ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: وَعَظَنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ مَوْعِظَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ. فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ

كَأَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَأَوْصِنَا، قَالَ: أُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَإِنْ تَأَمَّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرَى اخْتِلافاً كَثِيْراً؛ فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُوْرِ فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمَذِيُّ۔ وَقَالَ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

"سنن أبي داود"، كتاب السنة، باب لزوم السنة، ر:4607، 4/267. "سنن الترمذي"، كتاب العلم، باب ماجاء في الأخذ في السنة...إلخ، ر:2685، 4/308.

ترجمہ: حضرتِ ابو نجیح عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے (ایک روز) ہمیں ایسا وعظ ارشاد فرمایا جس سے ہمارے دل دہل گئے اور آنکھیں بھیگ گئیں، پس ہم نے عرض کی اے اللہ کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم آپ کا وعظ کسی الوداع کہنے والے شخص کے وعظ کی طرح ہے، لہٰذا آپ ہمیں کچھ اور نصیحت کیجئے، ارشاد فرمایا، میں تمہیں اللہ سے ڈرنے کی نصیحت کرتا ہوں اور سمع و طاعت (سننے اور اطاعت کرنے) کی نصیحت کرتا ہوں، اگرچہ تمہارے اوپر کوئی غلام ہی امیر بن جائے، اور تم میں سے جو لمبی عمر پائے گا وہ عنقریب بہت سے اختلاف دیکھے گا، پس تم پر میری سنت اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت پر عمل کرنا واجب و لازم ہے، اس (سنت) کو اپنے داڑھوں کے ذریعہ مضبوطی سے پکڑے رہنا، خبردار! (دین میں) نئے کاموں سے بچنا، کہ بے شک ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ اس حدیث کو امام ابو داؤد اور امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

آپ صحابی ہیں، آپ کے والد ساریہ کی کنیت ابو نجیح تھی، حضرت عرباض اصحاب صفہ میں سے ہیں، شوقِ الٰہی اور خوفِ الٰہی اپنے دل میں بہت رکھتے تھے، شام میں قیام کیا اور ۷۵ھ میں وہیں وفات پائی، آپ سے ۱۳ احادیث مروی ہیں، حمّص میں آپ کا مزار ہے۔ (مراۃ۔ جلد۔ ۱۔ ص۲۶۱)

اَلْحَدِيْثُ التَّاسِعُ وَّالْعِشْرُوْنَ

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قُلتُ يَا رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَخْبِرْنِی بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِی الْجَنَّةَ وَيُبَاعِدُنِی مِنَ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْ عَظِيْمٍ وَإِنَّهُ لَيَسِيْرٌ عَلٰى مَنْ يَسَّرَهُ اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ: تَعْبُدُ اللهَ لاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئاً، وَتُقِيْمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤتِى الزَّكَاةَ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ، وَتَحُجُّ البَيْتَ. ثُمَّ قَالَ: أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَى أَبْوَابِ الخَيْرِ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيْئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ، وَصَلَاةُ الرَّجُلِ فِی جَوْفِ اللَّيْلِ ثُمَّ تَلا ﴿تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾ السجدة: 16. حَتّٰى بَلَغَ ﴿يَعْمَلُوْنَ﴾ السجدة: 17. ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِرَأْسِ الأَمْرِ وَعَمُوْدِهِ وَذِرْوَةِ سَنَامِهِ؟ قُلْتُ: بَلٰى يَا رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قَالَ: رَأْسُ الأَمْرِ الْإِسْلامُ وَعَمُوْدُهُ الصَّلَاةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِمِلَاكِ ذٰلِكَ كُلِّهِ؟ قُلْتُ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. فَأَخَذَ بِلِسَانِهِ وَقَالَ: كُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا. قُلْتُ يَا نَبِیَّ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُوْنَ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ؟ فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ. وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِی النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ أَوْ قَالَ: عَلٰى مَنَاخِرِهِم إِلاَّ حَصَائِدُ أَلسِنَتِهِمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمَذِیُّ وَقَالَ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ

صَحِیْحٌ. "سنن الترمذی"، کتاب الإیمان عن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم، باب ماجاء فی حرمت الصلاۃ، ر:2625، 4/280.

ترجمہ: حضرتِ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا کہ میں عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ آپ مجھے ایسے عمل کی خبر دیں (بتائیں) جو مجھے جنت میں داخل کر دے اور مجھے جہنم سے دور کر دے، ارشاد فرمایا تم نے بہت بڑے امر کے بارے میں سوال کیا ہے، اور بے شک یہ اس شخص کے لئے آسان ہے جس کے لئے اللہ تعالی اسے آسان کر دے، تو اللہ کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرا، اور نماز ادا کر، اور زکوۃ ادا کر، اور ماہِ رمضان کے روزے رکھ، اور بیت اللہ کا حج کر، پھر فرمایا کیا میں تمہیں خیر کے دروازوں سے مطلع نہ کروں؟ روزہ ڈھال ہے، اور صدقہ گناہوں کو اس طرح مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتا ہے، درمیانی رات میں آدمی کا نماز پڑھنا، پھر نبی ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ السجدۃ: 16. (ان کے پہلو بستروں سے جدا رہتے ہیں) یہاں تک کہ آپ آیت کے آخر یَعْمَلُوْنَ، السجدۃ: 17. تک پہنچ گئے، پھر ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں کام کے سر اور کام کے عمود اور اس کے بلند کوہان کے بارے میں نہ بتاؤں؟ میں عرض کی کیوں نہیں اے اللہ کے رسول ﷺ، تو آپ ﷺ اپنی مبارک زبان کو پکڑا اور فرمایا اس کو اپنے اوپر روک لو، میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی ﷺ ہم جو کچھ اس زبان سے بولتے ہیں کیا پر مواخذہ ہو گا؟ ارشاد فرمایا اے معاذ! تیری ماں تجھے کھوئے، لوگوں کو ان کے منہ کے بل یا فرمایا ان کے ناک کے بل جہنم میں نہیں گرایا جائے گا مگر ان کی زبانوں کی کھیتی (کے سبب)۔ اس حدیث کو امامِ ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

آپ معاذ بن جبل انصاری خزرجی، کنیت ابو عبد اللہ ہے، بیعت عقبہ کرنے والے ستّر انصار میں آپ بھی تھے، بدر اور تمام غزوات میں حضور کے ساتھ رہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یمن کا گورنر بنایا، عمر فاروق نے شام کا حاکم مقرر کیا، طاعون عمواس میں بعمر ۳۸ سال آپ کی وفات ہوئی، شام میں قبر شریف ہے، آپ کے فضائل بے حد و بے شمار ہیں۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص۹۵)

اَلْحَدِیْثُ الثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیّ جُرْثُوْمِ بْنِ نَاشِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ قَالَ إِنَّ اللّٰہَ فَرَضَ فَرَائِضَ فَلَا تُضَیِّعُوْھَا، وَحَدَّ حُدُوْداً فَلَا تَعْتَدُوْھَا وَحَرَّمَ أَشْیَاءَ فَلَا تَنْتَھِکُوْھَا، وَسَکَتَ عَنْ أَشْیَاءَ رَحْمَةً لَکُمْ غَیْرَ نِسْیَانٍ فَلَا تَبْحَثُوْا عَنْھَا۔ حَدِیْثٌ حَسَنٌ رَوَاہُ الدَّارُقُطْنِیُّ۔ وَغَیْرُہٗ. "سنن الدارقطنی"، کتاب الرضاع، ر:4350، 4/217.

ترجمہ: ابو ثعلبہ خشنی جرثوم بن ناشر رضی اللہ عنہ سے روایت، آپ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالی نے فرائض کو لازم قرار دے دیا ہے تو تم ان کو ضائع نہ کرو، اور حدود کا تعین کر دیا ہے تو تم ان سے تجاوز نہ کرو، اور بعض اشیاء کو حرام کر دیا ہے تو تم ان کی بے حرمتی نہ کرو، اور بعض اشیاء کے بارے میں سکوت فرمایا ہے (اور یہ سکوت کرنا) تمہارے لئے رحمت سے ہے نہ کی بھول کر، پس ان کے بارے میں بحث نہ کرو (ان کو کریدو مت)۔ یہ حدیث حسن ہے، اور اس کو دار قطنی اور ان کے علاوہ دیگر محدثین نے بھی روایت کی ہے۔

حضرتِ ابو ثعلبہ خشنی جرثوم بن ناشر رضی اللہ عنہ مشہور صحابہ میں سے ہیں، بیعتِ رضوان میں ان کی حاضری رہی، ان کی وفات ۹۵ سال کی عمر میں بمقام ملکِ شام میں ہوئی، ان سے نبی ﷺ کی چالیس احادیث مروی ہیں۔

اَلْحَدِیْثُ الْحَادِیْ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِی الْعَبَّاسِ سَعْدِ بْنِ سَھْلٍ السَّاعِدِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَی النَّبِیِّ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: دُلَّنِي عَلٰى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ أَحَبَّنِي اللّٰهُ، وَأَحَبَّنِي النَاسُ؟ فَقَالَ اِزْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللّٰهُ، وَازْهَدْ فِيْمَا عِنْدَ النَّاسِ يُحِبَّكَ النَّاسُ- حَدِيْثٌ حَسَنٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه- وَغَيْرُهُ بِأَسَانِيْدَ حَسَنَةٍ۔ "سنن ابن ماجہ"، کتاب الزھد، باب الزھد فی الدنیا، ر:4102، 4/422.

ترجمہ: حضرتِ ابو عباس سعد بن سہل ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا ایک شخص نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، اے اللہ کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مجھے ایسے عمل کی راہنمائی فرمائے کہ جب میں اس پر عمل کروں تو اللہ تعالی مجھ سے محبت کرے اور لوگ بھی مجھ سے محبت کریں؟ پس رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا تو دنیا سے بے پرواہو جا اللہ تعالی تجھ سے محبت کرے گا، اور اس چیز سے بے نیاز ہو جا جو لوگوں کے پاس ہے تو لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس کو ابنِ ماجہ اور ان کے علاوہ دیگر محدثین نے بھی باسنادِ حسن اس کی روایت کی ہے۔

آپ ساعدی ہیں، انصاری ہیں، آپ کا نام پہلے حزن تھا، حضور نے سہل رکھا، کنیت ابو العباس یا ابو یحیی ہے، خود بھی صحابی اور والد ماجد بھی صحابی ہیں، حضور کی وفات کے وقت آپ کی عمر پندرہ سال تھی، ۹۱ ہجری میں مدینہ منورہ میں وفات پائی، مدینہ طیبہ میں سب سے آخری صحابی آپ ہی ہیں کہ ان کی وفات سے مدینہ طیّبہ صحابہ سے خالی ہو گیا، آپ سے ۱۸۸ حدیثیں مروی ہیں۔

اَلْحَدِيْثُ الثَّانِيْ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ- حَدِيْثٌ حَسَنٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه، وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَغَيْرُهُمَا مُسْنَداً، وَرَوَاهُ مَالِكٌ فِي الْمُوَطَّأِ مُرْسَلاً عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَأَسْقَطَ أَبَا سَعِيْدٍ، وَلَهُ طُرُقٌ يُقَوِّيْ بَعْضُهَا بَعْضاً.

"سنن ابن ماجہ"، کتاب الاحکام، باب من بنی فی حقہ مایضر بجارہ، ر:2340، 3/106.

ترجمہ: حضرتِ ابو سعید سعد بن مالک بن سنان خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا نہ نقصان اٹھاؤ اور نہ کسی کو نقصان پہنچاؤ۔ یہ حدیث حسن ہے، اور اس کو ابنِ ماجہ اور دار قطنی اور ان کے علاوہ دیگر محدثین نے بھی اپنی مسند میں روایت کی ہے، اور امامِ مالک رضی اللہ عنہ نے موطا میں عمرو بن یحیٰ سے اور یہ اپنے والد سے اور وہ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے مرسلاً روایت کیا ہے اور ابو سعید (راوی) کو چھوڑ دیا ہے، اور اس روایت کی بعض دوسری سندیں بھی ہیں جو ایک دوسرے کو تقویت دیتی ہیں۔

آپ کا نام شریف سعد ابن مالک انصاری ہے، خدرہ انصار کا ایک قبیلہ ہے جس کی طرف آپ کی نسبت ہے، بڑے عالم، احادیث کے ماہر صحابی ہیں، غزوہ خندق اور بارہ غزووں میں آپ حضور کے ساتھ شریک رہے، آپ نے چوراسی سال کی عمر پاکر ۶۴ھ میں وفات پائی، جنت البقیع میں مدفون ہیں، فقیر نے بھی قبر انور کی زیارت کی ہے، آپ سے ۱۱۷۰ حدیثیں مروی ہیں۔ (مراۃ۔ جلد۔ ا۔ ص۵۶)

اَلْحَدِیْثُ الثَّالِثُ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم قَالَ لَوْ یُعْطَی النَّاسُ بِدَعْوَاھِمْ لَادَّعَی رِجَالٌ أَمْوَالَ قَوْمٍ وَدِمَاءَ ھُمْ، وَلٰکِنَّ الْبَیِّنَةَ عَلَی الْمُدَّعِی، وَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَنْ أَنْکَرَ۔ حَدِیْثٌ حَسَنٌ رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ وَغَیْرُہٗ ھٰکَذَا وَبَعْضُہٗ فِی الصَّحِیْحَیْنِ۔ "سنن البیھقی الکبری"، کتاب الدعوی والبینات، باب البینۃ علی المدعی، ر:21201، 10/427. "سنن ابن ماجہ"، کتاب الأحکام، باب البینۃ علی المدعی...إلخ، ر:2321، 3/96. "صحیح البخاری"، تفسیر سورۃ آل عمران، باب قولہ تعالی: إن الذین یشترون بعھد اللہ، ر:4552، 4/190. "صحیح مسلم"، کتاب الأقضیۃ، باب الیمین علی مدعی علیہ، ر:1711، ص:941

ترجمہ: حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا اگر لوگوں کو ان کے دعوی کے مطابق دیا جائے تو ضرور لوگ قوم کے اموال اور ان کے خون کا دعوی کریں گے، لیکن مدعی پر دلیل ہے اور قسم اس پر ہے جو انکار کرے (مدعی علیہ)۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس کو بیہقی نے اور ان کے علاوہ نے بھی ایسے ہی روایت کیا ہے اور اس حدیث کے بعض کلمات صحیحین میں بھی ہیں۔

اَلْحَدِيْثُ الرَّابِعُ وَّ الثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَراً فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الْإِيْمَانِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

" صحیح مسلم "، کتاب الایمان، باب بیان قوم النھی عن المنکر من الایمان الخ، ر:49، ص44.

ترجمہ: حضرتِ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا تم میں سے جو شخص برائی ہوتے دیکھے تو اسے چاہئے کہ وہ اسے اپنے ہاتھ سے بدل دے، پس اگر وہ اس کی استطاعت نہ رکھے تو اپنی زبان سے (اس برائی کو روکے)، اور اگر (اس کی بھی) استطاعت نہ ہو تو اپنے دل سے (اسے برا جانے)، اور یہ کمزور ترین ایمان (کی نشانی) ہے۔ اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ الْخَامِسُ وَّ الثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَنَاجَشُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللهِ إِخْوَاناً، الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ، وَلَا يَخْذُلُهُ وَلَا يَكْذِبُهُ، وَلَا يَحْقِرُهُ، التَّقْوٰى هَاهُنَا ـ وَيُشِيْرُ إِلٰى صَدْرِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ـ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِ أَن يَحْقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

" صحیح مسلم "، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب تحریم ظلم المسلم وخذلہ واحتقارہ...إلخ، ر:2564، ص1386.

ترجمہ: حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، اور (دوسرے مسلمان کو پھنسانے کی غرض سے) چیزوں کے دام نہ بڑھاؤ، اور ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، اور ایک دوسرے کی پیٹھ پیچھے برائی نہ کرو، تم میں سے بعض بعض کی بیع پر بیع نہ کرے، اور اللہ کے بندو آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ، کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس پر نہ ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو تنہا چھوڑتا ہے اور نہ اس سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اس کو حقیر جانتا ہے، تقوی یہاں ہے اور آپ ﷺ نے تین مرتبہ اپنے سینہ کی جانب اشارہ فرمایا، آدمی کے برا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر (اپنے سے کمتر) جانے، ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کا خون اور اس کا مال اور اس کی عزت و آبرو حرام ہے۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ السَّادِسُ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَومِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيْهِ، وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقاً يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْماً سَهَّلَ اللهُ لَهُ بِهِ طَرِيْقاً إِلَى الْجَنَّةِ، وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ اللهِ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهُ بَيْنَهُمْ إِلاَّ نَزَلَتْ عَلَيْهِمِ السَّكِيْنَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ

الْمَلَائِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيْمَنْ عِنْدَهُ وَمَنْ بَطَّأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ بِهٰذَا اللَّفْظِ. "صحیح مسلم"، کتاب الذکر والدعاء والتوبة...الخ، باب فضل الاجتماع علی تلاوة القرآن وعلی الذکر، ر:2699، ص1447.

ترجمہ: حضرتِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت اور یہ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا جس نے کسی مؤمن دنیوی تکالیف میں سے کسی تکلیف کو دور کیا تو اللہ تعالی روزِ قیامت کی تکالیف میں سے ایک تکلیف اس سے دور کرے گا، جس نے کسی مشکل میں گھرے شخص پر آسانی کیا تو اللہ تعالی اس پر دنیا اور آخرت میں آسانی کرے گا، اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی تو اللہ تعالی بھی دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائے گا، اور جب تک کوئی بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے تب تک اللہ تعالی اس کی مدد میں رہتا ہے، اور جو شخص ایسے راستہ پر چلا جس میں چل کر وہ علم حاصل کرے تو اللہ تعالی اس کے ذریعہ سے اس کے لئے جنت کا راستہ آسان فرمادیتا ہے، اور جو قوم اللہ تعالی کے گھروں میں سے کسی گھر (مسجد) میں جمع ہوئی تاکہ وہ اللہ تعالی کی کتاب کی تلاوت کریں اور اسے ایک دوسرے کو پڑھائیں تو ان پر سکینہ نازل فهوتا ہے اور رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے، اور فرشتیں ان کے گرد گھیرا ڈال لیتے ہیں اور اللہ تعالی ان کا ذکر ان میں کرتا ہے جو اس کے پاس ہوتے ہیں، اور جس کا عمل اس کو پیچھے کر دے اس کا نسب اسے آگے نہیں کر سکتا۔ اس حدیث کو امامِ مسلم نے ان لفظوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ السَّابِعُ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ اللهَ كَتَبَ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ ثُمَّ بَيَّنَ ذٰلِكَ؛ فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً، وَإِنْ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللهُ عِنْدَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ إِلَى أَضْعَافٍ كَثِيْرَةٍ. وَإِنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً، وَإِنْ هُمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللهُ سَيِّئَةً وَاحِدَةً۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ فِى صَحِيْحَيْهِمَا بِهٰذِهِ الْحُرُوْفِ. "صحیح البخاری"، کتاب الرقاق، باب من ھم بحسنة أو بسیءة، ر:6491، 4/244. "صحیح مسلم"، کتاب الإیمان، باب إذا ھم العبد بحسنة کتبت...إلخ، ر:131، ص80.

ترجمہ: حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اور یہ نبی ﷺ سے روایت اس میں کرتے ہیں جس کی روایت نبی ﷺ اپنے رب تعالی سے کرتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالی نے نیکیاں اور برائیاں لکھی ہیں پھر اس کو بیان فرمایا، کہ جس نے کسی نیکی کا ارادہ کیا لیکن اس پر عمل نہیں کیا تو اللہ تعالی اس کو اپنے یہاں ایک مکمل نیکی لکھ لیتا ہے، اور اگر اس نے کسی نیکی کا ارادہ کیا اور اس پر عمل بھی کر لیا تو اللہ تعالی اس کو اپنے یہاں دس سے سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کئی گنا نیکیاں لکھ لیتا ہے، اور اگر وہ کسی برائی کا ارادہ کرتا ہے لیکن اس پر عمل نہیں کرتا تو اللہ تعالی اس کو اپنے یہاں ایک کامل نیکی لکھتا ہے، اور اگر اس نے برائی کا ارادہ کیا اور اس برائی کو کر بھی لیا تو اللہ تعالی اس کو ایک ہی برائی لکھتا ہے۔ اس حدیث کو امامِ بخاری اور امامِ مسلم نے ان حروف کے ساتھ اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ الثَّامِنُ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنَّ اللهَ تَعَالىٰ قَالَ: مَنْ

عَادٰی لِی وَلِیًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ. وَمَا تَقَرَّبَ إِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ أَحَبَّ إِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُهُ عَلَیْهِ. وَلَایَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ إِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ، وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ، وَیَدَهُ الَّتِی یَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِی یَمْشِیْ بِهَا. وَلَئِنْ سَأَلَنِیْ لَأُعْطِیَنَّهُ، وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِیْ لَأُعِیْذَنَّهُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ۔ "صحیح البخاری"،کتاب الرقاق،باب التواضع،ر:6502،4/248.

ترجمہ: حضرتِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا جس نے میرے کسی دوست سے دشمنی کی تو میں اس کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیتا ہوں،اور میرا بندہ جن چیزوں کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرتا ہے ان میں میرے عائد کردہ فرائض سے بڑھ کر کوئی چیز مجھے محبوب نہیں، اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرتا رہتاہییہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں، اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو اس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے،اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے،اور اس کی ٹانگ بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے،اب اگر وہ مجھ سے سوال کرے گا تو میں ضرور اس کو عطا کروں گا، اور اگر وہ مجھ سے پناہ چاہے تو میں ضرور اس کو پناہ دوں گا۔ اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِیْثُ التَّاسِعُ وَّالثَّلَاثُوْنَ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِیْ عَنْ أُمَّتِی الْخَطَأَ وَالنِّسْیَانَ وَمَا اسْتُکْرِهُوْا عَلَیْهِ۔ حَدِیْثٌ حَسَنٌ رَوَاهُ ابْنُ

مَاجَه۔ وَالْبَيْهَقِيُّ۔ وَغَيْرُهُمَا.

" صحیح ابن ماجہ "، کتاب الطلاق، باب طلاق المکرہ والناسی، ر:2045، 2/ 513. "سنن الکبری للبیہقی"، کتاب الخلع والطلاق، باب ماجاء فی طلاق المکرہ...إلخ، ر:15096، 7/ 584.

ترجمہ: حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالی نے میری خاطر میری امت سے خطا، بھول چوک اور مجبوری کے عالم میں کئے گئے کاموں سے درگزر فرمائی ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس کو ابنِ ماجہ اور بیہقی اور ان دونوں کے علاوہ نے بھی روایت کیا ہے۔

اَلْحَدِيْثُ الْأَرْبَعُوْنَ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: أَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِمَنْكِبِيَّ فَقَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ: إِذَا أَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ، وَإِذَا أَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ . وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ، وَمِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ، رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ۔ " صحیح البخاری"، کتاب الرقاق، باب قول النبی: کن فی الدنیا کانک غریب...إلخ، ر:6416، 4/ 223.

ترجمہ: حضرتِ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے دونوں کنڈھوں کو پکڑا اور فرمایا دنیا میں اس طرح ہو جا گویا کہ تو پردیسی ہو یا راہ چلتا مسافر، اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے جب تو شام کرلے تو صبح کا انتظار نہ کر، اور جب صبح کرلے تو شام کا انتظار نہ کر، اور اپنی بیماری سے پہلے اپنی صحت کو غنیمت جان، اور اپنی موت سے پہلے اپنی زندگی کو غنیمت جان۔ اس حدیث کو امامِ بخاری نے روایت کیا ہے۔

الْحَدِيْثُ الْحَادِي وَالْأَرْبَعُوْنَ

عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللهِ بْنِ عمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ الله عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبَعاً لِمَا جِئْتُ بِهٖ۔حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ رَوَيْنَاهُ فِي كِتَابِ الحُجَّةِ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

"نوادر الأصول فی أحادیث الرسول"، الأصل الثامن والسبعون والمائتان، 4/164.

ترجمہ: حضرتِ ابو محمد عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی خواہش میری لائی ہوئی شریعت کے تابع نہ ہو جائے۔یہ حدیث حسن صحیح ہے، اور ہم نے اس کو کتاب الحجۃ میں صحیح اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

الْحَدِيْثُ الثَّانِيْ وَّالْأَرْبَعُوْنَ

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ اللهُ تَعَالٰى يَا ابْنَ آدَمَ إِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ مِنْكَ وَلَا أُبَالِيْ، يَا ابْنَ آدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ، يَا ابْنَ آدَمَ إِنَّكَ لَوْ أَتَيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْأَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئاً لَأَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. "سنن الترمذی"، کتاب الدعوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم، باب فی فضل التوبۃ والاستغفار...إلخ، ر:3551، 5/319.

ترجمہ: حضرتِ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالی نے فرمایا اے ابنِ آدم جب تک تو مجھے پکارتا رہے گا اور مجھ سے امید رکھے گا تب تک میں تیرے گناہوں کو بخشتا رہوں گا، اور مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں، اے ابنِ آدم! اگر تیرے گناہ آسمان کی بلندی تک پہنچ جائیں پھر تو مجھ سے مغفرت طلب کرے تو میں تجھ کو بخش دوں گا، اے ابنِ آدم! اگر تو میرے پاس زمین کی وسعت کے برابر خطائیں لے کر آئے پھر تو مجھ سے اس حال میں ملاقات کرے کہ تو نے میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرایا تو میں اتنی ہی مغفرت لے کر تیرے پاس آؤں گا۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

اس کتاب کی عربی عبارت اور اس کے اردو ترجمہ کی ابتداء ۷ مئی ۲۰۱۶ء، بمطابق ۲۹ رجب المرجب ۱۴۳۷ھ بروز ہفتہ کو کی تھی اور الحمد للہ عزوجل محنتِ شاقہ سے ۱۴ دن کے بعد ۲۰ مئی ۲۰۱۶ء بمطابق ۱۲ شعبان المعظم ۱۴۳۷ھ بروز جمعۃ المبارک کے صبح کے ٹھیک ۱۰ بجے مکمل ہو گئی۔ بحمدہ تعالی۔

محمد شفیق عطاری المدنی۔ جامعۃ المدینہ فیضانِ صدّیقِ اکبر آگرہ۔

فهرس المصادر

ـ الإحسان بترتيب صحيح ابن حبان، محمد بن حبان التميمي ﴿ت354ھ﴾، ترتيب الأمير علاء الدين الفارسي ﴿ت739ھ﴾، تحقيق كمال يوسف الحون، بيروت: دار الكتب العلمية، 1996م، ط2.

ـإحیاء علوم الدین، الإمام محمد بن محمد الغزالی (ت505ھ)، تحقیق عبد المعطی أمین قلعجی، بیروت: دار صادر، 2000م، ظ1.

ـ أدب الدین والدنیا، أبی الحسن الماوَردی (ت450ھ)، تحقیق محمد کریم راجح بیروت: دار اقرأ، 1985م، ط4.

ـ تفسیر البغوی، الإمام الحسین بن مسعود البغوی (ت516ھ)، بیروت: دار الکتب العلمیة، 1993م، ط1.

ـحلیة الأولیاء وطبقات الأصفیاء، الإمام أبو نعیم أحمد بن عبد الله الأصفهانی (ت430ھ)، تحقیق مصطفی عبد القادر عطا، بیروت: دار الکتب العلمیة، 1997م، ط1.

ـ سنن ابن ماجه، الإمام محمد بن یزید ابن ماجه (ت275ھ)، تحقیق الشیخ خلیل مأمون شیحا، بیروت: دار المعرفة، 2000م، ط2.

ـ سنن أبی داود، الإمام أبی داود السجستانی (ت275ھ)، تحقیق محمد عدنان بن یاسین درویش، بیروت: دار إحیاء التراث العربی، 2001م، ط1.

ـ سنن الترمذی، الإمام أبو عیسی محمد بن عیسی (ت279ھ)، تحقیق صدقی محمد جمیل العطار، بیروت: دار الفکر، 1994م، ط1.

ـ سنن الدارقطنی، الإمام الکبیر علی بن عمر الدارقطنی (ت385ھ)، ملتان: نشر السنة.

ـ سنن الکبری، الإمام أحمد بن شعیب النسائی (ت303ھ)، تحقیق د.عبد الغفار وسید کسروی حسن، بیروت: دار الکتب العلمیة، 1991م، ط1.

ـ سنن الکبری، الإمام أبو بکر أحمد بن الحسین البیهقی (ت458ھ)، تحقیق محمد عبد القادر عطا، بیروت: دار الکتب العلمیة، 2003م، ط3.

ـ سنن النسائی، أحمد بن شعیب النسائی ﴿ت303ﮬ﴾، بیروت: دار الجیل.

ـ شعب الإیمان، الإمام أبوبکر أحمد بن الحسین البیهقی ﴿ت458ﮬ﴾، تحقیق محمد السعید زغلول، بیروت: دار الکتب العلمیة، 2000م، ط1.

ـ صحیح ابن خزیمة، الإمام محمد بن إسحاق بن خزیمة ﴿ت311ﮬ﴾، تحقیق د. محمد مصطفی أعظمی، بیروت: المکتب الإسلامی، 1992م، ط2.

ـ صحیح البخاری بحاشیة الإمام السندی، الإمام محمد بن إسماعیل البخاری ﴿ت256ﮬ﴾، بیروت: دار الکتب العلمیة، 1998م، ط1.

ـ صحیح مسلم، الإمام مسلم بن الحجاج ﴿ت261ﮬ﴾، بیروت: دار ابن حزم، 1998م، ط1.

ـ العلل المتناهیة فی الأحادیث الواهیة، الإمام ابن الجوزی ﴿ت597ﮬ﴾، تحقیق الشیخ خلیل المیس، بیروت: دار الکتب العلمیة، 2003م، ط2.

ـ فتح الباری شرح صحیح البخاری، الحافظ ابن حجر العسقلانی ﴿ت852ﮬ﴾، تحقیق محمد فؤاد عبد الباقی، بیروت: دار الکتب العلمیة، 2004م، ط1.

ـ فردوس الأخبار بمأثور الخطاب المخرج علی کتاب الشهاب، الحافظ أبو شجاع شیرویه بن شهردار الدیلمی ﴿ت509ﮬ﴾، بیروت: دار الفکر، 1997م، ط1.

ـ الفقیه والمتفقه، أحمد بن علی أبوبکر الخطیب البغدادی ﴿ت463ﮬ﴾، تحقیق عادل بن یوسف العزازی، السعودیة: دار ابن جوزی، 1996م، ط1.

ـ کشف الخفاء ومزیل الإلباس عما اشتهر من الأحادیث علی ألسنة الناس، الإمام إسماعیل بن محمد العجلونی ﴿ت1162ﮬ﴾، تحقیق الشیخ محمد عبد العزیز الخالدی، بیروت: دار الکتب العلمیة، 2001م.

ـ مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، الحافظ علی بن أبی بکر الهیثمی ﴿ت807ھ﴾، تحقیق عبد اللہ محمد درویش، بیروت: دار الفکر، 2000م، ط1.

ـ مرقاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، الملا علی القاری ﴿ت1014ھ﴾، تحقیق صدقی محمد جمیل العطار، بیروت: دار الفکر، 1994م، ط1.

ـ المستدرک علی الصحیحین، الإمام عبد اللہ الحاکم النیسابوری ﴿ت405ھ﴾، بیروت: دار المعرفة، 1998م، ط1.

ـ المسند، الإمام أحمد بن حنبل ﴿ت241ھ﴾، تحقیق صدقی جمیل العطار، بیروت: دار الفکر، 1994م، ط2.

ـ المصنف فی الأحادیث والآثار، الإمام عبد اللہ بن أبی شیبة ﴿ت235ھ﴾، تحقیق سعید محمد اللحام، بیروت: دار الفکر، 1994م.

ـ المعجم الأوسط، الإمام سلیمان بن أحمد الطبرانی ﴿ت360ھ﴾، بیروت: دار الکتب العلمیة، 1999م، ط1.

ـ میزان الاعتدال فی نقد الرجال، الإمام محمد بن أحمد الذهبی ﴿ت748ھ﴾، تحقیق صدقی جمیل العطار، بیروت: دار الفکر، 1999م.

ـ نوادر الأصول فی أحادیث الرسول، الحکیم الترمذی ﴿ت نحو320ھ﴾، بیروت: دار الجیل، تحقیق د.عبد الرحمن عمیرة، 1992م، ط1.